# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday, the February 13, 2026
(358th Session)
Volume XIV, No.07
(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume XIV | SP.XIV (07)/2026 |
| No.07 | 15 |

# Contents


1. Announcement by the Acting Secretary regarding Presiding Officer ........ 1
2. Recitation from the Holy Quran ........ 2
3. Leave of Absence ........ 20
4. Motion under Rule 263 moved by Senator Aon Abbas regarding dispensation of Rules ........ 21
   - Senator Rana Sanaullah Khan ........ 26
   - Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition ........ 29
   - Senator Kamran Murtaza ........ 33
   - Senator Faisal Javed ........ 37
5. Consideration and Passage of [The Cannabis Control and Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2026]41
6. Consideration and Passage of [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026] ........ 43
7. Consideration and Passage of [The National Archives (Amendment) Bill, 2026] ........ 45
8. Consideration and Passage of [The Naya Pakistan Housing and Development Authority (Amendment) Bill, 2026] ........ 46
9. Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2026]48
10. Consideration and Passage of [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2026] 49
11. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion moved by Senator Umer Farooq regarding misconduct of Chief Secretary, Home Secretary, IGP Balochistan and Commissioner Quetta ........ 52
12. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion moved by Senator Abdul Shakoor Khan regarding misconduct of Director Land, CDA and Chairman, CDA ........ 52
13. Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on the proposed amendment in Rule 209 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 ........ 53
14. Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion regarding misconduct of Acting Vice Chancellor of Quaid-e-Azam, University (QAU), Islamabad ........ 53
15. Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding digital/online measures adopted/ being adopted by the PMDC to facilitate the registration of foreign qualified doctors54
16. Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding non-transmission of lab reports to patients online by the Federal Government Hospitals in Islamabad despite being facilitated by the internet and other requisite facilities ........ 54
17. Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding handing over 23 operations of three Pakistani International Airports to a foreign country ........ 55
18. Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding increasing in Pakistan as compared to other Asian countries ........ 55
19. Presentation of report of Functional Committee on Government Assurances in response to a Starred Question No. 228, asked by Senator Muhammad Talha Mahmood, regarding financial assistance from Government of China for the construction of international airport in Gwadar ........ 56
   - Senator Muhammad Azam Khan Swati ........ 57
   - Senator Mohsin Aziz ........ 58
20. Introduction of [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026] ........ 60
   - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ........ 60
   - Senator Dost Muhammad Khan ........ 62
   - Senator Pervaiz Rashid ........ 63
   - Senator Abdul Shakoor Khan ........ 67
   - Senator Abdul Wasay ........ 71

21. Point of public importance raised by Senator Hidayat Ullah Khan regarding issues faced by students stuck in Afghanistan due to visa expiry; and their registration by the PMDC ........ 73
- Senator Fawzia Arshad ........ 74
- Senator Nasir Mehmood ........ 76
- Senator Mashal Azam ........ 78
- Senator Zeeshan Khan Zada ........ 80
- Senator Gurdeep Singh ........ 82
- Senator Ali Zafar ........ 84

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the February 13, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at eleven in the morning.

--------------

**Announcement by the Acting Secretary regarding Presiding Officer**

Mr. Acting Secretary: I request all the members to kindly be seated. I have to make an announcement. It is for information of the House that the Honourable Chairman, Deputy Chairman and the members on the panel of Presiding Officers are not available. Therefore, in terms of sub-rule 2 of Rule 14 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, the House may elect by motion one of the members present to preside the sitting. I therefore request Senator Syed Masroor Ahsan to please move the motion.

Senator Syed Masroor Ahsan: It is moved under sub-rule 2 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that in the absence of the Chairman, Deputy Chairman and the members on the Panel of Presiding Officers, the House may elect Senator Shahadat Awan to preside today's sitting of the Senate.

Mr. Acting Secretary: Thank you, sir. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Secretary: The motion is carried, so I now invite Senator Shahadat Awan to preside the today's sitting of the Senate.

*(At this stage, Mr. Presiding Officer Senator Shahadat Awan presided the session)*

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَیُّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۵﴾

ترجمہ : وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو جائے قرار بنایا اور اوپر آسمان کا گنبد بنا دیا۔ جس نے تمہاری صورت بنائی اور بڑی ہی عمدہ بنائی۔ جس نے تمہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا۔ وہی اللہ (جس کے یہ کام ہیں) تمہارا رب ہے۔ بے حساب برکتوں والا ہے وہ کائنات کا رب۔ وہی زندہ ہے۔اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اُسی کو تم پکارو اپنے دین کو اُسی کے لیے خالص کرکے۔ ساری تعریف اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۔

سورۃالمؤمن (آیات ۶۴تا۶۵)

Mr. Presiding Officer: اسلام و علیکم۔ Now we will take up the Question Hour. Question number ...

*(Interruption)*

Mr. Presiding Officer: Leader of Opposition, please.

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب، میری گزارش ہے جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ اس وقت پوری دنیا میں پاکستان کا image بہت برباد اور تباہ ہو رہا ہے کہ ایک شخص جو پاکستان کا سابقہ پرائم منسٹر ہے، اُس کو جان بوجھ کر اور mistreat کیا گیا اور اُس کی آنکھ کی بینائی چلی گئی۔ یہ ہمارے لیے ایک اہم مسئلہ ہے اور ہم نے آج پارلیمنٹ کے باہر دھرنا بھی دینا ہے۔ میں دو چار باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ کے جو بھی business کے rules ہیں، اُن کے Rule 263 کے تحت اس کو suspend کریں اور مجھے بات کرنے کی اجازت دیں اور ہم نے ایک resolution بھی پیش کرنی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ بالکل پرسکون طریقے سے ایوان چلے اور ہم ان شاءاللہ العزیز اس میں ایک role play کریں گے لیکن میری گزارش یہ ہے کہ مجھے بات کرنے دیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، رانا صاحب بھی کچھ کہہ رہے ہیں۔ جی رانا ثناء اللہ خان صاحب۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): جناب چیئرمین، اس موضوع پر ضرور بات کریں اور اُس میں ہمیں بھی سنیں اور ہمارا بھی جو موقف ہے، اُس کو بھی لیں لیکن اگر Question Hour suspend کرنا بھی ہے تو House کی sense لے لیں۔ میرا خیال ہے کہ business میں غالباً کوئی چار یا پانچ Bills ہیں جس میں دس سے پندرہ منٹ لگیں گے تو اگر وہ ہو جائے تو اُس کے بعد جس طرح بھی Leader of the Opposition فرمارہے ہیں تو اُس کے مطابق بات کر لیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چونکہ پورے session میں ایک دن بھی Question Hour نہیں ہو سکا تو جس طریقے سے منسٹر صاحب اور تمام نے agree کیا ہے تو اس پر پہلے بھی بات ہوئی ہے اور آپ کا بالکل حق ہے کہ آپ بات کریں۔ ویسے تو House میں زیادہ تر میرے سوالات تھے اور یہ ہمیشہ سازش ہو جاتی ہے کہ جس دن میرے سوالات ہوتے ہیں تو میں یہاں آ جاتا ہوں۔ تو یہ ویسے ہی جلدی ختم ہو جائے گا۔ جی، جناب قائد حزب اختلاف صاحب۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب، میں آپ کی بات مانتا ہوں لیکن ہمارے جو بزرگان یہاں بیٹھے ہیں یہ گزارش ہے کہ پھر ایسا نہ ہو کہ کورم نامکمل ہو گیا اور ہم جا رہے ہیں۔ ٹھیک ہے۔ تو ان شاءاللہ اگر ایسا ہے تو کر لیں، ہم دس پندرہ منٹ بعد بات کر لیں گے، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ بات چیت کریں اور یہ ایوان چلائیں۔ دس پندرہ منٹ کا مسئلہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش یہ ہے کہ راجہ صاحب جو آپ کہیں گے، ویسا ہی ہو گا لیکن۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عباس صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔ انہوں نے خود کہا ہے کہ تھوڑے سے سوالات ہیں تو وہ پہلے کر لیں۔ Business چلے گا اور جو آپ کہیں گے وہی ہو گا اور بات بھی ہو گی۔ آپ بیٹھ جائیں۔ میری گزارش ہے کہ business کو تھوڑا سا چلنے دیں۔ راجہ صاحب سے بات ہو گئی ہے۔ جیسا کہ Leader of the Opposition *Sahib* نے کہا ہے کہ اس کو تھوڑا سا چلا لیں۔ جی۔ پرویز رشید صاحب۔

سینیٹر پرویز رشید: جو فیصلہ آپ نے کیا ہے اُس کا ہم احترام کرتے ہیں لیکن اِن سے صرف یہ وعدہ لے لیں کہ یہ جب یہ اپنی بات کریں گے تو ہم اِن کی بات سنیں گے اور پھر یہ بھی ہماری بات شور شرابہ اور ہنگامہ کیے بغیر سنیں گے لیکن اگر یہ صرف اپنی بات کریں اور ہماری نہ سنیں تو یہ ناانصافی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پرویز رشید صاحب بات ہونے تو دیں۔ اگر کچھ ایسا ہوا تو پھر دیکھ لیں گے۔

Now question no.53. Question No. 53 is deferred. Question No.54 pertains to me. That is deferred. Question No.23 pertains to me. That is deferred. Question No.26 pertains to me. That is also deferred. Question No.28 also pertains to me. That is deferred. Question No.119. Senator Abdul Shakoor Khan *Sahib*. Any Supplementary Question?

(Q.No.119)

سینیٹر عبدالشکور خان: بہت شکریہ جناب۔ مجھے اپنے سوال کا جواب مل چکا ہے۔ میرا کوئی اور ضمنی سوال نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر دنیش کمار: میرا بھی ایک سوال ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی دنیش صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ منسٹر صاحب! یہ جو آپ نے لکھا ہے کہ آپ نے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر trade zone کے حوالے سے اتنی سہولیات دی ہوئی ہیں اور آخر میں آپ نے لکھا ہے کہ باقی ذمہ داری یعنی ایئرپورٹ پر گودام storage کی سہولت اور کام کرنے کی ذمہ داری Defense Division Aviation پر عائد ہوتی ہے۔ تو یہ کیا اچھا نہیں ہوتا کہ اُن سے پوچھ لیتے کہ اُنہوں نے اپنی کیا ذمہ داری پوری کی ہے؟ دوسری بات میں آپ کے knowledge میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ اتنا بڑا ایئرپورٹ بنایا گیا ہے، مجھے منسٹر صاحب بتائیں کہ آج تک وہاں سے کتنی exports ہوئی ہے اور وہاں سے کتنی imports ہوئی ہے۔ یہ تو یقیناً آپ کے علم میں ہوگا، پلیز بتائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ ، جناب چیئرمین۔ جناب جو سوال پوچھا گیا ہے وہ بنیادی طور پر منسٹری آف پلاننگ کا question ہے اور اس میں جو trade zone کے حوالے سے پوچھا گیا تو اُس میں ساری تفصیل دے دی گئی ہے۔ ابھی جن فاضل سینیٹر صاحب نے یہ سوال پوچھا تھا، اُنہوں نے بھی اُس پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اس میں جو گوادر پورٹ کے ساتھ trade zone بنایا گیا ہے، اُس trade zone کے ساتھ کیا کیا facilities دی گئیں جس میں complete tax holiday ہے، investors کے لیے 23 years and 99 years کی lease options ہیں، import duties کی 100 percent exemptions ہیں۔ اُس کے علاوہ one window facilitation ہے۔ اس کے بعد warehouses ہیں، comprehensive security arrangements ہیں۔ جناب، جو آخری بات یہ کہہ رہے ہیں اور یہ تمام باتیں جو explain کی گئی ہیں، پھر اُس کے بعد خاص طور پر roads کا وہ تمام network بتایا گیا ہے جس میں M-8 ہے، N-35 ہے، N-10 ہے، N-25 ہے جو بلوچستان کے مختلف شہروں کو کراچی کے ساتھ اور گوادر ایئر پورٹ کے ساتھ connect کرتی ہیں۔ یہ ساری highways ہیں۔ اس میں بھی آخری جو وہ N-25 ہے وہ کراچی کو کوئٹہ اور چمن سے ملاتی ہے ، جناب اس کو Pak Expressways کا نام دیا گیا ہے اور ابھی وفاقی حکومت نے اس کے لیے 300 billions rupees مختص کیے ہیں۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ کتنی imports and exports ہو چکی ہیں تو یہ ایک بالکل different subject ہے۔ اس کے لیے انہیں ایک fresh question دینا پڑے گا۔ بہت شکریہ۔

(مداخلت)

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، ان کا جو اپنا سوال یا comment ہے، اُس کے اندر ہی اُس کا جواب بھی موجود ہے کہ roads موجود ہیں اور وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اُس کی حالت ٹھیک نہیں ہے تو یہ ایک الگ بات ہے۔ جناب میں آپ کی بات سے اختلاف نہیں کر رہا ہوں۔ اُس کی جو حالت اچھی ہے یا بری ہے، اس پر تو بحث ہو سکتی ہے لیکن M-8 رتوڈیرو سے گوادر موٹر وے ہے۔ رتوڈیرو سندھ، خضدار، ہوشاب اور گوادر، جناب یہ اس کا route ہے جہاں روڈ موجود ہے۔ اگر وہ کہہ رہے ہیں کہ اس کی حالت ٹھیک نہیں ہے تو ان شاء اللہ ان کا concern ہم concerned authorities کو ضرور بھیجیں گے۔

سینیٹر دنیش کمار: یہ ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے جو بیس سال سے نہیں بن پا رہا۔ پھر یہ یہاں پر آ کر ہمیں بتاتے ہیں کہ جی بلوچستان کے تمام کام ہو رہے ہیں۔ بیس سال سے ونگو کا پانچ کلو میٹر کا area ہے جس کی تصدیق مگسی صاحب جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ منسٹر ہیں، وہ بھی کر سکتے ہیں، وہ حصہ نہیں بن رہا ہے تو خاک ہم گوادر کو connect کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Question No.130 pertains to me. That is deferred.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کیا آپ ضمنی سوال کرنا چاہتے ہیں؟ جی سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: چیئرمین صاحب، میں آپ سب کے زخموں پر نمک نہیں چھڑکنا چاہتا۔۔ (جاری۔۔۔۔T02)

**T02-12Feb2026 Abdul Ghafoor/ED: 11:10 AM**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: چیئرمین صاحب، میں آپ سب کے زخموں پر نمک نہیں چھڑکنا چاہتا۔ میں اجتماعی بات کر رہا ہوں، اپنی بھی بات کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا supplementary ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! یہ supplementary ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، کریں بات۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: حقیقت ہے کہ 1970 کے اندر جب میں Law College میں پڑھ رہا تھا، تو کراچی airport کم از کم اس وقت میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ سو کے قریب جہاز اور دبئی میں پانچ یا دس جہاز کھڑے ہوتے تھے۔ آج وہاں پندرہ سو جہاز کھڑے ہوتے ہیں اور کراچی میں سات آٹھ۔ ہم نے خود اس ملک کے airport کو سب سے بڑے commercial hub کو تباہ کیا۔ اب اتنا بڑا پیسہ خرچ کرنے کے بعد، یہاں بلوچستان کے میرے دوست ہیں کہ گوادر کتنا important ہے اور وہاں پر جو facility ہے اس کا ذرا اندازہ آپ لگا لیں، یہ ہوتا ہے political۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سواتی صاحب question کیجئے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ جب تک سیاسی حالات بلوچستان کے صحیح نہیں ہوں گے، جب تک سیاسی استحکام نہیں آئے گا business کبھی کسی ملک میں نہیں چل سکتا۔ اس کے لئے کیا کر رہے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ انہوں نے کراچی airport کے حوالے سے بات کی ہے، ظاہر ہے کوئی آج کی بات نہیں ہے۔ اگر 1970 سے لے کر آج تک کی وہ مثال دے رہے ہیں اور اس میں کسی طرح کی کوئی deterioration آئی ہے تو اس پر بیٹھ کر ایوان میں بالکل بات ہو سکتی ہے۔ ان factors پر بات کریں اور سب اپنی اپنی ذمہ داریوں کو لیں کہ کس کس جگہ کے اوپر کس کس دور میں کیا کوتاہی ہوئی ہے۔ آج کیوں ہماری export جگہ پر نہیں ہے، جہاں پر ہونی چاہیے۔ جیسے میں نے عرض کیا یہ تو چار پانچ decades کی بات کر رہے ہیں، کوئی آج کی بات تو نہیں ہے۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! میرا بھی اس سے متعلق ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان صاحب جب آ جائیں گے تو۔۔

سینیٹر جان محمد: میری ایک گزارش ہے کہ ان کو کمیٹی میں بھیجوا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان صاحب ابھی آپ کا question آئے گا تو اس کو دیکھ لیتے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! ٹھیک ہے، جی۔

Mr. Presiding Officer: Q.No.130 is deferred. Sir, that pertains to me. Q.No.70 Senator Zeeshan Khan Zada sahib. He has requested to defer it. Deferred. Q.No.71 Senator Zeeshan Khan Zada sahib. He has requested to defer it. Deferred.

آپ جا بھی رہے ہیں اور وہاں آپ کی seat نہیں ہے۔ یہ کوئی طریقہ کار ہے کہ آپ House میں ہیں یا آپ House میں نہیں ہیں۔ سوال نمبر 71 & 70 آپ کی request پر defer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر 72 بھی آپ کا ہے وہ بھی defer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر 73 سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب۔ حاجی صاحب اس میں Ministry of Finance والوں نے defer کرنے کے لیے request

کی ہے۔ اگر آپ کہیں تو اس کو defer کر دیں کیونکہ جواب دینے کے لیے ایوان میں کوئی نہیں ہے اس کو next session میں لے لیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: ٹھیک ہے، خزانہ اُن کے پاس ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، حاجی صاحب سوال نمبر 75 بھی آپ کا ہے۔ یہ بھی defer ہو گیا۔ سوال نمبر 76 سینیٹر اسد قاسم صاحب تشریف نہیں لائے، اس کو بھی defer کیا جاتا ہے۔ سوال نمبر 77 بھی سینیٹر اسد قاسم صاحب کا ہے تشریف نہیں رکھتے، اس کو بھی defer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر 78 سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب کا ہے تشریف نہیں رکھتے، ہماری colleague بھی کہہ رہی ہیں، اس کو بھی defer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر 79 بھی ان کا ہے، اس کو بھی defer کرتے ہیں۔ اس کے بعد سوال نمبر 80 سینیٹر بلال احمد خان صاحب کا ہے، تشریف نہیں رکھتے، defer کرتے ہیں۔ سوال نمبر 81 سینیٹر بلال احمد خان صاحب تشریف نہیں رکھتے، defer کرتے ہیں۔ سوال نمبر 82 سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب تشریف نہیں رکھتے، defer کرتے ہیں۔ سوال نمبر 83 سینیٹر بلال احمد خان صاحب تشریف نہیں رکھتے، defer کرتے ہیں۔ سوال نمبر 84 سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب۔ حیرت ہے سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب کا سوال ہے وہ بھی نہیں آئے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ جتنے بھی سینیٹ کے معزز ممبرز ہیں وہ questions دیتے ہیں اس کے بعد یہاں پر ان کے answers دیئے جاتے ہیں۔ جو question جن کے جواب print ہو کر آج آ گئے ہیں اور Honourable Senators تشریف نہیں لائے، میری گزارش یہ ہے کہ وہ questions should be taken as read کیونکہ اس میں Senate کا کوئی قصور نہیں ہے نہ کہ جو Members بیٹھے ہیں ان کا کوئی قصور ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب آپ کا کہنا بجا ہے۔۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! جو سینیٹرز تشریف نہیں لائے they should be taken as read تاکہ next session میں جو سینیٹرز وقت سے آتے ہیں صبح نو، ساڑھے دس بجے اُٹھتے ہیں، تیار ہو کر آتے ہیں ان کے سوال آئیں لیکن اگر یہ defer کرتے رہیں گے تو یہی repeat ہوتے رہیں گے۔ میں ان کے لئے کہہ رہا ہوں جو حاضر ہوتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تشریف رکھیں۔ Leader of the Opposition صاحب نے بھی کہا، ایک بات یہ ہے کہ اچھے ماحول میں جانے دیں، آج کچھ دوست نہیں آئے، کوئی بات نہیں next time ہو جائیں گے۔ بعض مرتبہ Ministers بھی نہیں

ہوتے،آپ پر بھی وزن بہت زیادہ ہے۔آپ صحیح کہہ رہے ہیں،آپ نے صحیح rule point out کیا ہے۔آپ نے صحیح کہا، بجاطور پرآپ کہہ رہے ہیں، ہمیشہ کے لئے یہی system رہے گا، Ministers بھی نہیں ہوں گے تو یہی ہوگا اور ہم بھی نہیں ہوں گے۔اس کے بعد سوال نمبر84 سینیٹر محمد عبدالقادر: صاحب نہیں ہیں، deferred عبدالقادر صاحب 85 deferred۔ عبدالقادر صاحب 86 deferred۔ سینیٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب نہیں ہیں، deferred۔ سوال نمبر89 سینیٹر کامل علی آغا صاحب، تشریف رکھتے ہیں۔ سینیٹر کامل علی آغا صاحب، اس میں Finance Minister صاحب نے request کی ہوئی ہے۔آج سمجھ نہیں آتی کہ کیا بات ہے۔اُنھوں نے request کی ہے تو اس کو next session میں لے لیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: پہلے بھی غالباً ایک دو مرتبہ defer ہو چکا ہے۔ بہر حال اگر defer کرنا چاہتے ہیں تو مجھے اعتراض نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: writing میں request آئی ہوئی ہے،اس لئے please next time لے لیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جی، ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ اس کے بعد سوال نمبر91 سینیٹر جان محمد صاحب آپ اپنا سوال کریں پھر دیکھتے ہیں۔ جی، منسٹر صاحب planning کا سوال ہے۔

(Q.No.91)

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! دیکھیں اس میں جواب دیا ہے کہ motorway basically پاکستان میں پاک چین اقتصادی راہداری کی بات کی ہے۔ یہ road اس سے پہلے کی ہے تاحال مکمل نہیں ہو رہی ہے اور ان میں کوئی کام بھی نہیں ہو رہا ہے۔ پتا نہیں ٹھیکیدار سے ہماری کچھ زیادہ دوستی ہے، پیسے دیتے ہیں اور یہاں پر show کر لیتے ہیں لیکن عملاً بالکل بھی کام نہیں ہو رہا ہے۔ منسٹر صاحب، کیونکہ یہ P&D سے متعلق ہے،اس میں بہت سے ضمنی سوال بنتے ہیں اور سب کے بنتے ہیں۔منسٹر صاحب بھی غیر حاضر ہیں۔یہ تو نہیں ہے کہ اگر سینیٹرز بیٹھے ہیں، ہم سب کے پھر سوال اُٹھائیں، ایک منسٹر سب کا جواب دے۔جب ہماری باری آتی ہے کہتے ہیں کہ وہ موجود نہیں ہیں اس کو defer نہ کریں۔ یہ بات تو غلط ہے نا، سب کے لئے ایک ہونا چاہیے نا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر جان محمد صاحب منسٹر صاحب موجود ہیں، وہ جواب دیں گے۔

سینیٹر جان محمد: منسٹر صاحب کی جگہ پر کوئی منسٹر موجود ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر ہی موجود ہیں۔ آپ کا سوال کیا ہے؟ آپ بتائیں جی۔ آپ کا کوئی supplementary ہے۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! میں نے کہا ہے کہ اس پر یہ بتایا جائے، جو M-8 ہے، ہماری اطلاع اور ہمارا تجربہ ہے، ہم نے دیکھا ہے کہ یہ road جنرل مشرف کے دور کی road ہے، پھر اس کو بعد میں آپ نے CPEC سے جوڑا ہے۔ کیا اس کی funding بھی جو CPEC fund ہے، اسی سے ہو رہی ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! جتنے CPEC projects سے related ہیں، ان کی funding بالکل CPEC سے ہی ہو رہی ہے اور یہ road بھی کیونکہ CPEC کا حصہ ہے۔ M-8 motorway 89 kilometer کی road ہے۔ یہ Gwadar Port to Ratodero via Khuzdar, Nal, Awaran, Koshab and Turbat اس کا route ہے۔ اس پر اگر کچھ delays کے concerns ہیں تو ہم ضرور معزز سینیٹر صاحب کے concerned authorities تک بالکل پہنچائیں گے۔ لیکن بلوچستان کے جو development projects ہیں ان پر حکومت کی توجہ ذرا کم ہے، یہ بالکل حقائق کے منافی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر آپ دیکھیں، اس سے پہلے جو میں نے ابھی Pakistan Expressway کا ذکر کیا، کراچی سے گوادر تک، اب یہ سڑک ہمارے معزز سینیٹرز جو بلوچستان سے بیٹھے ہیں، یہ جانتے ہیں کہ اس کا نام خونی سڑک کہا جاتا تھا۔ ابھی جب تقریباً آج سے چھ ماہ پہلے، بین الاقوامی منڈیوں میں petrol کی قیمتیں کم ہوئیں، تو جو benefit تھا وہ direct پاکستان کی عوام کو transmit کرنا تھا لیکن پندرہ دن کا profit تھا وہ ہم نے transmit نہیں کیا، تقریباً تین سو ارب روپے بنتے تھے اور سارا اس ایک highway کے لئے مختص کیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ پورے پاکستان کے چاروں صوبوں کی contribution بلوچستان کے لئے ہے اسی طرح باقی بھی جو development projects ہیں اس کی ایک لمبی فہرست ہے۔ (جاری---T03)

**T03-13Feb2026 Tariq/Ed: Waqas. 11:20 am**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری--(جاری)--اس ایک highway کے لیے مختص کیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ پورے پاکستان کے چاروں صوبوں کی contribution بلوچستان کے لیے ہے اسی طرح باقی بھی جو development projects ہیں اس کی ایک لمبی فہرست ہے۔ وہ اس سوال سے concerned نہیں ہے اس لیے میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا، but this is a priority..

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر منظور احمد صاحب۔

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! معزز وزیر صاحب نے اس پر اچھی اور تفصیلی بات کی ہے لیکن کراچی شاہراہ کی بات ہوئی جو خونی شاہراہ بھی کہلائی جاتی تھی۔ بد قسمتی سے ایک صحافی جو شاید لاسی تھے، ایک ہفتہ پہلے انہوں نے اسی روڑ کے حوالے سے ایک انٹرویو کیا تھا کہ اس روڑ پر کام چل رہاہے اور اسی روڑ پر ان کا accident ہوااور وہ شہید ہو گئے۔ ایک ہفتہ پہلے چار جوان بچے پھر شہید ہوئے ہیں۔ ہم تو حکومت کی مہربانی کہتے ہیں کہ انہوں نے جو levy کے پیسے اس بابت ڈالے ہیں لیکن ابھی تک کام اسی طرح چل رہاہے اس میں کوئی ردوبدل نہیں ہوا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ میں وزیر صاحب سے ایک اور بات share کرنا چاہتا ہوں کہ ژوب، اسلام آباد، پشاور شاہراہ میں پانچ package تھے، تین packages cancel ہوئے ہیں، کس وجہ سے cancel ہوئے ہیں اور remaining two packages پر کام نہیں ہو رہاہے۔ اس کے لیے جو فنڈز رکھے جاتے ہیں، مثال کے طور پر اگر ایک ارب روپے ہیں تو اس کے لیے پندرہ کروڑ روپے رکھے جاتے ہیں، اس پندرہ کروڑ روپوں میں کیا کوئی کام ہو سکتا ہے؟ کچھ بھی نہیں ہو سکتا ہے، صرف یہ بہانہ بنایا جاتا ہے کہ وہاں پر law and order کا مسئلہ ہے۔ کون سا law and order جناب چیئرمین۔ چلیں آپ موٹروے تو مجھے دیتے نہیں ہیں وہ ایک الگ بات ہے کیونکہ بلوچستان کے لوگوں کو موٹروے کی ضرورت ہی نہیں ہے لیکن کم سے کم جو کام چل رہے ہیں انہیں تو مکمل کیا جائے، ان کے لیے funding پوری رکھی جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، میرے خیال میں سینیٹر دنیش کمار صاحب کا سوال بھی لے لیتے ہیں پھر آپ جواب دے دیجیے گا۔

سینیٹر دنیش کمار: منسٹر صاحب میں نے پہلے بھی آپ سے M-8 کے حوالے سے کہا تھا۔ جناب اس سڑک پر کام شروع ہوئے بیس سال ہو چکے ہیں اور ابھی تک یہ مکمل نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! موٹروے کسے کہتے ہیں، M-8 کو موٹروے کا درجہ دیا گیا ہے۔ M-8 موٹروے کے نام پر ایک سنگین دھبہ ہے، بلوچستان کے ساتھ ایک سنگین دھوکہ ہے، جناب میں آپ کو موٹروے کی definition بتاتا ہوں کہ موٹروے پر دوطرفہ ٹریفک کے لیے الگ الگ tracks, درمیان میں مضبوط divider or green belt پیدل چلنے والے اور موٹر سائیکلوں کا داخلہ ممنوع ہوتا ہے، رفتار کی مخصوص حد اور ایمرجنسی لائن موجود ہوتی ہے، underpass کے ذریعے crossing ہوتی ہے، جناب یہ سب چیزیں

ہوتی ہیں ایک موٹروے پر لیکن وہاں پر کوئی چیز نہیں ہے، نہ وہاں پر divider or fencing لگی ہوئی ہے، ایک سنگل سڑک ہے، جناب آپ سنیں یہ بلوچستان کا مسئلہ ہے۔ M-8 موٹروے کے نام پر دھبہ ہے۔ آپ پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا میں دیکھیں وہاں موٹروے ہے لیکن ہمارے ایک چھوٹے سے روڈ کو موٹروے کا نام دے دیا گیا ہے اور وہ بھی بیس سالوں سے رل رہا ہے۔ سینیٹر جان محمد صاحب نے ایک اچھا سوال پوچھا ہے مگر اس کا جواب نہیں آیا ہے، کہا گیا ہے کہ کبھی فنڈز اور کبھی law and order کا مسئلہ ہوتا ہے۔ جناب جنرل مشرف کے زمانے میں کون سے law and order کا مسئلہ تھا اور جہاں پر سڑک تعمیر کرنی ہوتی ہے وہاں law and order کا مسئلہ نہیں ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! اصل میں یہاں پر وفاق کی سنجیدگی نہیں ہے، منسٹر صاحب آپ ہمیں to the point بتائیں کہ اس کے لیے کیوں funds نہیں دیے جا رہے ہیں۔ ہم جمہوریت کا کہتے ہیں، جتنا بھی کام ہوا ہے وہ مشرف کے دور میں ہوا ہے، جمہوریت کے دور میں تو اسے delay کیا گیا ہے۔ جناب میری آپ سے درخواست ہے کہ اسے آپ کمیٹی کے حوالے کریں۔ بہت شکریہ۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب چیئرمین! ایسا ہے کہ admittedly بلوچستان میں دہشت گردی تو زیادہ ہے مگر ایک چیز جس پر غور کیا جائے کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی سے اموات کی تعداد اور بلوچستان میں ٹریفک حادثات میں ہونے والی اموات کی تعداد کا موازنہ کیا جائے تو ٹریفک حادثات میں ہونے والی اموات کی تعداد زیادہ بنتی ہے۔ ایک طرف ہمارے ساتھ دہشت گردی چلتی رہے گی اور دوسری طرف سڑکوں والی دہشت گردی چلتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سال بلوچستان پر بہت احسان کیا ہے اور سارے صوبوں نے اپنا اپنا حصہ بلوچستان کے حوالے کر دیا ہے جس سے کافی curves نکلی ہیں مگر اس کے باوجود بلوچستان میں دہشت گردی سے ہونے والی اموات کا ٹریفک حادثات میں ہونے والی اموات سے موازنہ کر لیں اور کیا اس کی وجہ صرف تیز رفتاری ہے یا کوئی اور وجہ بھی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں یہ کہوں گا کہ M-8 کے حوالے سے ایوان میں جو منظر کشی کی گئی ہے، حقائق اس کے منافی ہیں۔ جناب یہ ضروری نہیں ہے کہ بلوچستان کا جب بھی نام آئے، اس سے جڑی ہوئی ہر چیز کے ساتھ مظلومیت کا رونا رویا جائے۔ جناب بلوچستان ہماری priority ہے، وہاں کے issues ہماری priority ہیں، development کے حوالے سے اگر آپ

بلوچستان کی آبادی اور اس کے تناسب سے اسے جو فنڈز دیئے جارہے ہیں انہیں compare کریں گے تو میں on the record یہ بات بتا رہا ہوں کہ پنجاب سے زیادہ PSDP کے development کے فنڈز ہر سال آبادی کے تناسب سے بلوچستان کو دیئے جاتے ہیں، لٰہذا جناب پاکستان میں یہ ایک trend بن گیا ہے کہ جب بھی بلوچستان کا نام آئے گا تو اس کے ساتھ [***][1] اور مظلومیت کی ایک کہانی ہو گی۔ میری درخواست یہ ہے کہ اسے ختم ہونا چاہیے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، [***] نہیں بولیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، آپ وفاقی وزیر ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، آپ اور سارے دوست میری گزارش سنیں۔ ایوان اچھے طریقے سے چل رہا ہے، یہ لفظ [***] کو میں expunge کرتا ہوں۔ دیکھیں آپ وفاقی وزیر ہیں اور یہ ایوان وفاق کی علامت ہے، [***] نہیں، یہاں آپ گزارش سن لیں۔

(اس موقع پر ایوان میں موجود بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اپوزیشن اراکین نے واک آؤٹ کیا)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر منظور احمد صاحب، آپ منسٹر صاحب کو اپنی بات مکمل کرنے دیں، آپ جواب دے دینا۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! میرا مقصد قطعی طور پر کسی کی دل آزاری نہیں ہے۔ اگر انہیں میرے کسی الفاظ سے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو میں اپنے الفاظ واپس لینے کے لیے تیار ہوں اور میں واپس لیتا ہوں۔ یہ بات نہیں ہے، میرا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں ہے، میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ facts پر بات کریں، بلوچستان کو جو فنڈز دیے گئے ہیں کم از کم اس حقیقت کو تسلیم کرنا چاہیے۔۔۔

[1] [Words expunged as ordered by the Chair].

(مداخلات)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب آپ کا جواب آ گیا ہے۔ منظور صاحب کا مائیک کھولیں۔ منظور صاحب آپ بولیں۔

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! آج ہمارے معزز وزیر صاحب، جو ہمارے لیے نہایت ہی محترم ہیں اور قدر رکھتے ہیں، ہم ان کی بہت عزت اور احترام کرتے ہیں لیکن آج ان کے جو الفاظ تھے، مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان میں جو ایک کروڑ پچیس لاکھ عوام رہتی ہے انہوں نے ان کی تذلیل کی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ آپ وزیر ہیں اور ہم آپ سے سوال لازمی کریں گے۔ سوال کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ پورے بلوچستان کی تذلیل کریں۔ جب پنجاب میں اورنج ٹرین بنتی ہے تو بلوچستان بڑا اچھا ہے، بلوچستان میں موجود معدنیات جو زمین کے نیچے ہیں وہ تو آپ کو نظر آتی ہیں لیکن اوپر جو انسان رہتے ہیں وہ آپ کو نظر نہیں آتے ہیں، کیا وہ کیڑے مکوڑے ہیں؟ کوئی بات نہیں ہے، ہم اس پر خاموش تھے اور کوئی بات نہیں کرتے تھے لیکن جب آپ نے اس چیز کو چھیڑا ہے تو پھر ہم یہ کہیں گے کہ آپ سن لیں کہ صرف پنجاب پاکستان ہے، باقی کوئی صوبے پاکستان نہیں ہیں تو پھر آپ ہم سے یہ بھی سن لیں۔

جناب چیئرمین! افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ معدنیات میری ہیں، سی پیک میرا ہے، گوادر میرا ہے، سب کچھ میرا ہے لیکن پنجاب کو دیکھ لیں جو آباد ہو رہا ہے۔ آپ سندھ اور خیبر پختونخوا کو دیکھ لیں جہاں پر ہمیں دہشت گردی کے علاوہ کچھ نہیں مل رہا لیکن ہم خاموش بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہم جب ایک سوال کرتے ہیں وہ بھی آپ کو ہضم نہیں ہوتا ہے۔ کیا آپ اس چیز کو اس طرح سے چلا پائیں گے، کیا پھر بلوچستان کے لوگ اپنا رونا نہ روئیں۔ اگر وہ وفاق میں اپنا رونا نہیں روئیں گے، ان بڑی جماعتوں کے سامنے جن کی حکومت ہے ان کے سامنے رونا نہیں روئیں گے۔

(آگے جاری۔۔۔T-04)

T04-13Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Irum 11:30 a.m.

سینیٹر منظور احمد: (جاری۔۔۔) اگر وہ وفاق میں اپنا رونا نہیں روئیں گے، ان بڑی جماعتوں کے سامنے جن کی حکومت ہے ان کے سامنے رونا نہیں روئیں گے تو پھر کس کے سامنے رونا روئیں گے۔ آپ چاہتے ہیں کہ پھر پہاڑوں والوں کے ساتھ رونا روئے، آپ چاہتے ہیں کہ جو بلوچستان میں کام کر رہے ہیں اس کے سامنے رونا روئیں۔ آپ نے دیکھا ایک ہفتہ پہلے پھر خدا کے لیے اس طرح کی

باتیں نہ کریں۔ اس طرح تو آپ تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ مجھے تو آپ سے یہ بعید نہیں تھی، مجھے تو آپ سے یہ امید ہی نہیں تھی کہ آپ نے جس طرح کے الفاظ استعمال کیے ہیں، کیا ہم یہ الفاظ استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ الفاظ ہمارے پاس نہیں ہے، یہ الفاظ کے چناؤ کسی کے پاس نہیں ہے لیکن افسوس کے ساتھ ہم یہ کہہ رہے ہیں چکوال ہے نارووال جو بھی ہے ، ایک موٹروے کی ہم نے بات کی ہے اور تو ہم نے کچھ بھی نہیں کہا۔ بلوچستان کا quota کہاں پر ہے؟ یہاں پر چھ، پانچ پرسنٹ ہے اس پر آپ نے کہاں implementation کی ہے جو بلوچستان کے حوالے سے آپ نے ایک روڈ Karachi M-8 کے حوالے سے جو بات کی ہے کہ کراچی کا روٹ ہم نے دے دیا ہے۔ کیا آپ نے میرے اوپر احسان کیا ہے؟ اس وقت جو فیڈریشن ہے وہ میری مقروض ہے آپ میرے اوپر کوئی احسان نہیں کر رہے۔

(اس موقع پر سینیٹر منظور احمد نے بھی ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ منظور صاحب۔ بلال صاحب ایک منٹ، چار سوال ہو چکے ہیں۔ یہ تقریریں نہیں ہیں ضمنی سوالات ہیں۔ بلال صاحب ایک منٹ تشریف رکھیں، بلال صاحب یہ House of Federation ہے۔ اگر ہم یہاں صوبوں کی بات کریں گے تو سندھ کے M-6 and M-9 پر بھی بات ہو گی لیکن اس میں منسٹر صاحب نے چونکہ یہ جواب دیا ہے۔ بلال صاحب ایک منٹ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب آپ نے reasons جو دی ہیں، insufficient allocation, release of funds in PSDPs, جی جواب دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ جو funds کی مشکلات یا problems ہیں وہ ہر صوبے کے ساتھ ہیں۔ ہمارے کئی funds یہاں پنجاب میں بھی deficient ہوتے ہیں، projects time پر پورے نہیں ہو پاتے۔ آپ نے ابھی سندھ کی بات کی ہے وہ بھی بالکل صحیح ہے۔ گزارش یہ ہے کہ بات میں نے کی ہے بلوچستان کے حوالے سے honourable Senators نے جو اس کا مفہوم لیا ہے یا جو انہوں نے اس سے مطلب نکالا ہے۔ میرا قطعی طور پر یہ مطلب نہیں ہے، نہ ان کی دل ازاری، نہ بلوچستان کے حوالے سے کوئی ایسی منفی بات۔ میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ facts پر رہیں اگر funds بلوچستان کے کم ہیں ضرور نشاندہی کریں، delayed projects ہیں نام لے کر بتائیں۔ ان کے اوپر اس سے پہلے دو دفعہ

آپ نے بات کی تو میں نے کہا کہ concerned authorities کو بھیجا جائے گا۔ اس میں نوٹس لیا جائے گا لیکن میں نے جو یہ بات کی ہے مقصد صرف اتنا ہے کہ یہ نہیں ہے کہ بلوچستان میں جیسے میں نے کہا کہ تین سو ارب روپے پورا پاکستان اکٹھا کر کے بلوچستان کو دے رہا ہے۔ اس کے باوجود آپ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے ساتھ ظلم ہو رہا ہے ایسے نہ کریں۔ میں صرف اتنی بات کر رہا ہوں۔آخری ایک بات کروں گا کہ اگر بلوچستان کے دوستوں کو میری کسی بات سے تکلیف پہنچی ہے میں وہ الفاظ واپس لیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب آپ سوال کی حدتک محدود رہ کر جواب دیں اگر اس طریقے سے بات ہوگی تو ہاؤس کا ماحول خراب ہو جائے گا۔ Question No.92. Senator Jan Muhmmad, موجود نہیں ہیں۔ سینیٹر مشعال اعظم موجود نہیں ہیں۔ ذیشان خانزادہ صاحب تھوڑا سا رہ گیا ہے آپ بیٹھ جائیں، Leader of the Opposition سے بات ہوئی ہے۔ حاجی ہدایت اللہ صاحب، finance کا adjourn ہو گیا ہے۔ اسی طریقے سے سینیٹر ہمایوں مہمند تشریف نہیں رکھتے ان کا سوال بھی defer ہو گیا ہے۔ Question No.98. Senator Zamir Hussain Ghumro.

(Q.No.98)

Senator Zamir Hussain Ghumro: Mr. Presiding Officer! I asked the question, will the Minister for Commerce be pleased to state the details of the exports of Pakistan during last two years and the reasons of recent decline.

انہوں نے اس میں reasons دے دیے ہیں میں نے ان پر غور کیا ہے اور حکومت نے کہا ہے کہ ہم اس کو بڑھانے کے لیے steps لے رہے ہیں۔ I am satisfied with the answer.

Mr. Presiding Officer: Thank you sir. The next question is also yours. Question No.99. Senator Zamir Hussain Ghumro.

Finance والے چونکہ نہیں ہیں اور انہوں نے request کی ہوئی ہے تو میں اس کو defer کر دیتا ہوں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: یہ Committee کو refer کر دیں، اس کا correct reply نہیں آیا۔ میں نے کہا کہ جو Federal Government کا civilian expenditure ہے وہ defence and debt servicing کو کاٹ کر ساڑھے سات ہزار ارب بنتا ہے تو یہ بہت زیادہ ہے۔ یہ انہوں نے جواب نہیں دیا اس لیے آپ اس کو کمیٹی کو refer کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب آپ Question No.99. کی بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: 99 کی بات کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے گزارش کی ہے کہ Finance والوں نے request کی ہوئی ہے کہ اس کو defer کر دیں کیونکہ finance نے in writing request کی ہے، اس لیے اس کو defer کرتے ہیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: کمیٹی میں refer کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری گزارش یہ ہے کہ جب منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں ان کی request ہے جب وہ آئیں گے تو اس کو take up کر لیں گے۔ بلال صاحب کو دیتے ہیں۔ Last کوئی ہے؟ جی سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: یہاں پر بہت مشکل سے آتے ہیں سب کے questions defer, defer, defer ہو کر آتے ہیں۔ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں، too bad, please refer it to the Committee. وہ وہاں deal کریں۔

Mr. Presiding Officer: Question No.99 is referred to the Committee. Question No.100. Senator Danesh Kumar, he is not here. The Question Hour is over. Give mic to Senator Bilal Ahmed Khan.

سینیٹر بلال احمد خان: میرے questions کو بھی کمیٹی میں refer کر دیا جائے۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب سے مجھے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ اس طرح کے الفاظ استعمال کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلال صاحب انہوں نے معذرت کر لی ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: میں نے ڈاکٹر صاحب کی بات یہاں تک تو سنی تھی کہ انہوں نے جو بات کی لیکن میں نے یہ نہیں سنا کہ مجھے میرے دوست طاہر صاحب بتا رہے ہیں کہ انہوں نے معذرت کر لی ہے لیکن میں نے ڈاکٹر صاحب کے منہ سے واپسی والے الفاظ نہیں سنے میں اپنے کانوں سے سننا چاہتا ہوں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جن کانوں سے میں نے رونے دھونے والے الفاظ سنے تھے انہی سے میں معذرت سننا چاہتا ہوں۔ دوسری بات یہ کہ ڈاکٹر صاحب نے یہ بات کی ہے کہ بلوچستان کو پنجاب سے زیادہ PSDPدی جاتی ہے۔ مجھے بات تو کرنے دیں اتنا بھی حق نہیں ہے کہ ہم بات کر سکیں۔ مجھے بات کرنے کا حق بھی نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا صاحب ایک منٹ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: اگر مجھے بحثیت ایک سینیٹر، بحثیت ایک پارلیمنٹیرین، بحثیت بلوچستانی، بلوچستان کے مسئلے پر بات کرنے کا حق نہیں ہے تو میں ڈاکٹر صاحب کی باتوں کو کیسے مانوں کہ انہوں نے یہ الفاظ واپس لے لیے ہیں۔ کیا انہوں نے یہ الفاظ اپنے دل سے واپس لیے ہیں یا زبانی کلامی واپس لیے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب آپ ان کو بتادیں کہ آپ نے واپس لے لیے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! آپ مجھے صرف بات کرنے دیں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں بات موٹرویز کی ہو رہی تھی، بات ایکsimple سڑک کی ہو رہی تھی، لوگوں کی transportationکی ہو رہی تھی، لوگوں کے مسائل کی ہو رہی تھی۔ آپ نے بات لا کر بلوچستان کے رونے دھونے پر کھڑی کر دی،بلوچستان کیوں رونا دھونا کررہاہے۔ آپ کے ذہن میں یہ بات کیوں آئی اس کامطلب یہ ہے کہ آپ بھی اس چیز کو محسوس کرتے ہیں کہ کہیں نہ کہیں کوئی خرابی ہے، کہیں نہ کہیں کوئی کوتاہی ہے جس کی وجہ سے آپ کو لگتا ہے کہ بلوچستان والے ہر وقت رونا دھونا کرتے ہیں۔ بچہ اس وقت روتا ہے جب اسے بھوک لگتی ہے، ماں اس وقت دودھ دیتی ہے جب بچہ روتا ہے اور بچہ اس وقت روتا ہے جب اسے بھوک لگتی ہے۔ ہمارے ساتھ ناانصافیاں ہوئی ہیں، ہماری محرومیاں ہیں۔ ان محرومیوں کی وجہ سے اگر ہم اپنا حق مانگتے ہیں اور اسے آپ رونا دھونا کہتے ہیں تو پھر یہ الفاظ ہر

بلوچستانی کے دل و دماغ پر تیر کی اور گولی کی طرح لگتے ہیں۔ جہاں تک PSDPکی بات کی ہے میں ان سے پوچھ لیتا ہوں کہ آپPSDP کی اگر بات کرتے ہیں۔ NFC Awardsمیں پنجاب کتنے percentلے رہا ہے؟ بلوچستان کو کتنے percent دے رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلال صاحب آپ بلکل ٹھیک کہہ رہے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: PSDPکی بات اسی سے نکالیں، آپ NFC Awardsسے یہ اندازہ لگا لیں کہ پنجاب کو کتنا ملتا ہے اور بلوچستان کو کتنا ملتا ہے، PSDPتو اس کے بعد تقسیم ہوگی۔ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ 14 ,13 کروڑ عوام کے بدلے میں ایک کروڑ 20 لاکھ، ایک کروڑ 25 لاکھ لوگوں کو 14 کروڑ عوام سے زیادہ PSDPملتی ہے۔ آپ مجھے کوئی ایکproject ثابت کر دیں، آپ مجھے کوئی ایک projectبتا دیں جو پنجاب سے زیادہ یا کسی اور صوبے سے زیادہ بلوچستان کو ملا ہو۔ہم77 yearsمیں کوئٹہ کراچی، کوئٹہ چمن، کوئٹہ ژوب، کوئٹہ لورالائی، کوئٹہ ملتان روڈ ڈبل نہیں کر سکے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ بلال صاحب۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر !آپ مجھے کہہ دیں میں چلا جاتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے منسٹر صاحب کے الفاظ expunge کر دیے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: میں چلا جاتا ہوں جب آپ کا رویہ ایسا ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T05)

T05-13Feb2026 FAZAL/ED: Shakeel 11:40 am

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری۔۔۔۔) میں چلا جاتا ہوں جب آپ کا رویہ ایسا ہے تو میں ڈاکٹر صاحب سے کیا گلہ کروں؟ میں ڈاکٹر صاحب سے یا پنجاب سے کیا گلہ کروں جب آپ اوپر بیٹھ کر میرے ساتھ یہ رویہ اختیار کرتے ہیں۔آپ مجھے بات کرنے دیں۔اگر

میں نے کوئی غلط بات کی ہے تو آپ مجھے ملامت کریں۔ کیا آپ ہی کا issue ہے؟ کیا اس پاکستان میں صرف عمران خان ہی issue ہے؟ کیا بلوچستان یا کوئی اور issue نہیں ہے؟ آپ لوگوں کو صرف عمران خان کی پڑی ہوئی ہے۔ ہم لوگ بات کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ رونا دھونا ہے۔ پاکستان صرف عمران خان کے سر پر کھڑا ہے؟ کل کو اگر عمران خان مر جاتا ہے تو پھر آپ لوگ کیا کریں گے؟ کس کے سر پر کھڑے رہو گے؟ آپ پاکستان چھوڑ دو گے کیا؟ میں مر جاتا ہوں، آپ مر جاتے ہیں، پھر کیا یہ دنیا ختم ہو جائے گی؟ یہ کون سی بات ہے؟ کیا وہ نمونہ نہیں ہے؟ کیا وہ عمرِ خضر لے کر آیا ہے کیا؟ کیا وہ عمرِ خضر لے کر آیا ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ اس نے مرنا نہیں ہے؟ آپ کیا بات کر رہے ہیں؟

**<u>Leave of Absence</u>**

Mr. Presiding Officer: Senator Atta-ur-Rehman sahib has requested for the grant of leave for 10th February, 2026 to the end of the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Khalida Ateeb sahiba has requested for the grant of leave for 2nd and 3rd February, 2026 due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Nadeem Ahmed Bhutto sahib has requested for the grant of leave for 12th and 13th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Asad Qasim has requested for grant of leave for 12th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Kamil Ali Agha has requested for grant of leave for 6th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Honourable Leader of the Opposition.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے جو ہمارے بلال بھائی، جن دکھوں اور دردوں کا بلوچستان کے حوالے سے تذکرہ کر رہے تھے میں ان کی حمایت کرتا ہوں اور بلوچستان کے عوام کا یہ حق ہے۔ وہاں پر لوگ بہت مظلوم ہیں اور بہت محرومیت ہے۔ Insurgency اور بغاوت جو ہو رہی ہے، یہ سن کر واقعی انسان پریشان ہو جاتا ہے۔ لٰہذا، بلوچستان کے دکھ درد ہمیں محسوس کرنے چاہئیں اور گفتگو کرتے وقت ذرا احتیاط سے بات کرنی چاہیے۔ جہاں تک انہوں نے جذبات میں جو باتیں کی ہیں، میرے خیال میں وہ بھی ان کو نہیں کرنی چاہیے تھیں۔ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ دیکھیں، میں چاہتا ہوں کہ میں گفتگو کروں لیکن اس سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ ہم ایک Resolution یہاں پر پیش کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Motion کون پڑھے گا؟

سینیٹر راجہ ناصر عباس: عون عباس صاحب پڑھیں گے۔

## **Motion under Rule 263 moved by Senator Aon Abbas regarding dispensation of Rules**

Senator Aon Abbas: I, hereby move that under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the requirements of Rules 26, 29, 30, and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass a Resolution, sir.

Mr. Presiding Officer: Minister sahib, is it opposed?

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جی میں oppose اس طرح سے کروں گا کہ جب اس کے اوپر آج بات کرنے کے لیے وقت کا تعین ہو گیا ہے تو اس کے بارے میں جب ہاؤس میں debate ہو جائے گی تو اس کے بعد یہ Resolution پیش کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں پہلے ہاؤس کی sense لے لوں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عون عباس صاحب! دیکھیں، میری گزارش سنیں۔ اس کا طریقہ کار یہ تھا۔ ہم نے Rules کے مطابق چلنا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ Private Members Day پر آنا چاہیے تھا۔ سات دنوں کا اس پر نوٹس ہونا چاہیے تھا۔ ہم جو طریقہ کار کرتے ہیں وہ ہمیں کرنے دیں۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: جو طے ہوا ہے اس پر یہ بات کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل، میں وہی کہہ رہا ہوں۔ میں عون عباس صاحب کو گزارش کر رہا ہو کہ جو Rules ہیں۔ Motion تو Rules کے مطابق ہوا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس پر discussion نہ ہو۔ اگر آپ خود اپنے Motion کو defeat کرنا چاہتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عون عباس صاحب! گزارش سن لیں۔ Motion کو put کرنے دیں۔ جی، آپ Motion پڑھیں۔

سینیٹر عون عباس: میں نے Resolution کے لیے کہا تو وہ معذرت کے طور پر انکار کر دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ Resolution کوئی میری ذات کی نہیں ہے اور یہ پورا ہاؤس اس سے متفق ہو گا۔ یہ Resolution صرف عمران خان کی صحت کے حوالے سے ہے۔ میں نے صرف اس ہاؤس سے یہ کہا ہے کہ عمران خان صرف تحریکِ انصاف نہیں، اس پورے پاکستان کا ایک شہری بھی ہے اور ایک انسان بھی ہے۔ ان کی صحت کے حوالے سے بڑی مختصر Resolution میں شیری رحمان صاحبہ کے پاس گیا

اور میں نے اپنے کئی دوستوں سے request بھی کی ہے۔ میں Resolution صرف پڑھ دیتا ہوں۔ آپ reject کر دیں that is entirely your choice لیکن رانا صاحب اس میں کچھ ایسی بات نہیں ہے۔آج پاکستان سے اگر صرف یہ پیغام چلا جائے کہ یہ ہاؤس متفق ہے کہ خان صاحب کی صحت کے حوالے سے آپ لوگ بھی concern ہیں جتنا ہر پاکستانی ہے۔ میں صرف پڑھ دیتا ہوں۔ ایک منٹ کے لیے صرف پڑھ دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عون صاحب! دیکھیں، آپ نے Motion پڑھ لیا۔ اب مجھے put کرنے دیں۔ اس کے بعد پڑھ لیں۔

سینیٹر عون عباس: میں پڑھ دیتا ہوں آپ اس کو reject کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جو طریقہ کار ہے آپ نے Motion put کر دیا ہے۔ I will now put the resolution to the House.

*(The motion was not carried)*

Mr. Presiding Officer: Therefore, the Resolution is rejected.

(اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے اراکین کھڑے ہو کر احتجاج کرنے لگے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، Order No. 3, سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! کسی کے علاج پر، کسی قیدی کے علاج پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ قیدی کا علاج ہونا چاہیے اور ہر قیدی کا حق ہے کہ علاج کروایا جائے۔ جیل manual کے مطابق سب کچھ ہونا چاہیے۔ ہم مطمئن ہیں کہ ملاقاتیں ہو چکی ہیں۔ یہ "no" اور "yes" کی بات ہی نہیں ہے۔ کسی نے یہاں نہیں کہا کہ علاج نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارے ساتھ یہ ہو چکا ہے کہ علاج نہیں ہونے دیا۔ ہم نے کسی کو علاج کروانے سے نہیں روکا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر شیری رحمان صاحبہ کو سن تو لیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر شیری رحمان صاحبہ کو Order No. 3 پڑھنے دیں۔

سینیٹر شیری رحمان: منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں۔ جناب چیئرمین! اب ہاؤس order میں نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: علامہ صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ آپ اپنی سیٹوں پر تشریف لے جائیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں تاکہ business آگے چل سکے۔ منسٹر صاحب! دیکھیں، یہ بھی کھڑے ہیں اور وہ بھی کھڑے ہیں۔ (جاری ہے-----T06)

T06-13Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel 11:50 noon

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ بھی کھڑے ہیں اور وہ بھی کھڑے ہیں۔ آپ لوگ اپنی seats پر جائیں گے تو کوئی بات ہوگی۔ گزارش یہ ہے کہ آپ اپنی seats پر جائیں گے تو ہم آگے بزنس چلائیں گے۔

(اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے اراکین احتجاج کرتے رہے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عون عباس صاحب! آپ اپنی سیٹ پر تشریف رکھیں۔ دیکھیں، انصاف ہوگا۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔ دیکھیں، گزارش یہ ہے، جیسے میں نے پہلے کہا کہ یا تو resolution unanimous ہو، یا آپ نے پارلیمانی پارٹی کے ساتھ share کیا ہوتا، یا آپ نے سات دن کا نوٹس دیا ہوتا۔ میں نے عون عباس صاحب کو یہ request کی تھی کہ آپ motion کو رکھ لیں، آپ discussion کر لیں لیکن عون عباس صاحب نے prefer کیا کہ motion put کرنی ہے۔ میں نے motion put کی تو بات یہ ہے کہ یہاں پر Noes زیادہ تھے، Ayes کم تھے۔ میں announce کر چکا، Noes زیادہ تھے اور میں نے اس کو دیکھ کر فیصلہ کیا۔ ابھی ہم اگلا بزنس لیتے ہیں، آرڈر نمبر 3، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔ جی لیڈر آف دی اپوزیشن! آپ بولیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب! آپ کے ساتھ کیا طے ہوا تھا؟ آپ اس کی خلاف ورزی کیوں کر رہے ہیں؟ آپ نے کہا تھا کہ یہ بات ختم ہو گی تو بات کرائیں گے۔ آپ کیوں اس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں؟ کیوں ایسے کر رہے ہیں؟

(اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے اراکین احتجاج کرتے رہے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ممبرز کو بٹھائیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سب ممبرز بیٹھ گئے ہیں۔ جو نہیں بیٹھے، وہ بھی بیٹھ جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا ثناء اللہ صاحب! آپ لیڈر آف دی اپوزیشن کی بات کا جواب دیں گے؟

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: میری یہ گزارش ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی بات بھی سنیں گے، اپوزیشن کے باقی معزز سینیٹرز کی بات بھی سنیں گے۔ اس سے پہلے، جو انہوں نے بات کرنی ہے، بحث کرنی ہے، اس سے متعلق چند حقائق ہیں، میں وہ ان کے سامنے رکھ دوں، اس کے بعد یہ بات کریں اور اس کے بعد اگر ضروری ہوا تو پھر میں اس کا جواب بھی دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب! آپ نے resolution کے متعلق نہیں بتایا۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: آپ نے جس موضوع پر بات کرنی ہے، اس سے متعلقہ جو facts ہیں، میں اس کے اوپر کوئی speech یا بات نہیں کروں گا، وہ facts میں آپ کے سامنے رکھ دوں، اس کے بعد آپ بھی بات کریں، باقی اراکین بھی بات کریں۔ اس کے بعد اگر کسی بات کا جواب دینا ضروری ہوا تو میں دے دوں گا۔ میں within five minutes یہ حقائق آپ کے سامنے رکھ دوں گا جو آپ کو بات کرنے میں معاون بھی ہوں اور آپ کی بات زیادہ relevant بھی ہو گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: راجہ صاحب! منسٹر صاحب کی بات سن لیں۔

**Senator Rana Sanaullah Khan**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: بہت شکریہ۔ جناب چیئر مین! آج لیڈر آف دی اپوزیشن اور اپوزیشن کے دیگر معزز سینیٹر ز جو بات کرنے جا رہے ہیں، وہ بانی PTI عمران خان صاحب کی صحت اور خاص طور پر جو ان کی آنکھ کا مسئلہ ہوا ہے، اس کے متعلق ہے۔ سپریم کورٹ میں جو حقائق سامنے آئے ہیں، اس میں دو تین چیزیں بالکل settle ہو گئی ہیں۔ اس پر اتفاق ہے، اس سے کسی کو بھی انکار نہیں ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ خان صاحب کی living conditions سے متعلق جو بات ہوتی رہی ہے، اس کے اوپر اب کسی قسم کا ابہام یا اختلاف نہیں ہے۔ جو رپورٹ سپرنٹنڈنٹ جیل نے پیش کی کہ یہ ان کی living conditions ہیں، اسی سے ملتی جلتی رپورٹ سلمان صفدر صاحب نے بھی پیش کی ہے اور اس کے اوپر چیف جسٹس صاحب نے اظہارِ اطمینان کیا۔ سلمان صفدر صاحب کی رپورٹ میں بھی یہ درج ہے کہ وہاں پر جو حفاظتی اور living conditions ہیں، ان سے خان صاحب خود بھی satisfied ہیں۔

اب اس کے بعد جو بات شروع ہوئی ہے، جس کو آج بھی موضوع بنایا جائے گا اور پچھلے دو دن بھی موضوع بنایا گیا ہے، وہ بات یہ ہے کہ چار مہینے سے، پہلے تین مہینے تھا، اس کے بعد کہا گیا کہ چار مہینے سے خان صاحب کی آنکھ میں problem تھا۔ وہ بار بار جیل حکام کو کہتے رہے۔ مجرمانہ غفلت کا ارتکاب کیا گیا اور ان کو علاج مہیا نہیں کیا گیا۔ اگر ایسا ہوا ہے تو بالکل جن لوگوں نے غفلت کا ارتکاب کیا، ایسا ارتکاب واقعی مجرمانہ ہے۔ اگر آپ کسی کی صحت کو بنیاد بنا کر اپنے سیاسی مفاد کے لیے اس سے فائدہ اٹھائیں تو اس غفلت کو کسی طور پر بھی accept نہیں کیا جا سکتا۔ اگر حقائق برعکس ہوں اور پھر ان کی صحت کو بنیاد بنا کر اپنی سیاست کو آگے بڑھانے کا چارہ کیا جائے تو یہ بھی پھر مجرمانہ فعل ہے۔ یہ بھی مجرمانہ فعل ہے کہ آپ اس بات کو حقائق برعکس بنیاد بنا کر سیاست کریں۔

جناب چیئر مین! میری معزز لیڈر آف دی اپوزیشن کی خدمت میں یہ گزارش ہے، میرا یہ دعویٰ ہے اور اس کے لیے میں یہ حقائق ان کے سامنے رکھوں گا کہ خان صاحب کو یہ problem یا انہوں نے اس کی complaint جنوری کے پہلے ہفتے میں کی۔ This was the first week of January. ان کو جیل کے ڈاکٹر نے eye drops prescribe کیے۔ انہوں نے اس کا کوئی تین چار دن استعمال کیا اور اس کے بعد دوبارہ یہ فرمایا کہ اس سے مجھے فائدہ نہیں ہوا۔ جس دن انہوں نے یہ بات کی، اسی دن جیل حکام نے پندرہ جنوری کو PIMS کو letter لکھا۔ اس letter کی کاپی میرے پاس ہے۔ یہ 15 جنوری کا letter ہے۔ اسی دن ڈاکٹر محمد عارف خان صاحب اور ڈاکٹر حسین صاحب

کی ذمہ داری لگائی گئی اور ان کو کہا گیا کہ following team, 16-1-26 at 10:00 am اڈیالہ جیل کو examine کریں گے۔

(T07 پر جاری ہے)

T07-13Feb2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 12:00 p.m.

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: (۔۔۔۔۔جاری) ان کی ذمہ داری لگائی گئی اور ان کو کہا گیا کہ یہ following team 16-01-2026 at 10:00 a.m. اڈیالہ جیل میں انہیں examine کرے گی۔ 16 جنوری کو انہوں نے examine کیا۔ اس examination کی روشنی میں دوبارہ کچھ tests prescribe کیے گئے۔ اس کے بعد دوبارہ ایک چار رکنی ٹیم جس میں ڈاکٹر محمد عارف خان، ڈاکٹر ثمن وقار، ڈاکٹر حسان اور ڈاکٹر نعمان اقبال شامل ہیں، ان چار ڈاکٹرز نے 19-01-2026 کو 11 بجے انہیں examine کیا اور ان کے blood اور متعدد tests کچھ وہاں پر کیے اور باقی یہاں آکر پمز میں وہ test کیے گئے۔ ان tests کے پیش نظر یا ان کی clearance کے بعد 24 جنوری کو جو ان کو عارضہ لاحق ہے، اس کے لیے جو ultimate treatment تھی، انہیں وہ injection administer کیا گیا۔ ان کا jail hospital میں complaint کرنا، 15 جنوری کو ان کا ڈاکٹر کو refer کرنا، 16 جنوری کو eye specialist کا جیل جا کر ان کا visit کرنا اور انہیں check کرنا، 19 جنوری کو دوبارہ چار ڈاکٹروں پر مشتمل ایک ٹیم کا جانا اور وہاں جا کر ان کے سارے tests وغیرہ کرنا اور 24 جنوری کو انہیں injection administer کرنا، یہ سب documented ہے۔ اگر Leader of the Opposition چاہیں گے تو میں یہ ان کے حوالے بھی کر دوں گا۔ اب اس میں یہ ہے کہ اگر یہی حقائق ہیں اور documented ہیں تو پھر یہ بیانیہ نہیں بنایا جا سکتا اور اگر حقائق کو توڑ، مروڑ کر اور دائیں، بائیں کر کے ان کی صحت کے حوالے سے یہ بیانیہ بنانے کی کوشش کی جائے یا کی جاتی ہے تو پھر یہ بیانیہ بنانے والے وہ سیاست کر رہے ہیں اور خود ہی اس فعل کے متعلق بتائیں کہ یہ مجرمانہ فعل ہے یا نہیں۔ اب یہ بات کرتے ہیں کہ جی پچھلے چار ماہ سے اس بات کی شکایت کی جا رہی تھی۔ میری اس حصے میں گزارش ہے کہ یہ غلط ہے۔ اگر آپ یہ غلط فہمی کی بنیاد پر کر رہے ہیں تو میں یہ حقائق آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں اور اگر آپ یہ جان بوجھ کے کر رہے ہیں اور ایک کہاوت ہے کہ اگر کوئی سویا ہوا ہو تو اسے جگایا جا سکتا ہے لیکن اگر کوئی جاگتا ہی سویا ہو تو اسے جگایا نہیں جا سکتا۔ اگر آپ یہ خود کر رہے ہیں تو پھر ہمارے پاس اس کا کوئی حل نہیں ہے۔

جناب، میں بس within two minutes اپنی بات ختم کر رہا ہوں۔ خان صاحب کے جو جیل کے ڈاکٹر ہیں، وہ ہر دوسرے دن ان کا check up کرتے ہیں۔ ان کے جو vitals ہیں اور blood pressure وغیرہ، وہ روزانہ کی بنیاد پر check ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب بھی انہوں نے کوئی complaint کی ہے اور انہوں نے کل 25 مرتبہ complaints کی ہیں کہ باہر کے ڈاکٹر ہوں تو پمز کے اور Rawalpindi Headquarters Hospital کے ڈاکٹروں نے بھی ان کا 25 مرتبہ medical examination کیا ہے۔ جو last medical board ہوا تھا، اس میں ڈاکٹر علی عارف، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈاکٹر ثمن وقار، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور ان کے ساتھ دو ڈاکٹر اور تھے۔ انہوں نے 09-12-2025 کو ان کا medical examination کیا اور اس میں خان صاحب نے اپنی آنکھ سے متعلق کوئی complain نہیں کی۔ 09-12-2025 سے پہلے 02-12-2025 کو عظمیٰ خان صاحبہ کی ان کے ساتھ میٹنگ ہوئی اور انہوں نے کوئی تقریباً ڈیڑھ، گھنٹہ ملاقات کی۔ خان صاحب نے جو انہیں پیغام دیا، انہوں نے باہر آ کر وہ پیغام میڈیا پر دہرایا۔ اس کے بعد اس پر ایک tweet بھی ہوا۔ باقاعدہ یہ video clip موجود ہے اور انہوں نے میڈیا پر بھی دیکھا ہو گا کہ جب وہ باہر تشریف لائیں تو ان سے سوال ہوا کہ خان صاحب کی صحت کیسی ہے تو انہوں نے فرمایا کہ الحمدللہ، خان صاحب بالکل ٹھیک ہیں۔ یہ بات ہے 2 دسمبر کی۔ اب 2 دسمبر کو نہ انہوں نے اپنی بہن سے اس بات کا ذکر کیا، نہ ان کی بہن نے باہر آ کر ذکر کیا بلکہ یہ کہا کہ الحمدللہ، ان کی صحت ٹھیک ہے اور اس کے بعد 9 دسمبر کو جو medical board ہوا اور اس کا پورا ریکارڈ ہے جو انہوں نے note کیا اور اس میں بھی انہوں نے کوئی ذکر نہیں کیا۔ اب اگر یہ کہیں کہ medical board کے جو ڈاکٹر صاحبان تھے، انہوں نے کوئی کوتاہی کی یا انہوں نے حقیقت نہیں لکھی تو ایک اور ثبوت بھی ہے۔ 2 دسمبر اور 9 دسمبر کو کوئی complaints نہیں ہیں اور 20 دسمبر کو Toshakhana-II کا فیصلہ ہوا۔ اس فیصلے میں یہی سلمان صفدر صاحب اور تین وکلاء تقریباً دو گھنٹے خان صاحب کے ساتھ وہاں عدالت میں موجود رہے۔ اس دن بھی انہوں نے کوئی ذکر نہیں کیا کہ ان کو کوئی آنکھ کا عارضہ ہے یا ان کو کوئی problem ہے۔ جب دسمبر میں یہ صورتحال تھی کہ اگر انہیں کوئی problem تھا تو بھی انہوں نے کسی سے اس کا ذکر نہیں کیا، نہ ڈاکٹرز کو بتایا تو پھر کیسے انہوں نے جنوری کے first week میں یہ بات کی ہے۔ اس کے باوجود کوئی وقت ضائع کیے بغیر پوری ذمہ داری سے اس بات کا لحاظ رکھتے ہوئے کہ ان کو جو problem ہے، اس کا فوری treatment ہونا چاہیے۔

جناب، جس طرح سے میں نے یہ عرض کیا ہے کہ 19-16-15 اور 24 جنوری کو within a week ان کا جو ultimate and proper علاج تھا، وہ کیا گیا۔ اب اگر دسمبر میں یہ معاملہ serious نہیں تھا تو یہ پچھلے چار مہینے میں کیسے ہو گیا یعنی تین مہینے اور چار مہینے کی جو بات ہے تو پھر یہ سیاست کی بات ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپوزیشن ممبران، ایک منٹ ان کی بات تو سنیں۔

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: تین، چار مہینے کی بات تو پھرسیاست ہے نا۔ اب اس وقت میں انہوں نے سپریم کورٹ میں کوئی petition دائر نہیں کی اور اب ایک Resolution لانا چاہتے ہیں کہ انہیں ایک private hospital shift کیا جائے اور private doctors کی regular access دی جائے۔ سپریم کورٹ میں ان کی petition پر friend of Court مقرر ہوئے۔ انہوں نے وہاں جاکر visit کیا اور سارے حالات سپریم کورٹ کو submit کیے۔ انہوں نے کہا ہے کہ انہیں کسی اور eye specialist سے دکھایا جائے۔ اس بارے میں وہاں حکومت نے مکمل یقین دہانی کرائی ہے اور اس بارے میں meeting بھی ہوئی ہے۔ جس ڈاکٹر کا کہیں، ان سے دوبارہ ان کا check up ہوسکتاہے اور دوبارہ کوئی investigation ہوسکتی ہے۔ اس بارے میں Government نے سپریم کورٹ میں commitment دی ہے اور سپریم کورٹ کا جو بھی حکم ہوگا، Government اس پر عمل کرے گی۔ میری یہی گزارش ہے کہ آپ خان صاحب کی صحت پر سیاست نہ کریں اور اس بات پر بیانیہ بنانے کی کوشش نہ کی جائے کہ جی تین، چار مہینے مجرمانہ غفلت کی گئی ہے۔ ایسا کوئی معاملہ نہیں ہے اور یہ حقائق ہیں۔ محض اس کے کہ آپ ان حقائق پر سیاست کریں، ان کے علاج کے لیے آپ کی جو further suggestions ہیں، سپریم کورٹ میں petition دائر کریں اور جو سپریم کورٹ حکم کرے گی، اس کے مطابق عمل ہوگا، شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Yes, Leader of the Opposition.

**Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! ہم نے آپ سے جو وعدہ کیا تھا۔ (------جاری T08)

Mr. Presiding Officer :( continued....)Thank you. Yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔شکریہ جناب چیئر صاحب۔ ہم نے آپ سے جو وعدہ کیا تھا، اس کے مطابق یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور پوری کوشش کی کہ اپنے نظم اور order کو برقرار رکھیں۔ لیکن آپ نے جو فرمایا تھا کہ صرف question اور answer ہوں گے، اس کے بعد بھی کافی تاخیر ہو گئی ہے۔ جمعہ کا وقت بھی ہے اور ہمیں جانا بھی ہے۔ ہمارے ہاں سوا 12 بجے جمعے کا وقت ہو جاتا ہے۔دیکھیں، جناب وزیرِ محترم صاحب نے بڑی detail کے ساتھ باتیں کی ہیں۔ میرا ایک سوال ہے۔ میری دائیں آنکھ کی بینائی نہیں ہے۔شاید آپ اس بیماری کا شکار نہیں ہوئے۔اگر بے توجہ ہو جائے تو بینائی اچانک ختم نہیں ہوتی، اس کے پیچھے کوئی clot ہوتا ہے، کوئی بنیاد ہوتی ہے۔اگر وہ on timeابتدائی طور پر فوری check ہو جائے، اچھے ڈاکٹر سے check ہو جائے تو damage کو کافی حد تک control کیا جاسکتا ہے۔چونکہ یہ آنکھ کے مریض نہیں رہے ہیں تو جو لکھ کر دے دیا انہوں نے پڑھ لیا، میں خود کئی سال مریض رہا ہوں۔شروع میں فقط روشنی کی ایک جھلک محسوس ہوتی تھی، پھر وہ بھی ختم ہو گئی ہے۔ خان صاحب کی صحت کے بارے میں جو باتیں کی گئی ہیں، صاف واضح ہے کہ بے توجہ ہوئی ہے، لاپرواہی ہوئی ہے۔ جس ڈاکٹر سے check up کروایا گیا، وہ retina کے specialist نہیں تھے۔ان کی فیملی کو اطلاع نہیں دی گئی، ان کے وکیل کو نہیں بتایا گیا کہ وہ بیمار ہیں۔کیا ان کا حق نہیں ہے کہ ان کی صحت کے مطلق انکی family کوinformکیا جاتا؟آپ وکیل ہیں جناب والا! کیا یہ قیدی کے حقوق میں شامل نہیں ہے؟ ہمیں تسلیم کر لینا چاہیے کہ کوتاہی ہوئی ہے۔سیاست دان سب سے زیادہ جیل میں جاتے ہیں۔ ہم نے کسی جرنیل کو جیل میں نہیں دیکھا، کسی جج کو جیل میں نہیں دیکھا، شاید کسی بیوروکریٹ کو بھی کم ہی دیکھا ہو۔ کم از کم سیاست دانوں کو ایک دوسرے کا دکھ سمجھنا چاہیے، جیل میں جاتے ہیں پھانسی لگتے ہیں۔ ملاقاتیں روک دینا، ملنے نہ دینا، اور پھر یہ بیانیہ بنانا کہ وہ ہمدردی حاصل کرنا چاہتے ہیں، مناسب طرزِ عمل نہیں۔اگر کسی کی آنکھ کی بینائی چلی جائے تو کیا جشن منایا جائے؟ خوش ہونا چاہیے؟خدا گواہ ہے، میں یہ بات دہرانا نہیں چاہتا۔آپ کو تکلیف ہوگی تو ہم آپ کے حق میں بھی بولیں گے، انشاءاللہ بولیں گے، اور کبھی ظلم کا ساتھ نہیں دیں گے آپ بھی

ہمارے ساتھ کھڑے ہو جائیں۔ اس وقت کہیں نہ کہیں سے ہمیں واپس جانا پڑے گا۔ اگر یہ رویہ برقرار رہا تو اکٹھے بیٹھنا مشکل ہو جائے گا۔۔ لیکن اس معاملے میں negligence واضح ہے۔

جناب، آپ Court کی رپورٹ پڑھ لیں جو Barrister Salman Safdar نے بطور Friend of Court پیش کی۔ انہوں نے کل press conference کی ہے، وہ آپ سن لیں کہ انہوں نے کیا کہا۔ بالآخر وہ Friend of Court کے طور پر گئے تھے۔ انہوں نے خان صاحب کو سامنے بیٹھا دیکھا۔ جہاں تک عظمیٰ صاحبہ کی بات ہے، اس وقت میرا خیال ہے کہ میں بھی وہاں موجود تھا۔ میں نے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ان کی آنکھ میں سرخی ہے، آنکھ red ہو رہی ہے۔ یہی ان کی باتوں کا خلاصہ تھا۔ بعد میں جب ہم نے دوبارہ پوچھا تو انہوں نے اس کو زیادہ اہم نہیں سمجھا۔۔ اگر درست check up ہوتا، اگر PIMS میں لے جایا جاتا، اگر retina کے ماہر ڈاکٹر کو دکھایا جاتا تو صورتحال مختلف ہو سکتی تھی۔ میں خود retina کے ڈاکٹر سے علاج کراتا رہا ہوں۔ پنڈی، اسلام آباد کے اندر جو معروف ہیں، انہوں نے میرا بھی علاج کیا اور بعد میں میری آنکھ کا operation بھی کیا۔ ڈاکٹر مظہر اسحاق ہیں اور یہاں اعوان معروف ہیں، میں ان کو پہلے نہیں جانتا تھا۔۔ آنکھ کا مسئلہ نہایت حساس ہوتا ہے، nerves باریک ہوتی ہیں، circulation متاثر ہو تو بینائی آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا تسلیم کریں کہ غلطی ہوئی ہے۔ اچھا، جب report آ گئی تو آج تک آپ نے کیا اقدامات کیے؟ کون سے ڈاکٹر سے check کروایا؟ آپ آج ہی جلدی کریں۔ اس معاملے میں مزید کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ اگر 85% بینائی جا چکی ہے تو بھی کوشش کی جائے، بعض اوقات آدھی واپس آ سکتی ہے۔ اسلام میں ایک آنکھ کی دیت آدھے انسان کے برابر ہے، اور دونوں آنکھوں کی بینائی چلی جائے تو پوری دیت مقرر ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس معاملے کو انسانی بنیادوں پر دیکھا جائے۔ اگر واقعی ہم انسانی درد محسوس کرتے ہیں تو چیخنے چلانے کی کیا ضرورت ہے؟ ہم دعا کرتے، باہر جا کر ان کے لیے بھی دعا کرتے۔ لیکن مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ہم ماضی کے تمام تلخ تجربات دہرانا چاہتے ہیں اور ایک دوسرے کو رگڑا لگاتے رہتے ہیں۔ یہ ختم ہونی چاہیے، یہ dirty practice ہے۔ ہمیں دکھ درد feel کرنا چاہیے آپ نے بلوچستان کی بات کی۔ ہمارے بلال صاحب وہاں موجود تھے۔ ہمیں بلوچستان کے حوالے سے شدید دکھ ہے۔ وہ کہتے تھے کہ جو resolution لے کر آئیں گے، ہم ان کا ساتھ دیں گے۔ لیکن پاکستان کے عوام کے مسائل کو دیکھیں۔ اگر آپ انہیں ہمدردی کے ساتھ نہیں دیکھیں گے اور صرف legally یا مختلف technical بنیادوں پر دیکھیں گے تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔

لہٰذا ہمارا واقعی یہ ماننا ہے، جو میں نے report پڑھی ہے جو رانا صاحب ! جو Barrister Salman Safdar نے پیش کی، اس میں واضح لکھا ہے کہ کوتاہی ہوئی ہے۔ حتیٰ کہ criminal کا لفظ بھی بعد میں press conference میں استعمال ہوا کہ یہ crime ہے۔ آپ ان کی press conference سن لیں۔ وہی رپورٹ جس پر کورٹ نے اعتماد کیا، جسے سپریم کورٹ نے اعتماد کے ساتھ بھیجا۔ لہٰذا آپ ہمیں اس انداز میں نہ کہیں۔ ہماری ملاقات کرا دیں۔ آپ ساتھ چلیں، دو آپ کے ساتھی ہوں، دو ہمارے ہوں، ہم جا کر خود دیکھ لیتے ہیں اور سینیٹ کو report کر دیں گے کہ ہم نے اپنی آنکھوں سے کیا دیکھا۔ معاملہ سنگین ہے، اس لیے مہربانی کی جائے۔ خدا گواہ ہے، ہم اس پر سیاست نہیں کرنا چاہتے۔ ملک پہلے ہی مشکلات کا شکار ہے۔ ہر شخص پریشان ہے، ہر شخص تکلیف میں ہے۔ ہم نے جو resolution پیش کی تھی، اسے ہمدردی کی نظر سے دیکھا جائے۔ ہم آپ کو let down نہیں کرنا چاہتے۔ آئیں، مل بیٹھیں۔ آپ کے Prime Minister صاحب نے unconditional مذاکرات کی بات کی تھی۔ ہم unconditional بیٹھنے کو تیار ہیں۔ ہم نے یہ مطالبہ نہیں کیا کہ کسی کو خصوصی رہائش یا کوئی رعایت دی جائے۔ ہم نے صرف انصاف کی بات کی ہے۔ انصاف ہر انسان کا حق ہے، چاہے وہ عمران خان صاحب ہوں یا عام آدمی۔ دنیا میں رپورٹ جا چکی ہے۔ پاکستان کا image متاثر ہوتا ہے۔ ہم dollars خرچ کر کے positive image, Soft image دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں، لیکن ایسے واقعات اسے نقصان پہنچاتے ہیں۔ بقول سلمان صفدر صاحب، اگر یہ crime ہے تو قانونی کارروائی ہو گی اور ہم کرینگے case ایسا نہیں ہے کہ ہم چھوڑ دینگے۔ لیکن بطور سینیٹر، ہماری بھی ذمہ داری ہے ہم نے قوانین بنائے ہیں، ہم نے implement کرنے ہیں۔ ایک قیدی پر یہ blame لگا دینا کہ وہ سیاست دان ہے اس لیے سیاست نہ کرے، مناسب نہیں۔ اگر ملاقاتیں معمول کے مطابق ہوں، 10 لوگ ملیں، 20 لوگ ملیں، تو چیزیں normal ہوں گی، غصہ کم ہوگا۔ آپ ایسا نہ کریں کہ ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، اجازت کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ ہم کر سکتے ہیں۔ آپ کھڑے ہوں، ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ ہم انشاءاللہ، یہاں on the floor of the House یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم آج سینیٹرز سارے کے سارے باہر بیٹھ کر دھرنا دیں گے۔ اور میں ایک بات واضح کر دوں، جب میں اعلان کر رہا ہوں کہ دھرنا دیں گے، اگر ہمیں کوئی گولی مار دے، لاشیں اٹھا کر لے جائے، ہم ایسے نہیں اٹھیں گے۔ ہم جو کہہ رہے ہیں اس پر عمل کریں گے۔ لیکن ہمارا مقصد تصادم نہیں ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ سینیٹ کی عزت برقرار رہے، ہماری حکومت طاقتور ہو۔ ہم حکومت کو طاقتور بنانے میں آپ کا ساتھ دیں گے، تاکہ عوام کو ان کا حق مل سکے۔ اختلافات کے باوجود ہم قومی مفاد میں اکٹھے کھڑے ہونا چاہتے ہیں۔ لہٰذا میری گزارش ہے کہ please ، جو ہمدردی کے مسائل ہیں انہیں ہمدردی سے دیکھا جائے۔ ہم یہ توقع رکھتے ہیں۔ ایک ایسا شخص جس

کے ساتھ پاکستان کے عوام کی بڑی تعداد کھڑی ہے، چاہے ہم مانیں یا نہ مانیں، حقیقت یہی ہے، پاکستان کے عوام ان کے ساتھ ہیں اور دنیا میں اس کا نام ہے اور پاکستان کا وقار بھی اس سے جڑا ہوا ہے۔ جب پاکستان کا نام دنیا میں آتا ہے تو اس کے اثرات ہوتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں ہماری ایٹمی طاقت ہمارا asset ہے۔ میں عرض کرتا ہوں، سب سے بڑا assets ہمارے عوام ہیں۔ صرف ایٹم بم ہونے سے ملک محفوظ نہیں رہتے، ایٹم بم ہوتے ہوئے بھی ملک ٹوٹ جاتے ہیں، عوام کھڑی ہو تو ملک نہیں ٹوٹتے پھر۔ پاکستان کے عوام ہمارے assets ہیں، ہمارے سیاست دان assets ہیں۔ میں ایک دینی طالب علم ہوں۔ خدا گواہ ہے، میں ان معاملات میں ذاتی مفاد کے لیے نہیں آیا۔ جو سمجھ رہا ہوں، سچ سمجھ کر آپ کے سامنے بیان کر رہا ہوں۔۔۔(جاری)

T09-13FEB2026 Taj/Ed. Shakeel 12:20 p.m.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔) میں آپ کے سامنے سچ بولتا ہوں جو سمجھ رہا ہوں، ممکن ہے میں غلط بھی ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ جو کہوں گا، اس میں غلطی اور خطا کی گنجائش نہیں ہوگی لیکن جان بوجھ کر غلط بیانی نہیں کروں گا۔ جناب! اس لیے میری گزارش ہے کہ ہم نے قرارداد میں لکھنا ہے، ہمدردی کے ساتھ اس کو لکھ لیں، اس میں ہمارے سینیٹ کی عزت بنے گی۔ راناصاحب! ہم سب کی عزت ہوگی۔ ہم سب اکٹھے ہوں گے۔ کل کسی اور کے ساتھ ہوتا ہے تو ہم آپ کے ساتھ ہوں گے۔ ہم آپ کو کبھی بھی let down نہیں ہونے دیں گے۔ آپ کھڑے ہوں، ان شاء اللہ ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

**<u>Senator Kamran Murtaza</u>**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! آج اس ایوان میں جو مسئلہ درپیش ہے کہ ایک سابق وزیراعظم کے حوالے سے بات کی جا رہی ہے کہ ان کی ایک آنکھ ضائع ہونے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ گو کہ جسم کا کوئی حصہ اگر ضائع ہونے کا خطرہ پیدا ہو جائے یا کوئی بیماری اس نوعیت کی ہو جس میں اس عضو کا خراب ہونا ultimately ممکن تو ضمانت کے لیے جناب چیئرمین، جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ بہتر جانتے ہیں کہ وہ ضمانت کے لیے بھی ایک good ground ہوا کرتا ہے۔ مگر کیونکہ ضمانت تو یہاں پر اس ایوان کا subject نہیں ہے، اس ایوان کا subject یہ ہے کہ ایک شخص کے بارے میں، چلیں اس کو اس طرح سے کہتے ہیں کہ ایک سابق وزیراعظم، یہاں تک تو dispute نہیں ہے، ایک سابق وزیراعظم کے حوالے سے یہ dispute پیدا ہو گیا ہے کہ ان کی آنکھ ضائع ہونے کا خطرہ ہے یا نہیں یا یہ dispute پیدا ہو گیا

ہے کہ ان کو ایک بیماری ہے یا نہیں تو کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ ہم اس ہاؤس کی عزت بڑھاتے اور یہ کہتے کہ جایئے ایک nominee اپوزیشن لیڈر کا ہو اور ایک nominee قائد ایوان کا ہو، وہ دو لوگ جا کر مل لیں۔ ایک تو یہ طریقہ ہو سکتا ہے۔ ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے، دیکھیں، آج سے پہلے بھی اسی طرح کے معاملات ہوتے رہے ہیں، اس کے معاملات ممکن ہے کہ وہ پی ٹی آئی سے ملتے ہوں۔ مگر آپ کے ساتھ اگر کل کوئی زیادتی ہوئی تھی، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آج آپ زیادتی کریں۔ اس پاکستان میں جس کو بنے 75, 76 سال ہو گئے ہیں، آج آپ ایک بہتر راستہ اختیار کر لیں اور ان کو نہ صرف علاج کی سہولت مہیا کریں بلکہ ایک ایسا precedent set کریں کہ کل ان کے لیے ایک طعنہ ہو کہ جب کلثوم نواز بیمار تھیں تو آپ نے اس طرح سے کیا تھا مگر جب عمران خان صاحب بیمار ہوئے تو اس وقت ہم نے یہ سلوک کیا۔ ہمارے ہاں مسئلہ یہ ہے کہ اپنی بیماری ثابت کرنے کے شاید مرنا پڑتا ہے۔ جس طرح ساری قوم کلثوم نواز کی وفات تک ان کی بیماری کا مذاق اڑاتی رہی کہ شاید وہ بیمار ہیں، شاید وہ بیمار نہیں ہیں، شاید یہ ڈرامہ ہے، شاید یہ ڈرامہ نہیں ہے مگر ان کو وہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ خاتون سچی تھی، ان کو آخر کار اللہ کو جان دینی پڑی اور وہ جان دے کر پتا چلا کہ وہ خاتون سچی تھی۔ تو کیا یہ معاملہ اسی طریقے سے برقرار رکھا جائے گا یا عمران خان صاحب کو یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ سچے تھے۔ جب ان کے آنکھ کی یہ پندرہ فیصد بینائی بھی ختم ہو جائے اور کوئی ایسا معاملہ ہو جائے کہ آپ کا ایک سابق وزیر اعظم ایک آنکھ سے دیکھنے کے قابل نہ رہیں۔

آج ہم ایک درست طریقہ کار اپنا سکتے ہیں۔ آیئے، رانا ثناء اللہ صاحب بیٹھے ہیں، وہ میرے بھائی ہیں، میرے بہت محترم ہیں۔ وہ آئیں، اپوزیشن لیڈر کا ہاتھ پکڑیں اور کہیں کہ نہیں ہم اس پارلیمان کی عزت بڑھاتے ہیں۔ اس ملک میں ان عہدوں پر رہنے والوں کی عزت بڑھاتے ہیں۔ ہمارے آپس کے اختلافات ہو سکتے ہیں۔ ہمارے اعمال ماضی میں یا آج یا آنے والے کل اچھے یا برے ہو سکتے ہیں مگر جہاں پر وہ معاملہ جہاں انسانی جان کی حرمت کا معاملہ ہو جو کہ شاید کعبے سے بھی زیادہ جس کو اللہ پاک نے preference دی ہے۔ تو اس وقت ہم کو یہ بات کہنا کہ نہیں یہ سپریم کورٹ جائیں، یہ فلاں جگہ جائیں۔ جناب! آپ اپنا اختیار کیوں چھوڑ رہے ہیں۔ آپ کو اللہ پاک نے اختیار دیا ہے۔ آپ کا اختیار یہ ہے کہ آپ ایوان بالا ہیں۔ آپ کا اختیار یہ ہے کہ آپ پارلیمان ہیں اور آپ کے پارلیمان کا ایک رکن، چلیں چھوڑ دیں اس بات کو، اس بات پر لعنت بھیج دیں کہ کوئی شخص پہلے وزیر اعظم رہا ہے یا نہیں رہا مگر آپ کے پارلیمان کا، ایوان بالا کا ایک حصہ تو رہا ہے اور وہ آج اس حالت میں ہے کہ اس کو اس کے ایک عضو، ایک organ کے حوالے ایک خطرہ درپیش ہے۔ اس کے باوجود ہم Article 9 کو deny کرتے ہوئے اس بات پر بضد ہیں کہ نہیں اگر اس نے جانا ہے تو وہ فلاں راستہ اختیار کرے۔ تو فلاں راستہ اختیار کرنے سے پہلے آپ اپنا اختیار استعمال

کریں۔ آپ یہ طے کر لیجیے کہ کوئی راستہ ہمارے پاس بھی ہے۔ عدالت کے پاس ضمانت کا راستہ ہوگا۔ آپ کے پاس ان کے گھر کو جیل declare کرنے کا راستہ ہے۔ آپ کے پاس ان کو parole پر رکھنے کا راستہ ہے۔آپ کے پاس ان کوhospital shift کرنے کا راستہ ہے۔ کوئی ایک ایسا مہربانی کا عمل کریں جو کل کے لیے جس کی مثال دی جاسکے، جس میں یہ طے کیا جاسکے کہ جب مسلم لیگ (ن) کی اور پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت تھی تو مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی نے وہ عمل نہیں دہرایا جو اس سے پہلے اس ملک میں دہرایا جاتا رہا ہے۔ اس سے پہلے یہ عمل بھی دہرایا گیا کہ آپ کے وزیراعظم کو پھانسی گھاٹ تک پہنچا دیا گیا۔ اس سے پہلے یہ عمل بھی دہرایا گیا کہ آپ کے وزیراعظم کی بیگم کو علاج کی سہولت نہ دیتے ہوئے موت کے منہ تک پہنچا دیا۔

جناب! اس عمل کا خاتمہ ہونا چاہیے اور ایسا راستہ ہونا چاہیے جس کی تعریف کی جاسکے۔ ہم دنیا کی جمہوریتوں میں عزت اور وقار کے ساتھ آگے چل سکیں۔ سوال ایک قیدی کا نہیں ہے، ایسے قیدی کا نہیں ہے کہ چونکہ وزیراعظم تھا۔ اگر یہ مسئلہ کسی عام قیدی کو بھی درپیش ہوتا ہے تو اس کے لیے بھی یہ سہولت Article 9 میں ensure کی ہوئی ہے۔ جب Article 9 ایک شخص کو یہ سہولت دیتا ہے تو آگے بڑھیے، مہربانی کا سلوک کریں اور یہ راستہ اس پارلیمان کی عزت کا راستہ ہوگا۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! جو موضوع زیر بحث ہے، اس پر تو ابھی گفتگو ہو رہی ہے، بے شک جمعہ تک اس کو جاری رکھیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ تین چار بل ہیں۔ جیسے شروع میں گزارش کی تھی اور یہ طے پا گیا تھاlegislative business کو لے لیں۔ صرف دس منٹ کا ہے، دس منٹ سے زیادہ نہیں ہے۔ جناب! براہ مہربانی اسے لے لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب! آپ آپس میں طے کر لیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! دس منٹ سے بھی کم کی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا صاحب! اگر یہ دس منٹ کی بات کرتے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اس کے بعد یہ پیچھے جتنے مرضی Bills pass کریں، میں نے جمعہ پڑھنے کے لیے جانا ہے کیونکہ ہمارا جمعہ جلدی شروع ہوتا ہے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب! دس منٹ دے دیں۔ اس میں یہ Bills pass ہو جائیں۔ اگر ان کی تقاریر جمعے سے پہلے ختم نہ ہوں تو آپ جمعے کے بعد دوبارہ اجلاس رکھیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو دس منٹ کا مطلب دس منٹ ہی ہوگا۔ آرڈر نمبر ۳، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! آرڈر نمبر ۳ پر prosumer regulation کے حوالے سے تحریکِ التواء ڈالا تھا لیکن چونکہ منسٹر بھی نہیں ہے اور وزیراعظم نے بھی کچھ announcement کیا ہے اور نیپرا سے کہا گیا ہے کہ اس پر نظر ثانی کی جائے۔۔

Mr. Presiding Officer: Order in the House, please.

سینیٹر شیری رحمان: ہماری protest کے بعد نیپرا کو review کرنے کا کہا گیا ہے لیکن ہمیں ابھی بھی اندیشہ ہے۔ (جاری۔۔T10)

**T10-13Feb2026 Ali/Ed: Waqas 12:30 pm**

سینیٹر شیری رحمان: (جاری ہے۔۔) تو گزارش یہ ہے کہ Prime Minister نے ابھی ہمارے protest کے بعد NEPRAمیں review کروانے کو کہا ہے لیکن ہمیں اندیشہ ابھی بھی ہے کہ existing prosumers کے لیے شاید کر لیں، لیکن پاکستان کے Power Sector کا آگے کا جو سفر ہے اور جو اتنے لمبے چوڑے خسارے اور مسئلے چل رہے ہیں ,cripplingابھی بھی پورے خطے میں پاکستان میں سب سے مہنگی بجلی بیچی جاتی ہےاور electricity bill پر surchargeاور fixed charges ڈالے جاتے ہیں، hidden leviesہیں،تو اس حوالے سے میں بات نہیں کروں گی کیونکہ Minister نے deferral مانگا ہے۔It’s an adjournment motion جس پر سارے بات کرتے، لیکن آج جمعہ بھی ہے، وقت کم ہے، businessپرسب نے بات کرنی ہے تو آپ ایسا کر دیں کہ اس کو Power Committee میں refer کر دیں، وہاں ہم take up کر لیں گے۔

Mr. Presiding Officer: It is then referred to the Committee concerned.

Senator Sherry Rehman: Ok, thank you.

Mr. Presidign Officer: Order No. 04, Senator Faisal Javed. Yes Minister Sahib.

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان: فیصل جاوید صاحب کو بات کرنے دیں اور اس کے بعد پھر آپ Business لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فیصل جاوید صاحب، وہ کہہ رہے ہیں بات ہو گئی ہے، سینیٹر فیصل جاوید صاحب ۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز جمعہ کی اذان سنائی دی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: (عربی) سینیٹر فیصل جاوید صاحب ۔

**Senator Faisal Javed**

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، چیئرمین صاحب، یہ رپورٹ جو کہ Supreme Court Of Pakistan میں سامنے آئی اور Chief Justice Sahib نے اس کے بعد حکم جاری کیا کہ اس مہینے کی 16 February تک عمران خان صاحب کا علاج کروایا جائے اور جو specialist ہیں، جس طرح سے سلمان صفدر نے بھی اپنی رپورٹ میں لکھا کہ عمران خان صاحب کی کوئی demand نہیں ہے، وہ کہتے ہیں مجھے پتا ہے کہ میں جیل میں ہوں اور جیل میں جیسے بھی ہے لیکن جو basic survival ہے اس کے علاوہ انہیں کچھ نہیں چاہیے، کوئی demand انھوں نے نہیں کی، میں سمجھتا ہوں وہ سابق وزیر اعظم تو ہیں ہی ہیں، لیکن وہ اس قوم کے National Hero ہیں۔

میں سیاسی بات نہیں کروں گا، میں کھڑے ہو کر ایک دعویٰ کر سکتا ہوں کہ اس وقت یہاں نہ صرف Opposition کے بلکہ Government Parties کے بھی جو لوگ ہیں، میں یہ دعویٰ کر سکتا ہوں کہ ان کی families میں بھی جو بچے ہیں یا باقی لوگ ہیں، وہ سب عمران خان کے fans ہیں اور ان کے لیے دعائیں کر رہے ہیں۔ یہ میں دعویٰ کر سکتا ہوں، یہ میں بتا سکتا ہوں۔ سیاسی بات نہیں ہے, وہ National Hero ہیں، اس چیز کو سب مانتے ہیں۔ کیا قومیں اپنے heroes کے ساتھ ایسے سلوک کرتی ہیں؟ اس رپورٹ پر تو میں آتا ہوں، لیکن اس سے پہلے آپ دیکھ لیں کہ عمران خان صاحب پر جو مقدمات بنے، وہ سارے bogus, جیسے جیسے وہ Court میں لگتے رہے وہ سارے اڑ گئے۔ پھر ان کو ناحق قید میں رکھا گیا، ان کی پارٹی کا انتخابی نشان لے لیا گیا۔ جو کچھ ہوا وہ سب کے سامنے ہے، اس کے باوجود قوم نے عمران خان کو ہی vote دیا۔ 08 February 2024 میں یہ سارا

کچھ ہمارے سامنے ہوتا رہا اور آج یہ عالم ہے کہ ایک طرف ناحق قیداور دوسری طرف ہم کیا کہتے ہیں؟ کہ عدالتوں سے ہمیں انصاف چاہیے۔

تحریک انصاف عمران خان نے انصاف کے لیے شروع کی تھی، ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم Government میں آ جائیں، ہم کہتے ہیں کہ ہمیں انصاف چاہیے۔ اب High Court میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کو Al-Qadir case میں جو سزائیں ہوئیں اس کے خلاف appeals دائر ہوتی ہیں January 2025 میں۔آج February 2026 ہے، ایک سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جو بھی فیصلہ ہےوہ کریں لیکن سنیں تو سہی، وہ appeals سنیں تو سہی۔

اب میں رپورٹ پر آتا ہوں۔ دیکھیں، October 2025میں عمران خان صاحب کا vision 6X6 ٹھیک تھا، اس کے بعد جب انہیں blurred اور hazy vision ہوا، تو انہوں نے شکایت کی اور بتایا لیکن اس پر authoritiesنے کوئی actionنہیں لیا۔ پھر اچانک ان کی دائیں آنکھ کی نظر چلی گئی، ہم اس عمران خان کی بات کر رہے ہیں جس نے پوری زندگی اس قوم اور اس ملک کے لیے صرف کی۔ آپ 1970 سے دیکھ لیں، خود پڑھ لیں، میں تفصیل میں نہیں جاتا لیکن ایک بات تو آپ سب جانتے ہیں اور تعریف بھی کرتے ہیں اور مجھے پتا ہے آپ میں سے کئی لوگ donation دیتے ہیں اور یہ اچھی بات ہے، دینا بھی چاہیے۔ یہ دنیا کا وہ شخص ہے جس کا علاج نہیں کروایا جا رہااور یہ وہ ہے جس نے غریبوں کے مفت علاج کے لیے دنیا کا واحد cancer hospitalبنایا، جہاں 70% مفت علاج ہوتا ہے۔

اب اس کے بعد جی وہ PIMS, پہلے تو deny کرتے رہے، پھر کہا کہ ہاں، 15%یہ رپورٹ میں ساریdetails درج ہیں، میں یہ چاہوں گا کہ یہ رپورٹ بھی سامنے رکھی جائے کیونکہ ہم اس رپورٹ سے ہٹ کر isolation میں بات نہیں کر سکتے۔ میں سیاسی بات نہیں کر رہا، میں اس رپورٹ کی بات کر رہا ہوں۔ سلمان صفدر صاحب نے بتایا کہ جب وہ ان سے ملاقات کر رہے تھے، تو اس وقت بھی ان کی آنکھوں میں بار بار پانی آ رہا تھا وہ بار بار tissue سے repeatedly اس کو صاف کر رہے تھے اور اس وقت بھی ان کی15% vision تھی اور صرف سفید روشنی دکھائی دیتی ہے۔

جو رپورٹ پہلے آنی تھی وہ تو آئی نہیں۔ پھر سلمان صفدر لکھتے ہیں کہ چھ تاریخ کو میرے insist کرنے کے بعد جب رپورٹ آئی تو اس میں تفصیلات نہیں تھیں، وہ نامکمل تھی۔ ہم یہاں سے بھی، بار بار اڈیالہ جیل سے بھی، ہر جگہ سے اور کئی مہینوں سے یہ آواز اٹھاتے رہے کہ عمران خان کے ذاتی doctors ڈاکٹر فیصل اور ڈاکٹر عاصم کو ان تک رسائی نہیں دی جا رہی ہے، ہماری تو دو سال سے زیادہ ملاقاتیں نہیں ہو رہیں، ہم Court Orders لے کر جاتے ہیں پھر بھی ملنے نہیں دیا جاتا، وکلاء کی بھی ملاقاتیں نہیں ہو رہیں، family کی بھی کم کم ملاقاتیں ہوتی ہیں اور تو کافی عرصے سے ان کی بہنوں کی بھی ملاقات نہیں ہو رہی۔ ہم بار بار کہہ رہے تھے کہ سیاست کو چھوڑیں، باقی چیزوں کو چھوڑیں، ان کے doctors کو تو access دیں لیکن کوئی سنوائی نہیں ہوئی۔

اب ایک اور چیز جو اس رپورٹ میں سامنے آئی ہے، یاد رکھیں کہ عمران خان صاحب کی عمر 73 سال ہے اور میں انہیں بچپن سے جانتا ہوں۔۔۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔T-11)

T11-13Feb2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 12:40 pm

سینیٹر فیصل جاوید: (جاری۔۔۔) یاد رکھیں عمران خان صاحب کی عمر73 ہے اور میں انہیں بچپن سے جانتا ہوں، وہ کبھی بھی اپنی شکایت نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے کچھ نہیں ہوا، میں ٹھیک ہوں، کئی لوگوں میں ایسی بات ہوتی ہے۔ دانتوں کا درد اتنا خطرناک ہوتا ہے، وہ دانت کے حوالے سے دو سال سے بتا رہے تھے لیکن اُس حوالے سے بھی انہیں کوئی treatment نہیں دی گئی، یہ سب کچھ اُس report میں آیا ہے۔ ہمیں یہ حقائق سامنے رکھنے چاہییں، انہیں مکمل isolation میں رکھا گیا ہے، بارہا اس پر بات کی، آواز اٹھائی، ان کے بچوں سے ان کی بات نہیں کروائی جاتی۔ بشریٰ بی بی جو ان کی اہلیہ ہیں۔ ہم ان سب چیزوں پر کوئی extraordinary بات نہیں کر رہے، ہم کہہ رہے ہیں کہ بالکل jail manual کے مطابق، بالکل court orders کے مطابق ان کا جو حق بنتا ہے وہ انہیں دیا جائے۔ جناب والا! اب بات بہت آگے آگئی ہے۔ میں آپ کو ایک چیز دکھاتا ہوں کہ احساس کیا ہے، قرآن پاک میں دو مرتبہ leadership کی جو qualities بیان ہوئی ہیں، ان میں رحم دلی بہت بڑی quality ہے۔ میں ابھی ان آیات کو یہاں نہیں پڑھتا لیکن آپ خود study کر لیں۔ حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابراہیم کے بارے میں دو واقعات کا ذکر ہے اور وہاں اللہ نے یہ قول بیان کیا کہ رحم دلی۔ ہم کہتے ہیں کہ یہاں انسانی معاشرہ ہے، انسانی معاشرہ میں کیا یہ کچھ ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! جب عمران خان صاحب وزیراعظم تھے تو انہوں نے 24th October, 2019 کو 3:11 pm پر ایک بیان دیا اور کہا کہ "political differences notwithstanding, my sincere prayers are with Nawaz Sharif for his health. I have directed all concerned to ensure provision of the best possible healthcare and medical treatment for Nawaz Sharif." انہوں نے لکھا کہ انہیں علاج معالجے کی بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے میں نے تمام متعلقہ حکام کو ہدایات دی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ، نماز کا بھی وقت ہو گیا ہے۔ جمعے کی نماز کے بعد continue کر لیجیے گا۔

سینیٹر فیصل جاوید: جی ابھی بیس منٹ ہیں۔ مجھے دو منٹ دے دیں۔ ہم نے بڑی تسلی کے ساتھ اُن کی بات سنی اور میں تو کوئی ایسی بات نہیں کر رہا، میں تو بڑی سیدھی بات کر رہا ہوں۔ ابھی علامہ صاحب نے بڑی اچھی بات کی، ہمیں اسی طرف جانا چاہیے، باقی چیزیں ہوتی رہیں گی، ہم کرتے رہیں گے۔ اس وقت emergency basis پر عمران خان صاحب کو Shifa Eye International Hospital shift کیا جائے، ڈاکٹر فیصل اور ڈاکٹر عاصم کی موجودگی میں وہاں special expert doctors سے علاج کروایا جائے۔ چوبیس گھنٹوں سے زیادہ ہو چکے ہیں اور Chief Justice Sahib نے سولہ فروری کی deadline دی ہوئی ہے، اس پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے، ہم اپنے باقی معاملات کر لیں گے۔ میں جب یہ statement پڑھ رہا تھا، جب عمران خان وزیراعظم تھے، انہوں نے صرف یہ بیان نہیں دیا، اس پر مکمل عملدرآمد بھی ہوا۔ نواز شریف صاحب کو سہولت چاہی، جو treatment چاہی وہ انہیں ملی۔ اس کے بعد کیا ہوا، وہ آپ جانتے ہیں، میں اس طرف نہیں جاتا لیکن بات ظرف کی ہوتی ہے۔ آج آپ کا امتحان ہے اور عدالت کا order بھی ہے۔ لہٰذا ہم یہاں سے ایک مرتبہ پھر demand کرتے ہیں، آواز اٹھاتے ہیں، ہم ہر forum پر آواز اٹھائیں گے، جب تک عمران خان کا مکمل علاج نہیں ہو جاتا، ان کی مرضی کے مطابق، top specialists and experts سے، ڈاکٹر فیصل اور ڈاکٹر عاصم کی موجودگی میں، تب تک ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔

جناب والا! I am almost done, just last sixty seconds. یہاں جو لوگ ہمیں سن رہے ہیں۔ اس report میں کچھ چیزیں بہت important ہیں، وہاں سے ہمیں ان کا جواب نہیں آیا۔ میں نے پہلی report کے حوالے سے ایک point raise کیا تھا، انہوں نے بتایا کہ وہ نامکمل تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فیصل صاحب! آپ نے اگر مزید کوئی بات کرنی ہے تو نماز کے بعد کر لیجیے گا۔

سینیٹر فیصل جاوید: جناب والا! میں یہ چاہوں گا کہ اس reportکے کچھ نکات ہیں جنہیں میں پڑھتا نہیں ہوں لیکن میں انہیں mention کر دیتا ہوں۔ لہٰذا اس پر آپ ہمیں جواب ضرور دیں۔ اس کی conclusive findings and recommendationsمیں ہے، آپ para No. 21 کو دیکھ لیں اور اس میں جتنی تفصیلات ہیں اس حوالے سے جواب دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہدایت اللہ صاحب! صورت حال یہ ہے کہ under Rule 1, ایک دن میں ایک adjournment motion ہو سکتا ہے، چونکہ ایک ہو چکا ہے تو آپ کا carry forward ہو جائے گا کیونکہ یہ rules کی مجبوری ہے۔ ہم ایک لے چکے ہیں، اس لیے یہ اگلے دن پر چلا جائے گا، یہ قانونی مجبوری ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ اگلے دن پر چلا جائے گا۔ اگر Order No. 3 take upنہ ہوتا تو آپ کا agenda take up ہوتا۔ Order No. 15. Minister for Parliamentary Affairs.

**Consideration and Passage of [The Cannabis Control and Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2026]**

Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Minister for Parliamentary Affairs): Sir, I, as In-Charge Minister for Cabinet Secretariat, move that the Bill to amend the Cannabis Control and Regulatory Authority Act, 2024 [The Cannabis Control and Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed? Not opposed. Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Second reading of the Bill. Clause 2.There is no amendment in Clause 2. So I will put this Clause before the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. There is no amendment in Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. I now put the Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that the Clause 1, the Preamble and the Title do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 16. Minister In-Charge Cabinet Secretariat, may move Order No. 16.

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: Sir, I, as Minister In-Charge Cabinet Secretariat, move that the Bill to amend the Cannabis Control and Regulatory Authority Act, 2024 [The Cannabis Control and Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed. Order No. 17. Minister In-Charge Cabinet Secretariat, move Order No. 17.

**Consideration and Passage of [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026]**

Dr. Tariq Fazal Chaudhry: Sir, I as Minister In-Charge Cabinet Secretariat, move that the Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

(Continue …….T/12)

T12–13Feb2026 Imran/ED: Irum 12:50 pm

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: (contd…..) Sir, I as Minister In-Charge Cabinet Secretariat, move that the Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it Opposed? No. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried.

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی حاجی صاحب۔آپ نماز کے بعد بات کر لیں۔آپ نماز پڑھ کر آ جائیں۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم حاجی صاحب کی بات سن لیتے ہیں۔ جی حاجی صاحب، آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ فاٹا اور وہاں کی industryکے جو حالات ہیں، میں یہ request کرنا چاہتا ہوں کہ میں آپ کو یہ writtenمیں دے دیتا ہوں، آپ اس کو کمیٹی میں بھیجوادیں تاکہ اس پر کمیٹی لوگوں کو بلائے اور سب کی تسلی ہو جائے۔ وہاں پر حالات بہت خراب ہیں۔ وہاں بے روزگاری ہے۔ وہاں کی industries بند ہو رہی ہیں۔ وہاں پر بجلی کے مسائل ہیں تو میرا خیال ہے کہ میں یہ written میں آپ کو دے دیتا ہوں۔ آپ اُس کو کمیٹی میں بھجوادیں۔ تو میرا بس یہی ایک سوال ہے۔ باقی میری کوئی لمبی چوڑی اور بات نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے حاجی صاحب۔ آپ کمیٹی میں چاہتے ہیں تو ہم کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جی بہت بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Now we take up Second Reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 4. There is no amendment in the clauses 2 to 4, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 4 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 4 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 18. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.18.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, as Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, hereby move that the Bill further to amend the Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) Act, 1957 [The Pakistan Names and Emblems (Prevention of Unauthorized Use) (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and the Bill stands passed. Order No. 19. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.19.

**Consideration and Passage of [The National Archives (Amendment) Bill, 2026]**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, as Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, move that the Bill to amend the National Archives Act, 1993 [The National Archives (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it Opposed? No. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Now we take up Second Reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 8. There is no amendment in the clauses 2 to 8, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 8 do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 8 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Clause 1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 20. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.20.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, as Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, hereby move that the Bill to amend the National Archives Act, 1993 [The National Archives (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and the Bill stands passed. Order No. 21. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.21.

## Consideration and Passage of [The Naya Pakistan Housing and Development Authority (Amendment) Bill, 2026]

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, as Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, hereby move that the Bill to amend the Naya Pakistan Housing and Development Authority Act, 2020 [The Naya Pakistan Housing and Development Authority (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it Opposed? No. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Now we take up Second Reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 5. There is no amendment in the clauses 2 to 5, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 5 do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 5 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and Clause 1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 22. Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.22.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, as Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, hereby move that the Bill to amend the Naya Pakistan Housing and Development Authority Act, 2020 [The Naya Pakistan Housing and Development Authority (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and the Bill stands passed. Order No. 23. Senator Azam Nazeer Tarar *Sahib*. He is not here. On his behalf Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.23.

**<u>Consideration and Passage of [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2026]</u>**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, on behalf of Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law, Justice and Human Rights, hereby move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it Opposed? No. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Now we take up Second Reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 3, There is no amendment in the clauses 2 to 3, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 3 do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 3 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and Clause 1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 24. Senator Azam Nazeer Tarar *Sahib*. He is not here. On his behalf Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.24.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, on behalf of Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law, Justice and Human Rights, hereby move that the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and the Bill stands passed. Order No. 25. Attaullah Tarar *Sahib*, Minister for Information and Broadcasting. He is not here. On his behalf Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.25.

## **Consideration and Passage of [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2026]**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, on behalf of Mr. Attaullah Tarar, Minister for Information and Broadcasting, hereby move that the Bill to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it Opposed? No. I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Now we take up Second Reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 6. There is no amendment in the clauses 2 to 6, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 6 do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 6 stand part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill? I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and Clause 1, the Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No. 26. Attaullah Tarar *Sahib*, Minister for Information and Broadcasting. He is not here. On his behalf Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat may move order No.26.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: I, on behalf of Mr. Attaullah Tarar, Minister for Information and Broadcasting, to move that the Bill to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried and the Bill stands passed. The proceedings of the House are adjourned for Juma Prayer break and we will reassemble at 2 pm.

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! لوگوں نے lunch بھی کرنا ہے۔ چونکہ ہم Leader of the Opposition سے طے کر چکے ہیں۔ آپ شاید lobby میں گئے ہوئے تھے افنان صاحب! آپ اُس وقت کہتے تو بہتر ہوتا۔ ہم چونکہ اُنہیں کہہ چکے ہیں تو اس لیے مناسب نہیں ہے۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب نے تو نو Bills pass کروا لیے ہیں۔ اب دیکھیں۔

*[The House was then adjourned to meet again after Juma Prayer break at 02:00 p.m.]*

T13-13Feb2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 2.00 PM

*(The House reassembled again at 02:00 p.m. with Mr. Presiding Officer Senator Shahdat Awan in the Chair*

Mr. Presiding Officer: Order No.05 Senator Syed Waqar Mehdi. Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privilege, may move Order No.05.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion moved by Senator Umer Farooq regarding misconduct of Chief Secretary, Home Secretary, IGP Balochistan and Commissioner Quetta**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Umer Farooq regarding misconduct of Chief Secretary, Home Secretary, IGP Balochistan and Commissioner Quetta may be extended for a period of 60 days with effect from 11 February 2026.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.06 Senator Syed Waqar Mehdi. Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privilege, may move Order No.06

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion moved by Senator Abdul Shakoor Khan regarding misconduct of Director Land, CDA and Chairman, CDA**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Abdul Shakoor Khan regarding misconduct of Director Land, CDA and Chairman, CDA may be extended for a period of 60 days with effect from 12 February 2026.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer:  Order No.07 Senator Syed Waqar Mehdi. Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privilege, may move Order No.07.

**Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on the proposed amendment in Rule 209 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on the proposed amendment in Rule 209 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, moved by Senator Shahadat Awan.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No. 8 Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privilege, may move Order No. 8.

**Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion regarding misconduct of Acting Vice Chancellor of Quaid-e-Azam, University (QAU), Islamabad**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senators Dost Ali Jessar, Sardar Gurdeep Singh, Syed Ali Zafar, Jan Muhammad and Abdul Shakoor Khan regarding misconduct of Acting Vice Chancellor of Quaid-e-Azam University, Islamabad.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.9 Senator Faisal Saleem Sahib, Chairman, Standing Committee on Narcotics Control.

کیا Interior Committee سے کوئی معزز رکن موجود ہیں؟ Interior Committeeسے کوئی رکن موجود نہیں ہے۔

Order No. 10 Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances, may move Order No. 10.

**Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding digital/online measures adopted/ being adopted by the PMDC to facilitate the registration of foreign qualified doctors**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں، سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان کی جانب سے 6 ستمبر 2024 کو منعقدہ سینیٹ اجلاس میں پوچھے گئے نشاندار سوال نمبر 66 کے جواب میں وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کو آرڈینیشن کی جانب سے دی گئی یقین دہانی، جو فارن کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی سہولت کے لیے پی ایم ڈی سی کی جانب سے اختیار کردہ/اختیار کیے جانے والے ڈیجیٹل/آن لائن اقدامات سے متعلق ہے، پر کمیٹی ہذا کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances, may move Order No. 11.

**Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding non-transmission of lab reports to patients online by the Federal Government Hospitals in Islamabad despite being facilitated by the internet and other requisite facilities**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں، سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، سینیٹر ہدایت اللہ خان کی جانب سے 25 اکتوبر 2024 کو منعقدہ سینیٹ اجلاسِ میں پوچھے گئے نشاندار سوال نمبر 36 کے جواب وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کی جانب سے دی گئی یقین دہانی، جو اسلام آباد میں فیڈرل گورنمنٹ ہسپتالوں کی جانب سے انٹرنیٹ اور دیگر مطلوبہ سہولیات کے باوجود مریضوں کو آن لائن لیبارٹری رپورٹس کی عدم ترسیل سے متعلق ہے، پر کمیٹی ہذا کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.12, Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances, may move Order No. 12.

**Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding handing over 23 operations of three Pakistani International Airports to a foreign country**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں، سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، سینیٹر ڈاکٹر زرقاء سہروردی تیمور کی جانب سے 10 نومبر 2023 کو منعقدہ سینیٹ اجلاسِ میں پوچھے گئے نشاندار سوال نمبر 35 کے جواب وزیر انچارج ہوابازی ڈویژن کی جانب سے دی گئی یقین دہانی، جو کہ آیا یہ حقیقت ہے کہ مارچ 2023 میں تین پاکستانی انٹر نیشنل ایئر پورٹس کے 23 آپریشنز ایک بیرون ملک کو حوالے کرنے کے لیے ایک ایڈوائزری سروس ایگریمنٹ پر حکومت کی جانب سے دستخط کیے گئے، اگر ایسا ہے، تو اس کی تفصیلات کیا ہیں نیز ان ایئر پورٹس کی آؤٹ سورسنگ سے حاصل ہونے والے منافع یا متوقع منافع کی مالیت کیا ہے، سے متعلق ہے، پر کمیٹی ہذا کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.13, Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances, may move Order No. 13.

**Presentation of report of the Functional Committee on Government Assurances regarding increasing in Pakistan as compared to other Asian countries**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں، سینیٹر عبدالشکور خان، چیئرمین، فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، سینیٹر مشتاق احمد کی جانب سے 8 فروری 2022 کی جانب سے کو منعقدہ سینیٹ اجلاسِ میں پوچھے گئے نشاندار سوال نمبر 137 کے جواب میں وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کی جانب سے دی گئی یقین دہانی، جو کہ آیا یہ حقیقت ہے کہ دیگر ایشیائی ممالک کے مقابلے میں پاکسان میں ایڈز کے مریضوں میں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اور پاکستان مین ایڈز کے پھیلاؤ کے روک تھام کے لیے، کیے گئے اقدامات، سے متلق ہے، پر کمیٹی ہذا کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رپورٹ پیش کردی گئی۔ سینیٹر عبدالشکور خان صاحب آج تو سارا business آپ کا ہی ہے۔

Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances, may move Order No. 14. (Cont'd……T-14).

T14-13Feb2026 Tariq/Ed: Shakeel. 02:10 pm

Mr. Presiding Officer: (Contd…) Senator Abdul Shakoor Khan, Chairman, Functional Committee on Government Assurances may move Order No.14.

**Presentation of report of Functional Committee on Government Assurances in response to a Starred Question No. 228, asked by Senator Muhammad Talha Mahmood, regarding financial assistance from Government of China for the construction of international airport in Gwadar**

سینیٹر عبدالشکور خان: میں سینیٹر عبدالشکور خان، چیئر مین فنکشنل کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں، سینیٹر طلحہٰ محمود کی جانب سے ۱۰ مئی ۲۰۱۹ کو منعقدہ سینیٹ اجلاس میں پوچھے گئے نشان دار سوال نمبر ۲۲۸ کے جواب میں وزیر انچارج کی جانب سے دی گئی یقین دہانی جو کہ آیا یہ حقیقت ہے کہ چین کی حکومت گوادر میں انٹر نیشنل ایئر پورٹ کی تعمیر کے لیے مالی امداد فراہم کرنے پر رضامند ہوئی اگر ایسا ہے تو اس ضمن میں چائنہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی امداد کے حصے، فیصد کے متوقع رقم کی مالیت اور مذکورہ ایئر پورٹ پر کام کی تکمیل کی موجودہ حیثیت کیا ہے، سے متعلق ہے۔

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.27 is a Calling Attention Notice, Senator Zeeshan Khan Zada Sahib raise the matter.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: شکریہ، جناب چیئر مین!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب، اس میں چونکہ منسٹر صاحب نہیں ہیں اور انہوں نے writing میں deferment کے لیے request کی ہوئی ہے تو اگلے اجلاس میں اسے لے لیں گے۔ آپ کا کہنا بجا ہے کہ آپ نے بہت اہم چیز کا کہا ہے لیکن چونکہ انہوں نے request کی ہے اور ہم نے باقی کا business بھی defer کیا ہے اس لیے اسے بھی defer کر دیں۔ شکریہ جناب۔ اگلا Order No.28 سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ کا ہے اس کی بھی deferment کی درخواست ہے، اسے بھی defer کر لیتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے نماز سے پہلے طے کیا تھا کہ نماز کے بعد speeches کو ہم جاری و ساری رکھیں گے تو میں سینیٹر اعظم سواتی صاحب سے درخواست کروں گا کہ

وہ اپنی تقریر کا آغاز کریں لیکن میں دوستوں سے درخواست کروں گا کہ وہ تین سے پانچ منٹ سے زیادہ کا وقت نہ لیں تاکہ تمام دوستوں کو بولنے کا موقع مل سکے۔

**Senator Muhammad Azam Khan Swati**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میرا خیال ہے کہ میں تین منٹ کے اندر ختم کروں گا اس احساس کے ساتھ کہ دوسروں کو واقعی وقت ملنا چاہیے تاکہ اپنے دل کے اوپر جو بوجھ ہے اسے وہ ہلکا کر سکیں۔

جناب چیئر مین! سیاسی اختلاف اپنی جگہ پر لیکن across the board ہمیں انسانی احساس ہونا چاہیے کہ ریاست کی قید میں پاکستان کا سب سے بڑا مقبول لیڈر، تاریخی طور پر مقبول لیڈر عمران خان، اس کی صحت کے حوالے سے اور خاص طور پر اس کی بینائی کے تناظر میں جو نقصان ہوا ہے کوئی اسے اپنی ذمہ داری قبول کرے۔ میں فیصلہ سازوں سے بھی یہ کہتا ہوں کہ جس طرح سے سینیٹر فیصل جاوید صاحب نے بھی کہا کہ ترس اور انسانی ہمدردی وہ جذبہ ہے جو ہر انسان کے اندر ہونا چاہیے اور میں اسی تناظر میں کہہ رہا ہوں کہ ان کو بہترین طبّی سہولیات دی جائیں، ان کی مرضی کے ڈاکٹر آ کر ان کا معائنہ کریں اور کس کی موجودگی میں معائنہ کریں؟ ڈاکٹر فیصل سلطان کی موجودگی میں جن پر ان کو اعتماد ہے۔ بورڈ بنائیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے کہ کس کی غفلت کی وجہ سے، criminal negligence کی وجہ سے پاکستان کے ایک شہری، پاکستان کے ہر دل عزیز لیڈر اور سابقہ وزیراعظم کی بینائی کو نقصان پہنچا ہے۔ کسی پر انگلیاں اٹھانے کی بجائے میرا یہ خیال ہے کہ حکومت کو بھی آگے بڑھ کر ہر وہ طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے کہ جس سے ان کی بینائی دوبارہ بحال ہو، ان کا بہترین علاج ہو اور ایک ایسے ماحول میں ہو جس سے پاکستان کے لوگ، جتنی بھی بین الاقوامی human rights کی تنظیمیں ہیں وہ کم از کم اس سے مطمئن ہوں۔ جس طرح سے میں کہہ رہا ہوں کہ ہمارے آئین کا آرٹیکل ۹ اور ۱۴ اسی ضمن کے اندر ہے کہ انسان کی جان، انسان کی حرمت، اس کے اعضاء کی حرمت یہ انتہائی اہم ہے اور ان کا قانونی اور دستوری طور پر تحفظ ہونا چاہیے، بہت شکریہ جناب چیئر مین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، اعظم سواتی صاحب۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں اپنی بات یہاں سے شروع کرتا ہوں کہ ایک شخص جو کہ اس ملک کا وزیراعظم رہ چکا ہے، جس نے امت مسلمہ کا جھنڈا اٹھا کر رکھا، جس نے absolutely not کا نعرہ لگایا، جو کہ United Nations میں جا کر Islamofobia سے متعلق برملا گفتگو کرتا ہے، وہ شخص جس نے پاکستان کے لیے کرکٹ کے میدان میں اعزازات حاصل کیے، انہوں نے کرکٹ کے میدان میں جو خدمات دیں اس کی وجہ سے پاکستان کو کتنا عروج ملا اور کتنی عزت ملی، یہ وہ شخص ہے جناب۔

جناب چیئرمین! یہ وہ شخص ہے جو کہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے جو کہ اس وقت پاکستان کا سب سے popular leader ہے چاہے کوئی اسے مانے یا نہ مانے لیکن یہ ایک fact ہے۔ یہ وہ شخص ہے جس نے پاکستان میں international standard کے تین بڑے کینسر کے ہسپتال بنائے، جنہیں international accreditation ملی ہے، اس نے اپنی زندگی اس چیز کے لیے وقف کر دی کہ جو غریب لوگ اپنا علاج نہیں کرا سکتے وہ وہاں جا کر اپنا مفت علاج کروائیں۔ پہلے ایک ہسپتال بنا، پھر دوسرا اور اب تیسرا بھی تکمیل کے قریب ہے۔ اس شخص کو یہ سہولت ملے کہ وہ جب بیمار ہو اور اسے ڈاکٹر کی ضرورت ہو تو اسے ان تک رسائی نہ ملے یہ کتنے افسوس اور درد کی بات ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ سب کچھ چھوڑ کر انسانیت کے ناطے، انسان کی آنکھ اس کے پورے جسم میں سب سے نازک ترین جزو ہے۔ میں آپ کو اپنی بات بتاؤں کہ پچھلے سال میری wife کو آنکھ کی تکلیف ہوئی، اس نے پہلے کوئی drops وغیرہ ڈالے اور چوبیس گھنٹوں میں جب وہ ڈاکٹر کے پاس گئی تو اس نے کہا کہ you were almost there, you could have lost your eyesight and at the same time آنکھ میں جو pus جمع ہو جاتی ہے اور جب وہ دماغ میں پہنچ جاتی ہے that is fatal as well اسے نہ تو اپنی مرضی کے مطابق ڈاکٹر ملے، نہ اپنی مرضی کا ہسپتال ملے اور اسے PIMS لایا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑا کوئی ظلم نہیں ہو سکتا ہے۔

رانا ثناءاللہ صاحب نے یہاں ضرور فرمایا ہم ان کی عزت کرتے ہیں لیکن دیکھیں یہ جو specialized hospitals ہیں اس میں انہیں لے جانے میں کیا تکلیف تھی، ان کے رشتہ داروں کو یا ان کے پسند کے ڈاکٹر کے پاس لے جانے میں انہیں کیا تکلیف تھی۔ آپ فرما رہے ہیں کہ ہسپتال جا کر بھی ڈاکٹر نے ان کا visit کیا، آیا وہ کس چیز کا ڈاکٹر ہو سکتا ہے جو بغیر کسی equipment کے، اس کے تو بہت sophisticated equipment ہوتے ہیں جس سے آنکھ کا علاج اور معائنہ ہوتا ہے اور اسے دیکھا جاتا ہے۔ آپ یہ کیسے کہہ رہے ہیں کہ

انہیں ہسپتال میں ڈاکٹر تک رسائی دی گئی ہے بلکہ میں تو ابھی بھی کہتا ہوں کہ جیسا کہ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ 16 تاریخ تک، بلکہ انہیں کہنا چاہیے تھا کہ آج، اسی وقت، فی الفور ان کو ان کے پسند کے ہسپتال لے جایا جائے اور ان کی پسند کے ڈاکٹر کو دکھایا جائے۔

(آگے جاری۔۔۔T-15)

T15-13Feb2026　　Mariam Arshad/Ed:Shakeel　　02:20 p.m.

سینیٹر محسن عزیز: (جاری۔۔۔) بلکہ میں تو ابھی کہتا ہوں کہ جیسا کہ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ 16 تاریخ تک، بلکہ انہیں کہنا چاہیے تھا آج اسی وقت، فی الفور ان کو پسند کے ہسپتال میں لے جایا جائے اور ان کی پسند کے ڈاکٹر کو دکھایا جائے کیونکہ یہ انسانیت کی بات ہے، human rightsکی بات ہے، ایک انسان کی بات ہے۔ آپ باقی تمام چیزیں چھوڑ دیں یہ انسانیت اورایک انسان کی بات ہے کہ جس کے لیے ہم یہاں آج یہ بات کر رہے ہیں۔

ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ سب سے پہلے تو یہ جو اقدام ہوئے ہیں، جو اس سلسلے میںdelay کیا گیا ہے چاہے وہ ایک مہینہ پہلے بتایا گیا ہے یا جنوری میں بتایا گیا ہے۔ آج ہم 12, 13 February میں بیٹھے ہیں یہ تو کافی وقت گزر رہا ہے، وقت گزرتا جا رہا ہے اور آنکھ کی تکلیف اگر ایک بال چلا جائے آنکھ میں تو انسان اتنا disturbرہتا ہے کہ رات کو نیند تک بھی نہیں آتی ہے۔ آپ خود سوچیں کہ ایک انسان ہم مانتے ہیں کہ ہمت والا انسان ہے، جذبے والا انسان ہے، محب الوطن انسان ہے، لیکن اس کے ساتھ ایسا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے؟ میرا خیال ہے ایسے سلوک تو جو prisoners of warہوتے ہیں ان کے ساتھ بھی نہیں کیا جاتا۔ میری گزارش یہی ہے کہ جلد از جلد ان کو ایک اچھے ہسپتال میں، ان کی مرضی کے ہسپتال میں ان کو لے جایا جائے ان کا علاج کرایا جائے کیونکہ یہ criminal actہو جائے گا۔ اگر آپ اس کو روکیں، اگر آپ اس کے اوپر فی الفور actionنہ لیں۔ میری گزارش یہاں یہ بھی ہے کہ یہ نہ کیا جائے کہ 16 تک، 16 تک بہت وقت گزر جائے گا۔ میں اپنا جو واقعہ سنا چکا ہوں وہ یہی تھا کہ انہوں نے کہا تھا اگرآپ دو گھنٹے، تین گھنٹے lateکر دیتیں تو آپ کی eye sightکے علاوہ it could have been fatal. These things are very serious, یہ کوئی چھوٹی سی بات نہیں ہے کہ جس کو آدمی اس طریقے سے اس کو پس پشت ڈالتا رہے اور under the pillowڈالتا رہے۔

میری حکومت سے بھی یہی گزارش ہے کہ جس طرح سے یہاں کے لوگ آپ خود تشریف لے جائیں، ہمارے جو لوگ ہیں وہ آپ کے ساتھ وہاں تشریف لے جائیں۔ ان سے جا کر بیمار پرسی بھی کی جائے اور بیمار پرسی کے علاوہ ان کو جو سہولت دینی چاہیے وہ جا کے inspect بھی کریں۔ ایک کمیٹی بنے اور جا کر ان کو inspect کریں۔ ہم نے یہ ہندوستان سے کوئی prisoner of war نہیں پکڑا، یہ ہم نے کوئی اسرائیل سے آدمی بھی نہیں پکڑا کہ جس کو ہم اذیت دینا چاہتے ہیں۔ اس کو بھی آپ اذیت نہیں دے سکتے، International Treaties کے تحت اس کو بھی اذیت نہیں دے سکتے۔ یہ تو آپ کے ملک کا ایک باشندہ ہے، باوقار آدمی ہے، باعزت آدمی ہے اور اس نے ملک کے لیے جو کچھ کیا ہے ہم سب کے سامنے ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن عزیز بہت شکریہ۔ ایک second افنان صاحب، Order No.29. ہے۔ Order No.29. Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance, may move order No.29. Supplementary order at end of the day. On his behalf, Senator Rana Sana Ulla Khan.

**Introduction of [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Rana Sana Ullah Khan: I, introduce a Bill further to amend the Federal Board of Revenue Act, 2007 [The Federal Board of Revenue (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned for consideration and report. Senator Dr. Afnan Ullah Khan.

**Senator Dr. Afnan Ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اپوزیشن کی طرف سے یہاں پر بات کی گئی کہ عمران خان صاحب کی health کے اوپر ان کو بہت تشویش ہے کچھ چیزیں جو ہیں وہ میں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ماضی کی بھی کیونکہ ہم کوئی point scoring نہیں کر رہے لیکن جو ہمارا behaviour ہے وہ اور جو ان کا behaviour ہے اس کو کم از کم قوم کے سامنے ضرور آنا چاہیے۔ 2020 کی ایک تقریر ہے جو عمران خان صاحب نے کنونشن سینٹر میں کی تھی اس کو میں quote کر رہا ہوں اور

اس کے اندر انہوں نے میاں محمد نواز شریف صاحب کی ایک تصویر لگائی جس کے اندر وہ بہت پریشان ہیں کیونکہ ظاہر ہے اس وقت کلثوم نواز صاحبہ کی طبیعت خراب تھی۔ وہ اس وقت کی ایک تصویر لگائی اور پھر ایک تصویر لگائی انہوں نے جب وہ 2020 میں لندن میں تھے اور انہوں نے وہ گوجرانوالہ والا جلسہ کیا اور دونوں کے اوپر انہوں نے کہا دیکھیں ہمیں تو بتایا گیا تھا کہ ان کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے مگر آپ دیکھیں کہ یہ تو بالکل ٹھیک ہے۔ اس کے اوپر کنونشن سینٹر میں لوگوں نے مذاق اڑایا تھا۔ یہ recordمیں موجود ہے یہ ویڈیو ابھی سوشل میڈیا پر بھی availableہے۔ آپ ہمارے لیڈر کا مذاق اڑا رہے تھے اور ہماری آپ گریس دیکھیں کہ ہم آپ کے لیڈر کو hospital بھی لے کر گئے ہیں۔ ان کووہ تمامfacilities جو provideکی جا سکتی تھیں وہ ہم نےprovide کی ہیں۔ آپ کے کہے بغیر یہ نہیں ہے کہ ہمیں آپ نے کہا تو ہم نے کیا۔ ہم نے ensureکیا ہے کہ ان کیhealth کا کوئی بھی outstanding issue نہ رہے۔ یہ ہم نے اس لیے نہیں کیا کیونکہ آپ نے ہمارے ساتھ برا کیا تھا تو ہم بھی آپ کے ساتھ برا کریں۔ ہم نے اس لیے کیا کیونکہ ہماریtraining ایسی ہوئی ہے۔

ہمارے لیڈرمیاں محمد نواز شریف صاحب نے ہماری trainingیہ کی ہے۔ ہم آپ کے ساتھscore settle نہیں کر رہے لیکن آپ کو یہ بتانا ضرور چاہتے ہیں کہ آپ لوگوں کا,behaviour آپ لوگوں نے کلثوم نواز صاحبہ کی وفات کے اوپر مذاق اڑایا، بیانیہ بنایا۔ اس حد تک بیانیہ بنایا کہ آپ کے کچھ لوگ لندن جہاں پر کلثوم نواز صاحبہ کا علاج ہو رہا تھا ان کے کمرے میں گھس گئے۔ یہ ریکارڈ کا حصہ ہے، چیک کرنے کے لیے کہ وہ بیمار ہیں بھی یانہیں ہیں۔ یہ میں آپ کو صرف بتا رہا ہوں کہ جب آپ یہ بیانیہ بیانیہ کا کھیل کھیلتے ہیں اس وقت آپ یہ بھول جاتے ہیں کہ جو دوسرے لوگ ہیں وہ بھی انسان ہیں، ان کے رشتہ دار ہیں، ان کے بچے ہیں۔ اس طرح کی زیادتیاں کرنا مجھے بتائیں کہ اس کو کیسے justifyکر سکتے ہیں۔ رانا صاحب اپنی بات نہیں کریں گے ہمارے پارلیمانی لیڈر ہیں جس طرح کی جیل انہوں نے کاٹی ہے، کیڑے مکوڑے جیل میں چھوڑے گئے، یہ وہاں پر فرش کے اوپر لیٹے رہے۔ آپ کا جو لیڈر ہے اس کی جو روداد ابھی سامنے آئی ہے کہ ان کے پاس bed بھی availableہے، ان کے پاس مشقتی availableہے، ان کے پاس garden availableہے، ان کے پاس ایک لائبریری availableہے، ان کو کھانا ان کی اپنی پسند کا menuبنا کر دیا جاتا ہے۔ یہ ہمارا، ہماری پارٹی کا اور ہمارے لوگوں کاظرف ہے ورنہ آپ نے جو ہمارے ساتھ کیا اگر ہم وہی

آپ کے ساتھ کریں میں نہیں سمجھتا کہ ہمیں وہ کرنا چاہیے لیکن یہ یاد دہانی کرانا بہت ضروری ہے کہ آپ ہمارے ساتھ کیا کرتے رہے۔ ہمارے لوگوں کا مذاق اڑاتے رہے جو بیچارے جن کی طبیعت خراب تھی ان کا مذاق اڑاتے رہے، اس حد تک اڑاتے رہے کہ لوگ بیچارے مر گئے۔ اس کے بعد یہ ہوا اور ایک بات اور میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں تاریخی طور پر جب عمران خان صاحب 2013 کے الیکشن میںcampaign کرتے ہوئے lift سے گر گئے تھے تو ہم نے اپنی پوریpolitical campaignروک دی۔ میاں محمد نواز شریف صاحب کے orderکے اوپر اور خود ہم نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ان کی جان زیادہimportant ہے اور سیاست ہے اس وقت روک دینی چاہیے۔

یہ ہمارا conductہے اور میاں محمد نواز شریف صاحب کا یہconduct consistent ہے۔ جب محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی شہادت ہوئی تو میاں محمد نواز شریف صاحب سب سے پہلے لیڈر تھے سیاسی لیڈروں میں جو وہاں پر پہنچے۔ ہمارا ہمیشہ سے consistent behaviourرہا ہے۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ آپ اپنی غلطیوں سے سیکھ لیں اور یہ جو ہمارے ساتھ کرتے رہے ہیں اگر یہ سلسلہ اس طرح چلے گا تو اس میں سب کا نقصان ہے۔ کسی کا بھی فائدہ نہیں ہے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Senator Dost Muhammad Khan.

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ بڑی تقریریں ہوئی ہیں اور لوگوں نے عمران خان کے بارے میں جو کچھ کہا مجھےactually وہ الفاظ نہیں آ رہے ہیں کہ میں کیا کہوں لیکن دنیا کا سب سے مقبول ترین لیڈر جس اذیت سے گزر رہا ہے۔ اس سے تمام پاکستانی قوم سخت تشویش اور سخت تکلیف سے گزر رہی ہے۔ وہ شخص جس نے آپ کو تین International standard cancer hospitals بنا کر دیے اور یہ وہ شخص جس نے دو Universities International standardکی بنا کر دیں۔ غریبوں کے علاج کے لیے اس نے دس، دس لاکھ روپے ایک ایک غریب کے جیب میں ڈالے کہ جاؤ علاج کراو جس ہسپتال سے علاج کروانا چاہتے ہو وہاں سے کرالو۔ میںEnglandتھا تو وہاں مجھے سکھ اور ہندو کہا کرتے تھے کہ کاش ہمارا

لیڈر عمران خان ہوتا۔ ہم دعاؤں کے علاوہ میں صرف یہ اعلان کرنا چاہتا ہوںon the floor of this Houseکہ اپنی ایک آنکھ عمران خان کو دینا چاہتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر پرویز رشید صاحب۔ (T16جاری۔۔۔)

T16-13Feb2026 FAZAL/ED: Waqas 02:30 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر پرویز رشید صاحب۔

**Senator Pervaiz Rashid**

سینیٹر پرویز رشید: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنی جانب سے اور اپنی جماعت کی جانب سے بیماری میں مبتلا ہر شخص کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں اور ان کی صحت یابی کی دعا بھی اس میں شامل ہے جو آج گفتگو کا موضوع ہے۔ یہ درست ہے کہ بیماری میں مبتلا فرد کو نہ صرف ہمدردی چاہیے بلکہ اگر وہ قید میں ہے تو اس کو علاج معالجے کی سہولتیں میسر ہونی چاہئیں۔اس بات سے کسی بھی مہذب معاشرے میں انکار نہیں کیا جا سکتا۔جناب چیئرمین! جو استدلال بنایا جا رہا ہے وہ یہ ہے کہ بیماری میں مبتلا شخص چونکہ پاکستان کا وزیراعظم رہا ہے، بیماری میں مبتلا شخص چونکہ بہت معروف ہے، شہرت کا حامل ہے اور بیماری میں مبتلا شخص نے کچھ ایسی خدمات انجام دی ہیں جن کا موازنہ غالباً دنیا بھر میں کسی دوسرے سے نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا اس مبالغے پر ایک کردار تخلیق کر لیا جاتا ہے اور پھر اس کردار کے لیے کچھ ایسے افسانے بھی گھڑ لیے جاتے ہیں جن کا حقیقت سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، لیکن میں جس فرد کی بات کر رہا ہوں، جس فرد کی بیماری کے علاج کی مکمل سہولتوں کی دستیابی کے لیے میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں، وہ سزا یافتہ مجرم ہے۔ اس کو بددیانتی میں اور خیانت کے جرم میں عدالتوں سے سزا ہو چکی ہے اور اس کو عدالتی طور پر بدعنوان، حکومتی خزانے میں خورد برد کرنے والا، پاکستان کے عوام کے پیسوں کو کسی اور کی جیب میں ڈالنے والا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! انہیں چاہیے کہ اب اطمینان سے یہ باتیں سنیں، ہم نے ان کی باتیں سنی ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Order in the house.

سینیٹر پرویز رشید صاحب، آپ بات اپنی جاری رکھیں اور مختصر، چار پانچ منٹ ہو چکے ہیں۔ دوست محمد صاحب تشریف رکھیں، ان کو مکمل کرنے دیں۔

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! جتنی دیر یہ مجھے بات نہیں کرنے دیں گے، میں اپنا وقت پورا لوں گا۔اس لیے کہ کیا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! یہ توہین عدالت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ عدالت نے، میں نے جو کچھ کہا ہے، عدالت نے ان کو یہ کہا ہے، میں نہیں کہہ رہا، یہ عدالت کے فیصلے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دوست محمد صاحب! Cross talk نہ کریں۔

سینیٹر پرویز رشید: یہ عدالت کے فیصلے ہیں۔ عدالت کے فیصلوں کو اگر یہ جھوٹ کہیں گے تو یہ توہین عدالت کے مرتکب ہو جائیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Cross talk نہ کریں۔پرویز رشید صاحب! Continue کریں۔

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! دوسری حقیقت یہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن عزیز صاحب! ان کو Complete کرنے دیں۔

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب!انہیں کہیں ذرا تسلی اور صبر سے میری بات سنیں۔آپ تشریف رکھیں۔تشریف رکھیں۔ مجھے یہ باتیں اس لیے کرنی پڑیں کہ جب میرے رہنما، جب میرے قائد علاج کے لیے باہر تشریف لے گئے تو یہ اس کو مفرور مجرم کہا

کرتے تھے۔ مجھے یہ باتیں اس لیے کرنی پڑیں اور آج جب آپ کو میرے الفاظ سے تکلیف پہنچی ہے تو دراصل میں آپ کو یہی سبق سکھلانا چاہتا تھا کہ اسی طرح کی تکلیف مجھے بھی پہنچتی تھی۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! cross talk نہ کریں۔ .No cross talk

سینیٹر پرویز رشید: پہلے میں آپ کو سکھاؤں گا۔ پہلے میں آپ کو سکھاؤں گا اور پھر میں بھی سیکھوں گا۔ اچھا چیئرمین صاحب! اب میں بتاتا ہوں کہ ہم نے کیا سیکھا۔ ان کو تو میں نے سکھا دیا جو میں سکھانا چاہتا تھا۔ اب میں یہ بھی بتاتا ہوں کہ ہم نے کیا سیکھا۔ چیئرمین صاحب! جو رپورٹ Friend of the Court جس کو عدالت نے اپنا نمائندہ مقرر کیا تھا کہ چل کر حالتِ زار دیکھ کے آئیں۔ انہوں نے جو حالتِ زار بتائی ہے۔ اسی اڈیالہ جیل میں نواز شریف صاحب بھی تھے، اسی اڈیالہ جیل میں مریم صاحبہ بھی تھیں اور کوٹ لکھپت جیل اور دوسری جیلوں میں ہمارے دوسرے ساتھی بھی رہے ہیں۔ اڈیالہ جیل کے ریکارڈ کو چیک کیا جائے کہ کیا نواز شریف صاحب کو اس طرح چھ کمروں کی سہولت میسر کی گئی تھی؟ ایک کمرہ۔ مریم کو ایک کمرہ۔ یہاں پر ڈرائنگ روم علیحدہ، بیڈ روم علیحدہ، کچن علیحدہ، گارڈن علیحدہ، حتیٰ کہ لائبریری بھی علیحدہ۔ مجھے غلط نہ کہیں۔ آپ چل کر عدالت کو کہیں کہ Friend of the Court نے، اگر یہ مجھے غلط کہیں گے۔ اگر یہ مجھے غلط کہتے ہیں تو میں کہتا ہوں کہ آپ عدالت میں جائیں اور عدالت میں Friend of the Court کو چل کر کہیں کہ اس نے غلط رپورٹ پیش کی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، پرویز رشید صاحب۔

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! چلیں اس موضوع کو بھی چھوڑتے ہیں۔ اگلی بات کرتے ہیں۔ چیئرمین صاحب! مجھے یہ بتائیں۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! عرض یہ ہے کہ کیا ہم نے دو مہینے پہلے یہ باتیں سنیں یا نہیں سنیں کہ خدا نخواستہ، خدا نخواستہ ان کا انتقال ہو گیا ہے؟ انہوں نے شور مچایا کہ ان کا انتقال ہو گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر پروگرام ہو گئے کہ ان کا انتقال ہو گیا ہے۔ خدا نخواستہ میں کہہ رہا ہوں، اللہ نہ کرے کہ ان کا انتقال ہو۔ یہ خبریں آپ کی طرف سے پھیلائی گئی تھیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: انہوں نے word خدا نخواستہ use کیا ہے۔ انہوں نے ہمدردی والی بات کی ہے۔

سینیٹر پرویز رشید: بٹ صاحب! بیٹھ جائیں۔ بٹ صاحب بیٹھ جائیں۔ میں ان سے نمٹ سکتا ہوں۔ مجھے ان سے نمٹنا آتا ہے۔ میں ان سے نمٹ سکتا ہوں۔ یہ خبریں میں نے تو نہیں پھیلائی تھیں۔ انہوں نے پھیلائی تھیں۔ اچھا پھر وہ زندہ ہو گئے، الحمدللہ وہ زندہ ہو گئے۔ ہمیں خوشی ہے کہ وہ زندہ ہیں اور آپ کی پھیلائی ہوئی خبریں غلط ثابت ہوئیں۔ چیئرمین صاحب! اب یہ خبر میں پھیلا رہا ہوں کہ خدا نخواستہ وہ بینائی سے محروم ہو گئے ہیں؟ یہ میں نے تو نہیں کہا۔ یہ ان کے بندے نے کہا، وہ ڈاکٹر نہیں ہے، وہ ایک وکیل ہے، ایک وکیل یہ کہہ رہا ہے۔ ڈاکٹر نے نہیں کہا۔ ڈاکٹر کی کوئی رپورٹ یہ نہیں کہہ رہی۔ ڈاکٹر کی کسی رپورٹ نے یہ نہیں کہا کہ ان کی بینائی ختم ہو گئی ہے۔ ایک وکیل صاحب نے کہا اور انہوں نے پکڑ لیا ہے، اب یہ کہہ رہے ہیں۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T17)

T17-13Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Irum 2:40 pm

سینیٹر پرویز رشید: (جاری) ایک وکیل صاحب نے کہا اور انہوں نے پکڑ لیا ہے، اب یہ کہہ رہے ہیں۔ جناب! میری بات مکمل ہونے دیں، بیچ میں بولتے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: No cross-talk please. Conclude in one minute.

سینیٹر پرویز رشید: جتنا وقت یہ بولیں گے، اتنا وقت میں لوں گا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! آپ تشریف رکھیں۔ اس کے بعد آپ اپنی تقریر کریں۔ جی پرویز رشید صاحب۔

سینیٹر پرویز رشید: چیئرمین صاحب! میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں اور انتہائی ادب سے عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے اخلاق میں اور آپ کے اخلاق میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ آپ کو پہلے لاشوں کی سیاست چاہیے تھی، آپ نے ڈھنڈورا پیٹا کہ خدانخواستہ ان کا انتقال ہو گیا ہے۔ پھر آپ کو لاش نہیں ملی، اب آپ نے بینائی کی سیاست اختیار کرنی شروع کر دی ہے کہ بینائی چلی گئی۔

جناب عالی! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ نہ ہم ان کی لاشوں کی سیاست ہونے دیں گے، نہ ہم ان کی بیماری کی بنیاد پر سیاست ہونے دیں گے۔ یہ ان کا علاج نہیں چاہتے، یہ اپنے لیے احتجاج کا بہانہ چاہتے ہیں۔ اگر یہ ان کا علاج چاہ رہے ہوتے تو ان کی ساری تقریریں اس بات پر ہونی چاہیے تھیں کہ انہیں علاج کی سہولت میسر ہونی چاہیے جو کہ already میسر ہے جس میں کوئی رکاوٹ ہے ہی نہیں۔ آپ کو شکریہ ادا کرنا چاہیے تھا۔ اگر آپ کو اس شخص سے کوئی محبت تھی جس کا ذکر آپ کر رہے ہیں تو آپ شکریہ ادا کرتے کہ ان کو اتنے اچھے حالات میں جیل میں رکھا گیا ہے۔ اتنے اچھے حالات میں دنیا کا کوئی قیدی نہیں رکھا جاتا۔ جناب! میں آخر میں یقین دلاتا ہوں کہ دنیا بھر میں بہترین علاج کی جو بھی سہولت میسر ہے، وہ اس قیدی کو بھی حاصل ہو گی لیکن اگر قیدی کی بیماری کے نام پر اس کے حامی سیاست کریں گے تو پھر قیدی کو نقصان ہوگا، اس کی بیماری کو نقصان ہوگا۔ لہٰذا، ان کو اس حماقت سے باہر رہنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر عبدالشکور خان صاحب۔

## Senator Abdul Shakoor Khan

سینیٹر عبدالشکور خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) جناب چیئرمین! دو موضوعات پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ میرے لحاظ سے اور میری نظر میں بہت اہم موضوعات ہیں۔ ایک موضوع ہے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے ایک قانون pass کیا گیا۔ اس کو نام خواتین کے حقوق کا دیا گیا جبکہ اس میں کچھ اور چیزیں تھیں۔ ایک چیز جو

ہمارے لیے زیادہ قابل اعتراض تھی، اٹھارہ سال سے کم عمر شادی پر پابندی لگادی گئی۔ مولانا فضل الرحمان صاحب جو کہ میرے لیڈر اور قائد ہیں، انہوں نے قومی اسمبلی کے فلور پر اعلان کیا کہ ہم اس قانون کو نہیں مانتے، ہم اس قانون سے بغاوت کرتے ہیں۔آپ نے گو کہ قانون pass کر دیا لیکن ہم اس کو نہیں مانتے۔

جناب چیئرمین ! اگر اسی لفظ کو لے لیں اور اس کی تفصیل میں نہ جائیں تو یہ بڑا غلط لگتا ہے کہ ایک قانون منظور ہوگیا اور قانون بنانے والا ایک فرد وہاں پر بیٹھ کر، جہاں پر قانون منظور ہوا ہے، اسے نہ ماننے کی بات کر رہا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ پوری قوم اس کی تفصیل پڑھ لے کہ ہم کیوں نہیں مانتے، ہمیں کیا مجبوری ہے۔ ہماری دو مجبوریاں ہیں، ہم پر دو پابندیاں ہیں جس کی وجہ سے ہم اس قانون کو ماننے کے لیے تیار نہیں۔ اس میں سے ایک کو میں چھوٹی پابندی کہوں گا جبکہ دوسری کو بڑی پابندی کہوں گا۔ پہلے چھوٹی پابندی پر آتا ہوں کہ ہم پر چھوٹی پابندی کیا ہے۔ چھوٹی پابندی ہے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کا آرٹیکل نمبر 227 پارلیمنٹ کو پابند کرتا ہے کہ آپ کی تمام قانون سازی قرآن اور شریعت کے خلاف نہیں ہوگی۔ یہ پارلیمنٹ کوئی اتنی آزاد نہیں ہے۔آئین اس پارلیمنٹ کو خود پابند کرتا ہے، آرٹیکل 227 کے ذریعے کہ آپ کوئی قانون، خلاف شریعت یاخلاف سنت نہیں بنا سکتے۔ یہ چھوٹی پابندی ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے۔

بڑی پابندی، اللہ کا قانون ہے۔ ظاہر سی بات ہے جب اللہ کا قانون اور بندے کا قانون مقابلے میں آئیں گے تو فوقیت اللہ کے قانون کو حاصل ہوگی۔ میں ایک اور چیز کا ذکر آپ سے کرنا چاہتا ہوں کہ جو غیر شرعی، اسلام کے نام پر، دین کے نام پر، مذہب کے نام پر جتنے بھی articles آتے ہیں، جتنی بھی باتیں اس فلور پر ہوتی ہیں، آپ دیکھتے ہیں کہ صرف جمعیت علماء اسلام کے اراکین اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ کیا اسلام صرف ہمارا ہے؟ پاکستان کا مطلب کیا، لاالہ الااللہ۔ اس جملے کا مطلب کیا ہے؟ اس جملے کے مطلب کو شاید ہم غلط سمجھ رہے ہیں۔ کیا اس کا مطلب صرف انگریزوں کو بھگانا تھا؟ میرے خیال میں تو جہاں تک ہم سمجھے ہیں، اس جملے کا مطلب صرف یہ نہیں تھا کہ ہم نے انگریزوں کو بھگانا ہے۔ فرق کیا تھا؟ دو قومی نظریہ کس بنیاد پر پیش ہوا؟ ہمارے اور ہندوؤں کے درمیان فرق کیا تھا؟ ہمارے اور ہندوؤں میں فرق صرف مذہب تھا۔ انسانیت کے نام پر کوئی فرق نہیں تھا۔ وہ بھی انسان ہیں اور ہم بھی۔ مذہب کا فرق تھا تو پاکستان کا مطلب کیا، لاالہ الااللہ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے اس ملک کو اسلام کے نام پر چلانا ہے۔

اس قانون کو ہم آئین کے حوالے سے نہیں مانتے ہیں کیونکہ یہ آئین کے خلاف ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ اللہ کے قانون اور قرآن کے اصولوں کے بھی خلاف ہے۔ مولانا صاحب نے بھی اعلان کیا، ہم سب اعلان کرتے ہیں کہ جو بھی غیر شرعی قانون آپ بنائیں گے، اس کو قانون کا نام دیں گے، ہم اس کو ماننے کے پابند نہیں ہیں اور ہم اس کو نہیں مانتے۔ اس قانون کو ہم غیر شرعی سمجھتے ہیں۔ یہاں حکومتی اراکین بیٹھے ہیں، بٹ صاحب اور رانا صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اگر ہم کہتے ہیں کہ یہ قانون غیر شرعی ہے اور رانا صاحب کہتے ہیں کہ یہ شرعی ہے تو مہربانی فرما کر اس کو اسلامی نظریاتی کونسل میں بھیج دیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل کس لیے بنی ہے؟ وہ اسی لیے بنی ہے کہ اگر کوئی قانون غیر شرعی ہو تو اسے وہاں بھیجا جائے۔ اگر آپ اسے وہاں پر نہیں بھیجتے اور صرف آئین کا حوالہ ہمیں دیتے ہیں تو ہم اس کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! میں دوسرے موضوع کی طرف آتا ہوں۔ سردار اختر جان مینگل کا استعفیٰ۔ میرے خیال میں انہوں نے استعفیٰ دیا اور آپ نے منظور کیا، اس کے پیچھے کیا چل رہا ہے، بلوچستان میں کیا ہو رہا ہے۔ آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ چونکہ میں بلوچستان کا باشندہ ہوں، تھوڑے سے figures آپ کو بتاتا ہوں۔ اگر آپ انہیں نہ مانیں، ان کے اراکین یہاں بیٹھے ہیں تو مہربانی کرکے تھوڑا اس پر غور کریں۔ میں وہاں پر رہتا ہوں، میں نے وہاں کے لوگ دیکھے ہیں۔ میں نے اپنے طور پر ایک figure بنائی ہے۔ بلوچستان کے 20% لوگ فیصلہ کر چکے ہیں کہ ہم نے پاکستان کے ساتھ نہیں رہنا۔ 5% لوگ جو کہ establishment کے ساتھ touch ہیں، جو صرف 14 اگست کو نکلتے ہیں، پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگاتے ہیں اور حکومت اور فوج سے اپنے مفادات حاصل کرتے ہیں۔ یہ صرف 5% ہیں۔ رہ گئے 75% تو ان میں میں بھی آتا ہوں۔ جناب! ان 75% کی بہت اہمیت ہے۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ 20% وہ ہیں جو پاکستان سے آزادی چاہتے ہیں، 5% وہ جو مفادات حاصل کرتے ہیں اور صرف 14 اگست کو پاکستان زندہ باد کے لیے نکلتے ہیں، اور ان کا کوئی کام نہیں ہے۔ یہ 5% لوگ ہیں۔ باقی 75% لوگوں میں، میں بھی آتا ہوں، یہاں پر بیٹھے ہوئے ہمارے بلوچستان کے اراکین بھی آتے ہیں، ہماری پارٹی آتی ہے، سردار اختر جان مینگل آتے ہیں، محمود خان اچکزئی آتے ہیں، نواب اسلم رئیسانی آتے ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ آتے ہیں، اصغر خان اچکزئی آتے ہیں۔ یہ سب اپنے قبیلوں اور اپنی پارٹیوں کے بڑے ہیں۔

(T18 پر جاری ہے)

سینیٹر عبدالشکور خان: (۔۔۔۔۔جاری) اور اصغر خان اچکزئی آتے ہیں۔ یہ سب اپنے قبیلوں کے اور اپنی پارٹیوں کے بڑے ہیں۔ ان کا تعلق 75 فیصد سے ہے۔ ان کا مسئلہ کیا ہے؟ ان کو آپ کی اسٹیبلشمنٹ نے دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے۔ انہیں اپنے آدمی چننے کا اختیار نہیں کیونکہ جو فارم 47 ہے، اس حوالے سے تو ہمارے ساتھ بہت ظلم ہوا ہے۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہمارے 90 فیصد ممبر جو بلوچستان اسمبلی میں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ فارم 47 کی پیداوار ہیں۔ ان سب کو اسٹیبلشمنٹ نے choose کیا ہے۔ تو یہ ایک ظلم ہے کہ آپ نے لوگوں کو اپنے بندے choose کرنے سے روک دیا ہے۔ تو یہ میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب، بہت شکریہ۔

سینیٹر عبدالشکور خان: میں آپ سے ایک منٹ چاہتا ہوں۔ Federal Minister صاحب نے آج بلوچستان کا جو مذاق اڑایا، یہ آپ کی ایک بری سوچ ہے۔ واپس لینے کی بات ٹھیک ہے کہ انہوں نے اپنی بات واپس لے لی اور ان کی مہربانی لیکن وہ سوچ ان کے ذہن میں ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: Senator Afnan! No, crosstalk, please. سینیٹر عبدالشکور خان، point of order پر ایک ہی بات ہو سکتی ہے۔ آپ نے دو باتیں کر لی ہیں۔ Next time اسے دیکھ لیں گے۔

سینیٹر عبدالشکور خان: بس ایک منٹ مجھے دے دیں۔ عمران خان کے بارے میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ ان کے ممبران بیٹھے ہوئے ہیں۔ سارا قصور عمران خان کا ہے۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ، ابھی آپ نے ڈیسک نہیں بجانا۔ پوری بات سن کر پھر ڈیسک بجانا ہے۔ سارا قصور عمران خان کا ہے۔ عمران خان کے کچھ چھوٹے قصور بھی ہوں گے لیکن ان کا سب سے بڑا قصور یہ ہے کہ وہ پاکستانی روایت کے خلاف گیا ہے۔ یہ بندہ پاکستانی روایت کے خلاف گیا ہے۔ پاکستانی روایات یہ ہیں کہ جب بھی اسٹیبلشمنٹ کا سایہ آتا ہے تو سیاستدانوں کو لیٹنا ہوتا ہے لیکن یہ بندہ لیٹا نہیں ہے۔ یہ بندہ روایات کے خلاف گیا ہے اور اس کا سب سے بڑا قصور یہی ہے۔ سینیٹر ناصر محمود بٹ، ابھی ڈیسک بجائیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ جی سینیٹر عبدالواسع۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ، مولانا صاحب کے بعد آپ کی speech ہے۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: (عربی)۔جناب چیئرمین، نماز جمعے کے بعد یہ اجلاس ایک ہی pointپر شروع ہوا کہ عمران خان کی بیماری کا مسئلہ ہے اور یہ ایوان میں زیر بحث ہے۔اس پر اراکین بات کریں گے کہ کیاعلاج ان کا حق ہے یا ان کی مجبوری ہے یا وہ ظالم ہیں یا مظلوم ہیں۔ میں دوستوں سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ کچھ معاملات ایسے ہوتے ہیں جن کے لیے سیاسی اور جذباتی تقریریں کرنی ہوتی ہیں اور کچھ معاملات ایسے ہوتے ہیں جنہیں قرآن وسنت، پاکستان کے آئین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے حوالے سے دیکھنا پڑتا ہے۔آج جس بیماری کی بات ہو رہی ہے، عمران خان صاحب ابھی قید میں ہیں اور جتنا بھی برے بندے ہیں، ان کی سو، ہزار برائیاں ہوں گیں، عدالتوں نے فیصلے دیے یا جو کچھ بھی ہوا، ہم مسلمان اور کلمہ گو ہیں اور قرآن کا بھی یہی فرمان ہے کہ اگر کسی نے آپ کے ساتھ برائی کی لیکن وہ برائی آپ کو اتنا مجبور نہ کرے کہ آپ بھی ان کے ساتھ اسی طرح کریں۔ مجھے معلوم ہے۔ میں 2018 میں پارلیمنٹ میں تھا۔ ہم اور رانا ثناءاللہ صاحب اتحادی تھے اور PDM میں تھے۔ جو کچھ مسلم لیگ (ن) کے دوستوں کے ساتھ ہوا اور نہ حق cases بنے جن کی زندہ مثال رانا ثناءاللہ صاحب خود ہیں جن پر منشیات کا کیس بنا دیا گیا اور ابھی یہاں تشریف فرما ہیں۔خود اس وقت ان کے حکومتی اراکین اور آج بھی یہ لوگ اعتراف کرتے ہیں کہ ان کے خلاف غلط کیس بنایا گیا لیکن جان چھڑانے کے لیے کہتے ہیں کہ ہم نے نہیں بنایا بلکہ انہی لوگوں نے بنایا جو آج رانا صاحب لوگوں کی مانتے ہیں اور کسی زمانے میں ان کی مانتے تھے۔ اس فرمان کے مطابق اور اگرچہ ان کے ساتھ بہت زیادتی ہوئی اور جیسے کہ پرویز رشید صاحب فرما رہے تھے یا وہاں سے کچھ باتیں ہوئیں تو یہ سب ٹھیک ہے لیکن پھر بھی میری گزارش یہ ہے کہ اصلاح کے حوالے سے بھی ہماری، حکومت اور پارلیمنٹ کی ایک ذمہ داری بنتی ہے۔ اگر عمران خان صاحب کی آنکھ خراب ہے تو وہ یہ مطالبہ نہیں کرتے کہ مجھے برطانیہ لے جاؤ۔ وہ یہ مطالبہ بھی نہیں کرتے کہ مجھے امریکہ لے جاؤ۔ وہ تو یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کے اپنے ڈاکٹر کو ان تک پہنچا دیں یا یہ جو شفاء اسپتال جو ہمارے اپنے ملک میں ہے،ان میں ان کا علاج کرایا جائے۔ کیا یہ اتنی بڑی بات ہے؟ یہ تو اتنی بڑی بات نہیں ہے۔ اگر یہ باتیں اس طرح کر دی جاتی ہیں کہ نہیں میں تو خود آپ کاعلاج کرواؤں گا اور اگر ان کی بیماری نہ بھی ہو لیکن کیوں حکومت اپنے آپ کو اتنا ملامت کرتی ہے۔ دنیا ان کو دیکھتی ہے کہ جب وہ اتنا چھوٹا مطالبہ کرتے ہیں، اپنے ملک کے اندر علاج کے لیے مطالبہ کرتے ہیں، آپ کی categoryکاعلاج چاہتے ہیں تو پھر آپ اجازت کیوں نہیں دیتے۔

جناب، دوسری بات یہ کہ ہمارا آئین بھی یہی کہتا ہے۔ انسانی حقوق کے حوالے سے جو آرٹیکل8 ہے تو یہ ہمارا بنیادی حق ہے۔ برے سے برا آدمی اور کلبھوشن کو بھی یہ حق دیتے ہیں جو ہمارے ملک کا غدار اور یہاں دہشتگردی کر رہا تھا لیکن انسانی حقوق کے حوالے سے اور آئین کے حوالے سے یہ ان کا حق ہے کہ ان کا علاج کرایا جائے پھر بعد میں بے شک ان کو پھانسی پر لٹکایا جائے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کا بھی یہی تقاضا ہے۔ جب پوری دنیا ہمیں یہی کہتی ہے، قرآن بھی ہمیں یہی کہتا ہے اور ہمارا آئین بھی یہ کہتا ہے تو میں رانا صاحب اور حکومتی دوستوں سے بصد احترام یہ گزارش کرتا ہوں کہ بالکل آپ زخم خوردہ ہیں اور ان کی حکومت کے دوران آپ کو تکلیف پہنچی ہے لیکن میں نے جن تین چیزوں کا حوالہ دیا، ان کے واسطے ان کو علاج کرانے کے لیے یا تو شفاء اسپتال لے جائیں یا ان کے اپنے ڈاکٹر بھی ان کے پاس آجائیں اور انہیں دیکھ لیں تو یہ کوئی قباحت نہیں ہے کیونکہ رپورٹ تو یا شفا والوں کا ہوگا یا پمز والوں کا ہوگا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر عبدالواسع: براہ مہربانی مجھے بات کرنے دیں۔ اس بنیاد پر میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ آپ بڑے پن کا مظاہرہ کریں اور اتنی چھوٹی چیزوں پر یہ نہ کہا جائے کہ یہ ہمارے اختیار میں نہیں ہے۔ کم از کم پارلیمنٹ کا تو کوئی اختیار اور کوئی عزت ہوتی ہے۔ جب پوری پارلیمنٹ یہی گزارش کرتی ہے اور یہ مطالبہ کرتی ہے اور ہم یہ نہ کریں تو یہ ایک بہت غلط بات ہے۔ میں اپنی بات مختصر کرتا ہوں۔ میری دوسری گزارش یہ ہے کہ بلوچستان کا اتنا بڑا معاملہ اور مسئلہ اس سیشن میں زیر غور تھا لیکن یہ اس میں کہیں گم ہو گیا۔ میں نے اپنے PTI کے دوستوں سے بھی یہ گلا کیا کہ بھائی ٹھیک ہے، ہم بھی عمران خان صاحب کے ساتھ ہیں لیکن بلوچستان کے جو مظلوم ہیں، جو وہاں کے شہداء ہیں، وہاں کی جو عوام ہے اور جو غمزدہ لوگ ہیں، ان کے لیے بھی آج ہی اسی پارلیمنٹ نے فیصلہ کرنا ہے۔ اس دن رانا صاحب نے کوئی تقریر کرنی تھی لیکن شاید ان کی تیاری نہیں تھی یا وہ مصروف تھے لیکن میں یہ بھی مانتا ہوں کہ ہماری طرف سے جب کورم point out ہوا تو ان کی تقریر نہیں ہو سکی۔ شاید آج سیشن ختم ہونے والا ہے یا ہوگا تو میری رانا صاحب سے گزارش یہ ہے کہ بلوچستان کے اتنے بڑے مسئلے کو اس میں گم نہ کیا جائے۔ اس کے لیے میں توقع رکھتا ہوں کہ وہ ضرور بلوچستان کے مسئلے کے لیے کچھ اعلان کریں گے کہ ہم ان کے لیے کچھ اقدامات کریں گے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مولانا صاحب، شکریہ۔ ناصر صاحب، تشریف رکھیں۔ جی سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان صاحب۔

**Point of public importance raised by Senator Hidayat Ullah Khan regarding issues faced by students stuck in Afghanistan due to visa expiry; and their registration by the PMDC**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! میرے دو points ہیں اور زیادہ لمبے چوڑے نہیں ہیں۔ پہلے یہاں پر میں نے آپ کے سامنے جو کاغذ پیش کیا تھا اور وہ آپ نے کمیٹی کو بھیجا تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ایک بہت ضروری بات تھی اور اسے کمیٹی کو بھجوا دیا۔ دوسری بات یہ کہ افغانستان میں یہاں کے، فاٹا اور خاص طور پر خیبر پختونخوا کے جو طالبعلم ہیں، ان لوگوں کے آنے کا زمینی راستہ بند ہو چکا ہے تو ان کے لیے حکومت کوئی بندوبست کرے تاکہ وہ بھائی، یار آ جائیں۔ ان میں سے کچھ ایسے ہیں جن کے ویزے ختم ہو گئے۔ وہاں اگر۔۔۔۔

(جاری۔۔۔۔T19)

T19-13FEB2026 Taj/Ed: Shakeel 03:00 p.m.

سینیٹر ہدایت اللہ خان: (جاری۔۔۔) ان میں کچھ ایسے ہیں جن کے ویزے ختم ہو گئے ہیں۔ وہاں اگر پاسپورٹ پر ویزہ نہیں لگ سکتا تو ایک کاغذ پر ان کے ویزے لگائیں کیونکہ ان کا اپنا ملک ہے، ان کا آنا جانا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ وہاں پر طالبعلم اپنی تعلیم مکمل کر کے آ گئے ہیں یعنی MD کر کے آ گئے ہیں تو یہاں پر PMDC والے ان کا اندراج نہیں کرتے۔ میری درخواست ہے کہ آپ اس پر ایک ruling دے دیں کہ PMDC والے کیوں ان کا اندراج نہیں کرتے، وہ تو قانونی طور پر وہاں گئے ہیں۔ انہوں نے قانونی طور پر تعلیم حاصل کیا ہے۔ وہ وہاں پر تعلیم حاصل کر کے آئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حاجی صاحب! آپ نے بہت اچھا point اٹھایا ہے۔ اس کو کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی کمیٹی میں بھیج دیا۔ حاجی صاحب! بہت شکریہ۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: عمران خان کے بارے میں ایک بات رہ گئی۔ ٹھیک ہے ان کے ساتھ سب سے زیادہ ہماری مخالفت ہے، کل بھی انہوں نے ہمارے جلوس پر حملہ کیا ہے لیکن میری گزارش ہے کہ انسانی ہمدردی کے ساتھ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حاجی صاحب! ایک point پر بات ہو گئی۔ آپ کی ایک بات کمیٹی میں چلی گئی۔ آپ اس کے بعد اٹھا لیجیے گا، تشریف رکھیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: صرف ان کے لیے میں یہ کہتاہوں کہ انسانی ہمدردی کے تحت کریں، انسانی زندگی بہت قیمتی ہوتا ہے،ان کو سہولیات مہیا کی جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ حاجی صاحب۔ سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ، جناب! جس شخص کا ذکر یہاں پر کل سے زیر بحث ہے، عالمی دنیامیں he is recognized for his lot of noble work which he has done, especially, انسان کے لیے basic fundamental rights تعلیم کے بعد صحت ہے،انہوں نے دو ہسپتال، ایک لاہور اور ایک پشاور میں بنایااور تیسرا کراچی میں بن رہاہے۔ ابھی ان کے آنکھ کا معاملہ ہے،اس پر اتنی زیادہ سیاسی باتیں ہورہی ہیں،Treasury benches بار بار ہمیں کہہ رہی ہیں، طعنے دے رہی ہیں،بہت کچھ کہہ رہی ہیں۔ وہ یہ بھول گئے ہیں کہ Article 9 کیا کہتا ہے۔دوبارہ پڑھ لیں۔ محترم سینیٹر رانا صاحب نے ابھی شروع میں ہمیں ایک پورا دستاویز دیا تھا کہ فلاں ڈاکٹراس وقت، اس وقت آیا۔ آپ نے یہ ساری details ہمیں پہلے کیوں مہیا نہیں کیں؟ آپ کو کس نے روکا تھا؟جب ہم قرارداد کے لیےapply کرتے ہیں تو یہ مسودہ آجاتا ہے۔آپ ہمیں اس کی hard copy دیں،ہم دیکھتے ہیں کہ یہ کتناauthentic ہے۔ہم ساری باتیں بتائیں۔ جن جن ڈاکٹرز کا نام لیاگیاکہ اس تاریخ پر یہ ڈاکٹر آیا،اس نے دیکھا، اس تاریخ پر یہ ڈاکٹر آیا، we don’t have any record. You have the record. Why did not you share with us?آپ کو پتاہے کہ پاکستان کے24, 25 کروڑ عوام ہیں،وہ نوے فیصد سے زیادہ خان کےfollowers ہیں۔ We are the largest party and Khan is a leader and they are bleeding with this, یہ جو مشکوک باتیں،ہمارے ذہن میں شک ڈالے ہوئے ہیں کہ خان کی صحت کتنی ٹھیک ہےاور کتنی نہیں ہے کیونکہ ہمیں کوئی مثبت رپورٹ نہیں ملتی۔ حکومت خود confusion کاشکار ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ وہ PIMS نہیں گئے۔ تین چار دن یہ بحث چلتی رہی،ان کے وزیرآکر بیانات دیتے رہے۔ پھرایک دن وزیراطلاعات عطاء اللہ تارڑ نےآکر بتایاکہ ہاں کیا ہے،confirm کیا۔ جب انہیں خود نہیں پتاکہ ہوکیارہاہے،ان کو کون orders دے رہاہے تو یہ ہمیں کیابتائیں گے۔ یہ ہمیں کیسےsatisfy کریں گے۔

ابھی پرویز رشید صاحب نے فرمایا کہ انہیں بہت عالیشان پانچ، چھ کمرے مل رہے ہیں، بھائی آپ جا کر ہمارے لیے بھی لیجیے۔ اگر ان کو اتنے اچھے کمرے مل رہے ہیں، why don't you go and live there and see the way he is? کتنے بڑے ہیں؟ 6x8 کا کمرہ ہے، ٹھیک ہے نا۔ خان نے کوئی کارڈ نہیں چلایا، بیانیہ نہیں دیا، جیل سے باہر نکلنے کے لیے یا ملک سے باہر جانے کے لیے بیمار نہیں ہوئے unlike نواز شریف صاحب کے platelets کا اتنا چرچا مچا، ڈاکٹر عدنان نے غلط reports دیں، کیا دیں، جب تک وہ یہاں سے نہیں گئے، وہ wheelchair پر گئے۔ The minute he landed, he was walking. وہ بہانہ نہیں تھا؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: افنان صاحب! انہوں نے آپ کو غور سے سنا ہے، آپ سنیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: نہیں، یہ ساری باتیں ٹی وی پر آچکی ہیں۔ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہی ہوں۔ ہم یہ باتیں خان کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے نہیں کر رہے ہیں، ہم ان کے basic fundamental rights کی بات کر رہے ہیں۔ He is a citizen of Pakistan. He has a right to be given: his due medical facilities. جن جن ڈاکٹرز کا نام سلمان صفدر صاحب نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے، آپ ان سے کیوں رجوع نہیں کرتے؟ فیصل صاحب اور عاصم صاحب، جو ان کے personal physicians ہیں، ان ڈاکٹرز کو آپ کیوں نہیں لے کر آتے؟ اور جو انکھوں کے retina کے specialists ہیں، وہ کیوں نہیں آ سکتے؟ Why doctors of your choice are going to examine him? Why not the doctors which are relevant, who are competent and who have professional ability to check his retina and cure him? Why don't you give him that facilities and who is stopping it? خان کا اتنا کیوں خوف ہے؟ آپ لائیں وہ ساری باتیں جو ہم چاہتے ہیں۔ ان کو لا کر آپ table پر رکھیں اور ان کو مانیں۔ ہم یہاں پر کوئی غلط مطالبہ نہیں کر رہے ہیں۔ ہمارا بنیادی مطالبہ ہے کہ خان کو ان کی medical facilities ملیں۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: اور جیسے عبدالواسع صاحب اور عبدالشکور صاحب نے بھی کہا کہ وہ محب وطن ہیں۔ وہ اپنے ملک کے لیے یہ قربانی دے رہے ہیں اور وہ دنیا کو بتا رہے ہیں، پوری دنیا کو یہ پتا ہے کہ he is a man of steel. He is so strong. Such dirty

and week tactics, they are not going to break him. They are going to make him more strong. And we, his followers, we are always there for him. We will fight for his rights till the time we die کیونکہ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم! بہت شکریہ، بہت شکریہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: کیونکہ ریاست نے اپنے پاکستانی شہریوں پر، ہم پر 26 نومبر کو straight گولیاں چلائی تھیں۔ ہم کھانے کو تیار ہیں مگر ہمارے لیڈر کو rights ملیں۔ پاکستان زندہ باد، عمران خان پائندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر ناصر بٹ صاحب۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ آپ نے وقت دیا۔ آج یہ ساری باتیں ہو رہی ہیں کہ ایک شخص جو جیل میں ہے، اس کو سہولیات دی جائیں۔ سہولیات اتنی زیادہ دی جا رہی ہیں کہ رانا ثناء اللہ صاحب نے پوری لسٹ بنا دی۔ بتا دیا کہ فلاں دن اگر اس وقت کو دانتوں میں بھی تکلیف ہوئی ہے تو ڈاکٹر آ گیا ہے، آنکھ میں بھی تکلیف ہوئی تو ڈاکٹر آ گیا لیکن ان کو یہ چیزیں پسند نہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کے خلاف کوئی ایسی چیز ہمیں بتائیں، جیسے کہہ رہے ہیں کہ جی آنکھ میں درد ہو گیا ہے اور آنکھ کی بینائی 85% چلی گئی ہے۔ او بھائی! ابھی تو آنکھ موجود ہے نا، ڈاکٹرز بھی موجود ہیں، checkup بھی ہو چکا ہے۔ وہ وقت یاد کرو کہ کلثوم نواز صاحبہ لندن میں تھیں، آپ جیسے کچھ لوگ ہسپتال کے اندر چلے گئے تھے اور یہ دیکھنے کے لیے کہ کلثوم نواز بیمار ہیں یا نہیں، ٹھیک ہے۔ وہ بندہ بھی میں نے پکڑا تھا۔ یہ آپ کے سامنے کھڑا ہے، اس کو، وہ ڈاکٹر بن کر اندر گھس گیا تھا۔ ایک اعتزاز احسن صاحب تھے، انہوں نے بعد میں معافی مانگی تھی۔ وہ بھی کہتے تھے کہ کلثوم نواز بیمار نہیں ہیں۔ ہم ایسے لوگ تو نہیں ہیں۔ آپ لوگ تو کیا کرتے تھے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: سنیں، ابھی ان کی یہ حالت ہے۔ یہ چاہتے ہیں کہ کچھ ہو اور ہم اس کے لیے باہر سیاست کر رہے ہیں اور شور ڈالیں اور الزامات لگائیں۔ دیکھیں، اس کو PC hotel جیسی سہولیات اندر مل رہی ہیں۔ دیسی گھی وہ کھاتا ہے، دیسی مرغا وہ کھاتا ہے، walk وہ کرتا ہے۔ یہ سب اس کے لیے عدالت نے order کیے ہیں۔ اور پنجاب حکومت نے ٹی وی پر ویڈیو بھی چلائی، سب نے دیکھا لیکن اب ان کو آرام نہیں آیا۔

آپ لوگ اس چیز کو کیوں appreciate نہیں کرتے کہ حکومت پاکستان یا جواڈیالہ جیل کا سپرنٹنڈنٹ ہے، اس کو یہ ہدایت نہیں کہ اس کو کوئی تنگی ہو، انہوں نے کہا ہے کہ اس کو سہولیات دو۔ اس نے 91 million چوری تو کی۔ وہ ہم نے نہیں کرائی، وہ جیل میں کیوں بند ہے، یہ بھی بتادیا کریں۔ اس نے چوری کی۔ باباچالیس چور مل گئے، پیسے دیے، القادر یونیورسٹی لی۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: سنیں پلیز، آرام سے، مزے سے۔ القادر یونیورسٹی لی نا۔ اس کے بعد فرح گوگی کو بھگادیا۔ اور بشریٰ بی بی کہتی ہے مجھے ایسے کہتے ہیں، یہ چیزیں آپ نے کی ہیں۔ آپ کو چاہیے کہ آپ appreciate کریں کہ یہ حکومت کسی قیدی سے زیادہ اس قیدی کا خیال کر رہی ہے۔ (جاری۔۔۔T20)

**T20-13Feb2026 Ali/Ed. Waqas 03:10 pm**

سینیٹر ناصر محمود: (جاری ہے۔۔۔۔) آپ کو چاہیے کہ آپ appreciate کریں کہ یہ حکومت کسی قیدی سے زیادہ اس قیدی کا خیال کر رہی ہے، یہ وہ نہیں ہیں جو America جا کر کہتا تھا کہ نواز شریف کا AC بند کر دوں گا۔ وہ speech نکالیں جب تم کہتے تھے کہ جیل جاتے ہیں تو بیمار ہو جاتے ہیں۔ اب کیا ہے؟ ابھی بیمار ہے نا؟ تو صحیح بیمار بنوں، میں آپ کے چہرے دیکھ رہا ہوں، ادھر میرا چہرہ دیکھو۔ آپ لوگ کہتے تھے کہ عمران کی جو تقریر تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Chair کو مخاطب کریں، ماحول خراب نہ کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: وہ کہتا تھا کہ یہ hospital جاتے ہیں تو ان کو بیماریاں لگ جاتیں ہیں، اب کس کو بیماری لگی ہے؟ یہ قدرتی چیز ہے۔ اپنے گریبان میں جھانکیں کہ کسی کے خلاف آپ باتیں کرتے تھے تو اپنا بھی بتائیں۔ ہم بھی نہیں چاہتے کہ جو بندہ جیل میں ہے اس کو سہولیات نہ ملیں بلکہ ملنی چاہیے ۔ اب بتائیں، آپ کو اپنی باتیں یاد ہیں؟ اب ان کی یہ خواہش ہے کہ اس کو کچھ ہو جائے اور ہم اس پر سیاست کریں، یہ نہیں ہوگا۔

میں رانا ثناء اللہ صاحب کو appreciate کرتا ہوں، انہوں نے پوری تفصیل بتائی کہ 10 December کو جب اس نے کہا کہ میری آنکھ میں تکلیف ہے تو doctor آ گیا، 15 کو بتایا تو doctor آ گیا۔ جب last time اس کو toshakhana case میں سزا

ہوئی، اس وقت دو گھنٹے عمران اور ان کا وکیل بیٹھا رہا تو اس کو کیوں نہیں بتایا کہ مجھے کوئی تکلیف ہے؟ اس کو کوئی تکلیف نہیں ہے، اگر ہے تو اللہ اس کو صحت دے۔ آپ جیسے لوگ اپنے گریبان میں دیکھیں کہ آپ اپنے وقت میں کیا کرتے رہے ہیں؟ آپ فرعون بنے ہوئے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ ناصر صاحب۔

سینیٹر ناصر محمود: اگر آپ گندم بوتے ہیں تو گندم ہی کاٹیں گے۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس کو صحت ملے، اللہ اس کو لمبی زندگی دے، لیکن جھوٹ بول کر، الزامات لگا کر آپ جھوٹے بیانیے ہی بناتے رہے۔ جب آپ کو doctor نے کہہ دیا کہ میں نے جا کر check کیا اور یہ ..Supreme Court آپ مجھے بتائیں، عدالتیں آزاد ہیں؟ بتائیں نا، عدالتیں آزاد ہیں نا؟ Supreme Court نے حکم کیا اور اس کا وکیل تین گھنٹے اس کے پاس بیٹھا رہا اور ہر چیز باہر آ گئی۔ اس لیے الزامات سے باہر آئیں اور جو بوئیں گے وہ کاٹیں گے۔ لیکن پھر بھی میں کہتا ہوں کہ اللہ اس کو زندگی دے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، آمین۔

سینیٹر ناصر محمود: آپ کو یاد ہو گا کہ کلثوم نواز کہتی تھیں کہ مرنے کے بعد لوگوں کو یقین آئے گا کہ مجھے cancer ہے، آپ وہ لوگ ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ ناصر صاحب۔ سینیٹر مشال اعظم صاحبہ۔

**Senator Mashal Azam**

سینیٹر مشال اعظم: بہت شکریہ، چیئرمین صاحب، آج یہاں پر خان صاحب کی صحت کے حوالے سے بات ہوئی۔ سب سے پہلے تو میں پرویز رشید صاحب کی باتوں کی شدید مذمت کرتی ہوں اور آج پتا چلا کہ PML-N کیوں تباہ ہوئی ہے۔ ہم نے ہمیشہ رانا ثناءاللہ صاحب سے کافی اچھی باتیں سنی ہیں اور آج بھی ہم چاہتے ہیں کہ رانا ثناءاللہ صاحب ہمارے تمام سوالوں کے جواب دیں۔ خان صاحب کی صحت کے حوالے سے یہاں جو بات ہوئی، ہمیں نہیں پتا تھا کہ خان صاحب بیمار ہیں۔ ہمیں PIMS کی press release سے پتا چلا، پانچ دن بعد حکومت کے لوگوں نے کہا، تب ہمیں پتا چلا کہ خان صاحب بیمار ہیں۔ حکومت پہلے مان نہیں رہی تھی پھر انہوں نے press release کر دی کہ خان صاحب بیمار ہیں تو Supreme Court نے friend of the Court کو بھیج کر ایک report منگوائی۔ وہ report حکومت کے خلاف charge sheet ہے۔

میں detailمیں نہیں جاؤں گی کیونکہ میں چاہتی ہوں کہ میرے باقی colleagues بھی یہاں بات کریں لیکن اس میں صرف دو چیزیں ہیں،ایک ہے .access to doctors کہ خان صاحب پچھلے تین مہینوں سے doctors کی رسائی چاہتے تھے۔ اس report میں کہا گیا کہ خان صاحب نے Superintendent Jail جس کا تعلق فیصل آباد سے ہے کہا کہ میری عمر 73 years ہے، میری آنکھ میں تکلیف ہے، مجھے hospital لے جایا جائے۔

دوسری بات ہوئی، جو اس report میں charge sheet ہے کہ خان صاحب نے کہا کہ مجھے دو سال سے dentist کی ضرورت ہے، میری عمر 73 years ہے اور مجھے dentist کی سہولت دی جائے۔ دو سال سے انہیں dentist کی سہولت نہیں ملی ہے اور جب ان کی آنکھ شدید ترین خراب ہوئی کہ ان کی 85% بینائی affect ہوئی، تو ان کو PIMS لے جایا گیا۔ کیا سفاکی ہے؟ کیا ظلم ہے؟ کہ اگر آپ خان صاحب کو PIMS لے ہی گئے تھے، تو ان کو admit کرا لیتے کیونکہ حکومت آپ کی، hospital آپ کا، securityآپ کی۔ Doctorsنے کہا کہ یہ جو بیماری ہے اس کو proper treatment کی ضرورت ہے، proper observation کی ضرورت ہے، جو صرف hospital میں ہی ہو سکتی ہے لیکن آپ نے خان صاحب کا صرف دو تین گھنٹے، حکومت کہتی ہے بیس منٹ وہاں علاج کیا اور ان کو واپس اڈیالہ جیل لے گئے۔ جب نواز شریف صاحب بیمار تھے تو خان صاحب نے انہیں fully facilitate کیا، جب نواز شریف صاحب بیمار تھے تو خان صاحب کا tweet record پر موجود ہے کہ نواز شریف صاحب کو تمام facilities دی جائیں، خان صاحب نے کہا کہ نواز شریف صاحب کو hospital لے جایا جائے، خان صاحب نے یاسمین راشد صاحبہ، جو خود آج اپنے لیے بھی سہولیات مانگ رہی ہیں کیونکہ وہ بھی بہت بیمار ہیں، ان سے کہا کہ روز press conference کر کے قوم کو بتائیں کہ نواز شریف صاحب کی صحت کی کیا position ہے۔ ہم آج بھی کہتے ہیں، اللہ کلثوم نواز صاحبہ کو جنت بخشے،ہم آج بھی کہتے ہیں رانا ثناءاللہ صاحب کے ساتھ غلط ہوا ہے۔ ہم میں اتنا ظرف ہے لیکن ہم صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ خان صاحب کو اسی ملک میں کیونکہ خان صاحب نے کہا میرا جینا مرنا پاکستان میں ہے ۔ہم Islamabadسے باہر کی facilities بھی نہیں مانگ رہے،ہم کہہ رہے ہیں کہ خان صاحب کو Islamabadکی حدود کے اندر hospital تک رسائی دی جائے، ہم آپ سے صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ PIMS میں specialist doctors نہیں ہیں ایک board بنائیں کیونکہ پورے Islamabad میں Retina کے صرف دو specialist doctors ہیں ان کو شامل

کریں، خان صاحب کے جو ذاتی معالجین ہیں ان کو اس board میں شامل کریں۔ باقی جو بھی doctors آپ شامل کرنا چاہیں وہ شامل کریں، لیکن خان صاحب کو hospital تک رسائی دیں اور خان صاحب کا proper علاج کریں۔

میں ایک احتجاج record کروانا چاہتی ہوں کہ پورے Parliament House کو cordon off کیا گیا ہے۔ آج جب میں صبح آ رہی تھی تو ہر road بند تھی اس لیے میں دیر سے پہنچی، میں D-Chowk سے پیدل آئی ہوں، کسی گاڑی کو اندر نہیں آنے دیا جا رہا، police نے مجھے کہا کہ Madam آپ Parliament House نہ جائیں آپ گرفتار ہو جائیں گی۔ میں نے کہا کہ اچھا میں گرفتاری کے ڈر سے Parliament House نہ جاؤں؟ تو آپ مجھے یہاں گرفتار کر لیں۔ پورے Parliament House کو FC اور police نے cordon off کیا ہوا ہے۔ میں چاہتی ہوں حکومت اس پر بھی action لے اور ایک آخری بات کروں گی کہ یہ جو ہو رہا ہے، ہم نے پہلے بھی تاریخ دیکھی ہے ہم آج بھی تاریخ دیکھ رہے ہیں۔ اس Leader کا قصور یہ ہے کہ اس نے جھکنے سے انکار کر دیا ہے اور جو report آئی ہے اس کے آخری دو جملے تاریخ میں لکھے جائیں گے کہ انہوں نے کہا مجھے پتا ہے میں اڈیالہ جیل میں کیوں ہوں، میری کوئی لامحدود خواہشات نہیں ہیں، بس زندہ رہنے کے لیے مجھے basic necessities چاہئیں ، بہت شکریہ چیئرمین صاحب، پاکستان زندہ باد، عمران خان پائندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب ، سب سے پہلے میں ہمارے JUI-F کے ممبرز سینیٹر عبدالواسع صاحب اور سینیٹر شکور خان صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جس طریقے سے انہوں نے خان صاحب کی صحت کے حوالے سے ہماری طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے آواز اٹھائی تو میں ان کا بڑا مشکور ہوں اور ایک مرتبہ پھر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج House میں اور اس سے پہلے پچھلے دو تین دن سے یہ issue چل رہا ہے عمران خان کی صحت کے حوالے سے اور پورا ملک دیکھ رہا ہے کہ Supreme Court نے کیا فیصلہ دیا، اس سے پہلے کیا ہوا، یہ باتیں بار بار repeat ہو رہی ہیں، میں اس کی detail میں نہیں جا رہا۔ میں صرف ایک بات کروں گا کیا جو بھی معاملہ ہوا، جس کی بھی غلطی تھی، عمران خان صاحب کی آنکھ کو تکلیف پہنچی، ان کی آنکھ خراب ہوئی کیا یہ ایک حقیقت ہے؟ کیا اس حقیقت سے کوئی انکار کر سکتا ہے؟ یہ ان کے ساتھ ہوا ، اب

کس کی غفلت تھی؟ سوال یہ ہے اور جب وہ سوال ہم پوچھتے ہیں تو ہمیں یہ explanation دی جاتی ہے کہ نہیں جی، انہوں نے چار مہینے پہلے یہ بات نہیں کی تھی، یہ تو صرف دو مہینے پرانی بات ہے یا پھر ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ جی آپ کے time پر بھی یہی ساری چیزیں ہوتی تھیں لیکن اس بات کا ہمیں جواب نہیں ملتا کہ کیوں ان کے ساتھ یہ ظلم ہوا اور ابھی بھی ان کی آنکھ کا مسئلہ ہے، ان کی صحت کا مسئلہ ہے، ہمارے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے، PTIاور خان صاحب کی family کے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ وہSupreme Court گئے، supreme courtنے جو اس پر step لیا تو اس کے بعد ہمیں پتا چلا کہ خان صاحب کے لیے انہوں نے خود تسلیم کیا کہ بالکل ان کو تکلیف ہوئی اور ان کو ان کے private doctors کی ضرورت ہے۔۔۔

(جاری ہے۔۔۔۔T21)

T21-13Feb2026 Naeem Bhatti/ED; Iram Shafique 3:20 pm

سینیٹر ذیشان خانزادہ: (جاری۔۔۔) ان کو ان کے private doctors کی ضرورت ہے۔ جناب والا! میں پوچھنا چاہتا ہوں، ہمارے کتنے Senators ہیں جو کہ PIMS سے اپنا علاج کرواتے ہیں؟ میں یہ نہیں کہتا کہ PIMS کے علاج میں کچھ غلط ہے یا وہ کوئی اچھا ہسپتال نہیں ہے لیکن ہر سینیٹر کا، ہمارے جتنے بھی لوگ ہیں ہر کسی کا کوئی اپناdoctorہوتا ہے جس کوhistoryکا پتا ہوتا ہے، اس کو پتا ہوتا ہے کہ ہم نے ان کا کیسے علاج کرنا ہے۔ اگر آپ کو اپنےprivate doctors کی اجازت نہ ہو تو کیسے ان کا علاج صحیح ہوگا، سب سے پہلا سوال تو یہ بنتا ہے۔ چلیں وہ جو بھی ہوا۔ اب انہوں نے اجازت دی ہے کہ private doctors جا کر ان کا معائنہ کریں، وہ دیکھیں اور ان کا علاج کروائیں۔

جناب والا! اس بات کو دو تین دن ہوگئے ہیں اب اگر ہماری پارٹی یہ اعلان کرتی ہے کہ ہمارے پاس کوئی اور راستہ نہیں ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے پر بھی عمل نہیں ہو رہا تو ہم کدھر جائیں؟ ہم یہی کر سکتے ہیں کہ ہم احتجاج کریں، آج ہم نے باہر دھرنا دینا ہے، اس دھرنے کے اعلان کی وجہ سے Parliament Lodgesکے gate کو بند کر دیا گیا ہے جو MNAs ادھر ہیں ان کو باہر نہیں جانے دے رہے۔ ادھر Parliament Houseکے gate کو بند کر دیا ہے، seal کر دیا ہے۔ ہم ایک پرامن احتجاج کرنا چاہتے ہیں کیونکہ اس کے علاوہ ہمارے

پاس اور کوئی راستہ نہیں بچا وہ بھی ہمیں نہیں کرنے دے رہے۔ ہم اور کچھ نہیں چاہتے ہیں، ہم خان صاحب کی صحت کے حوالے سے کوئی سیاست نہیں کرنا چاہتے ہیں، ان کا بس علاج کر دیا جائے، ہماری صرف یہ ایک demand ہے ہم کدھر جائیں، کس کو کہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: میں بس آخری بات یہی کہوں گا کہ ہمیں بہت کہا جاتا ہے کہ آپ نے سیاست کر لی، ہم سیاست نہیں کرنا چاہتے ہمیں بتا دیا جائے کہ آج ہماری ادھر جتنی بھی بات ہوئی ہے، کیا یہ فیصلہ کر سکتے ہیں، کیا آپ یہ direction دے سکتے ہیں، کیا آپ حکومت کو کہہ سکتے ہیں کہ سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے کہ خان صاحب کو اپنے doctors جا کر اور بار بار ہمارے تمام members نے کہا ہے کہ کیا وہ آج ہو سکتا ہے؟ اسی گھنٹے میں وہ لوگ جائیں، ہم اپنا دھرنا ختم کر دیں گے۔ ہماری تو یہ ایک ہی demand ہے کیا یہ وہ پوری کر سکتے ہیں؟ یہ بس ہمیں بتا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ ذیشان خانزادہ صاحب۔ سینیٹر گردیپ سنگھ صاحب۔

**<u>Senator Gurdeep Singh</u>**

سینیٹر گردیپ سنگھ: واہے گرو جی کا خالسہ۔ واہے گرو جی کی فتح۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ آج ہم جو اس House میں discuss کر رہے ہیں، یہ ایک بہت بڑا issue ہے کہ ہمارے leader عمران خان صاحب کی صحت کی بات ہو رہی ہے۔ Government کو وہ step لینا چاہیے، جو انہوں نے اپنی speech میں کہا ہے کہ ہم یہ provide کر سکتے ہیں، ان کے لیے یہ سہولت لا سکتے ہیں، ہم تو ان سے یہی request کر رہے ہیں کہ عمران خان صاحب کی اس وقت صحت کا معاملہ ہے، ان کی آنکھ کا معاملہ ہے، ان کو وہ سہولت ملنی چاہیے کیونکہ وہ اس ملک کے وزیر اعظم رہ چکے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم کوئی انتشار کرتے ہیں، ہم کوئی بہت بڑا کارنامہ اس ملک میں کریں گے، ہم تو اپنے leader کی بات کر رہے ہیں کہ اس وقت ان کی صحت کا معاملہ ہے۔ ہمیں اس پر بہت تشویش ہے کہ ان کے ساتھ جو اس وقت ہو رہا ہے وہ سراسر ناانصافی ہے۔ اس طرح اگر ہمارے ملک میں ظلم ہوتا ہے تو ہم اوروں کو کیا سبق سکھائیں گے۔ ہم دنیا کو کیا منہ دکھائیں گہ ہمارا ملک اتنا ظلم کر رہا ہے کہ ایک سابق وزیر اعظم کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کر رہا ہے۔ ان کو وہ سہولت نہیں دی جا رہی ہے جو ان کو ملنی چاہیے، وہ کوئی عام آدمی تو نہیں ہیں، وزیر اعظم رہ چکے ہیں۔ اگر اس طرح ملک کو آگے لے کر جائیں گے تو میرے خیال میں یہ ملک ترقی نہیں کرے گا اور نہ یہ ملک آگے چل سکے

گا۔ حکومت کو چاہیے اس وقت ہماری حوصلہ افزائی کرے، ہم اس ملک کے نمائندے ہیں اور ہمیں ایک mandate ملا ہے، ہماری ایک بہت بڑی پارٹی ہے اس پارٹی کا leader عمران خان، اس کے لیے اگر ہم آواز نہ اٹھائیں، تو باقی عوام کے لیے ہم کیا کر سکیں گے، کچھ بھی نہیں کر سکیں گے تو میری request ہو گی۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر گردیپ سنگھ: جناب والا! میں ایک منٹ اور لے رہا ہوں، میرا تو ایک منٹ بھی نہیں ہوا ہے، مجھے بھی سن لیں House سے ویسے بھی سارے چلے گئے ہیں۔ میں یہ suggestion دینا چاہتا ہوں کہ ہم اگر India کو دہشت گرد قرار دے سکتے ہیں، اس کو دہشت گرد مانتے ہیں کیونکہ ہمارے ملک میں جو اس وقت حالات چل رہے ہیں، وہ تو کسی سے چھپے ہوئے نہیں ہیں، اس کے پیچھے کون ہے؟ مودی کی سوچ ہے۔ اگر ہم اپنے ملک میں یہی سوچ رکھیں اور اس طرح کارنامے کریں کہ دنیا کو یہ دکھائیں کہ ہمارے ملک میں کیا چل رہا ہے۔ میرے مطابق اس سے ملک کی معیشت اچھی نہیں ہو گی۔ آپ دنیا کو کیسے مطمئن کرکے یہاں لائیں گے؟ کیونکہ investment تو ادھر ہو نہیں سکتی ہے، وہ دیکھیں گے کہ ایک وزیراعظم کے ساتھ ادھر یہ ہو رہا ہے۔ میں نے اپنے کانوں سے سنا ہمارے Canadian سکھ بھائی ادھر آتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ واہ آپ کا تو بہت زبردست ملک ہے ایک وزیراعظم کو جیل میں ڈال دیتے ہیں، ایک وزیراعظم کو پھانسی دلوا دیتے ہیں، یہ کون سا طریقہ ہے، کون سا انصاف ہے؟ ہم نے دنیا میں یہ نہیں سنا ہے، نہ ہم نے دیکھا ہے، یہ ہم کیا سن رہے ہیں، کیا ہو رہا ہے؟ خدارا! اس ملک پر رحم کریں، leadership پر رحم کریں، ان سیاستدانوں پر رحم کریں۔

جناب والا! میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میرا اپنا بچہ Metro station کے ساتھ پھنسا ہوا ہے، حکومت نے اتنے برے حالات بنا دیے ہیں کہ وہ بے چارہ Parliament Lodges نہیں آ سکتا، اس کو وہاں روکا ہوا ہے، میں نے SP صاحب سے بات کی، کوئی شنوائی نہیں ہے۔ میری حکمرانوں سے یہ request ہے کہ خدارا! ایسے حالات نہ بنائیں، protest ایک سیاسی پارٹی کا آئینی، قانون حق ہے، اگر ہم اپنی اسمبلی کے سامنے protest نہیں کر سکتے ہیں تو یہ ناانصافی ہے، ہم اپنی آواز ان ایوانوں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ جناب! آپ اس چیز کا notice لیں۔ ہمارے ساتھ بہت ظلم ہو چکا ہے، اس پارٹی کے ساتھ بہت ناانصافی ہو رہی ہے، ہم ان سے appeal کرتے ہیں کہ ایسا اقدام نہ کریں کہ کل آپ بھی اس کا سامنا نہ کر سکیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر علی ظفر صاحب۔

**Senator Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! جناب والا! یہ ایک بہت سنگین معاملہ ہے جس پر میرے سینیٹر حضرات صبح سے debate بھی کر رہے ہیں، گفتگو بھی کر رہے ہیں، اپنا اظہار رائے بھی کر رہے ہیں۔ اگر آپ دیکھیں تو باہر بھی پوری قوم ایک کشمکش میں ہے، پریشان ہے اور وہ معاملہ ہے عمران خان صاحب کی صحت کا۔ جناب والا! میں ایک وکیل کی حیثیت سے پہلے بتانا چاہوں گا کہ خان صاحب کے خلاف بہت سارے جھوٹے مقدمے ایک ہتھیار کے طور پر ضرور بنائے گئے ہیں، وہ ہم برداشت کرتے ہیں، ہم اس کو قانونی جنگ سمجھتے ہیں، ہم سیاسی جنگ سمجھتے ہیں اور ہم بھرپور طریقے سے اس کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ لیکن اب جو ہو رہا ہے، خان صاحب کی آنکھ کے ساتھ، ان کی زندگی کے ساتھ جس طرح کا ہولناک کھیل کھیلا جارہا ہے، میں ایک چیز کہنے پر مجبور ہو گیا ہوں اور میں on the record کہنا چاہتا ہوں، normally میں ایسی بات نہیں کرتا اور وہ بات یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت جان بوجھ کر ایک انسان پر جرم کر رہی ہے اور یہ جو میں کہہ رہا ہوں بہت سوچ سمجھ کر کہہ رہا ہوں کیونکہ میں نے وہ report پڑھی ہے جو Supreme Court of Pakistan میں دی گئی ہے اور جس پر Supreme Court of Pakistan نے حکم فرمایا ہے کہ experts eye specialists جا کر معائنہ کریں۔ اس report میں لکھا ہے کہ تین مہینے پہلے اس آنکھ کی تکلیف شروع ہوئی تو خان صاحب نے Jail authorities کو باقاعدہ طور پر request کی کہ میری آنکھ کا معائنہ کروایا جائے۔ مجھے پتا ہے کہ ان کی جتنی importance ہے، جس قسم کے عمران خان صاحب قیدی ہیں، اگر ان کے ساتھ اس طرح کا کوئی مسئلہ ہو تو یہ reports حکومت کے highest level تک جاتی ہیں۔ یہ معاملہ یقینی طور پر Jail authorities سے اوپر تک گیا ہو گا لیکن لگتا یہ ہے کہ جان بوجھ کر ان کا علاج نہیں کروایا گیا، کوشش کی گئی کہ انہیں اور problem ہو۔

(جاری۔۔۔۔۔۔T/22)

T22–13Feb2026 Imran/ED: Waqas 03:30 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔۔) یہ معاملہ jail authority سے اوپر تک گیا ہو گا لیکن لگتا ایسا ہے کہ جان بوجھ کے اُن کا علاج نہیں کرایا گیا اور کوشش کی گئی کہ اُن کو اور problem ہو اور آنکھ میں اور خرابی ہو۔ میں ایک ہفتے کی delay کو سمجھ سکتا ہوں، آٹھ دن کی

delay کو سمجھ سکتا ہوں لیکن رپورٹ میں پھر درج کیا ہوا ہے کہ خان صاحب نے بار بار jail authorities کو request کی کہ جناب، مجھے آنکھ میں issue بنا ہوا ہے، اس کا علاج کروائیں۔

کورٹ کے مطابق مہینے تک کسی ڈاکٹر نے اُن کو visit نہیں کیا اور جب visit کیا تو ڈاکٹر نے کیا کہا؟ اُنہوں نے کہا کہ جناب، یہ عام eye drops جو کہ ہم ایک chemist سے خرید لیتے ہیں، آپ وہ عام eye drops ڈال لیں تو آپ ٹھیک ہو جائیں گے۔ خان صاحب وہ eye drops ڈالتے رہے لیکن اُن کی آنکھ کی تکلیف بڑھتی گئی یہاں تک کہ اُن کو blur نظر آنا شروع ہو گیا۔ جب اُنہیں دھندلا نظر آنا شروع ہو گیا تو انہوں نے پھر jail authorities کو complaint کی، یہ سب کچھ رپورٹ میں درج ہے، لیکن jail authorities نے پھر بھی کچھ نہیں کیا۔ یقینی طور پر jail authorities نے information اوپر تک pass کی ہو گی۔ اب جناب جب وہ زیادہ سنگین ہو تا گیا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: یہ جو رپورٹ سپریم کورٹ میں دائر کی گئی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: جی! یہ amicus curiae's report ہے یعنی کہ Friend of Court سلمان صفدر صاحب کی رپورٹ ہے۔ اب جناب اُس رپورٹ میں کیا کہا گیا ہے کہ پھر ایک دن ایسا آیا کہ اُن کی ایک آنکھ کی total blindness ہو گئی یعنی اُن کو ایک آنکھ سے بالکل نظر آنا بند ہو گیا اور اُن کی نظر ایک آنکھ سے ختم ہو گئی۔ جب یہ معاملہ ہوا پھر اُنہوں نے complaint کی جس پر وہی ڈاکٹر آیا لیکن وہ نہ تو کوئی equipment لے کر آیا اور نہ ہی کوئی آنکھ کے expert doctors اُس کے ساتھ تھے اور اُنہیں دوبارہ آنکھ کی دوائی دے دی۔ جناب، انہیں اس تکلیف میں دو تین مہینے گزر گئے تو اس کے بعد اُنہیں PIMS لے کر گئے اور جب PIMS لے کر گئے تو۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی mic کھولیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! میں نے جب بات کی تھی تو اُس وقت علی ظفر صاحب موجود نہیں تھے اور اُنہوں نے اپنی بات کو اُسی چیز پر focus کیا ہے۔ تو میں یہ چاہتا ہوں کہ پھر میں بعد میں بات کروں اور پھر وہ بعد میں جواب دیں تو وہ ابھی اپنے بیان میں اس کو explain کر دیں کہ اگر عمران خان صاحب کو تین یا چار مہینے پہلے آنکھ کی یہ تکلیف تھی تو پھر دو دسمبر کو جب عظمیٰ خان صاحبہ کی ملاقات ہوئی تو ان کے ساتھ اُنہوں نے پورے جہان کی باتیں کیں اور لوگوں کو messages بھی بھیجے کہ فلاں کو یہ کہنا ہے، فلاں یہ کرے، فلاں وہ کرے۔ انہوں نے media پر آ کے سارا بیان دیا اور وہ tweet بھی چلا۔ واقعی آنکھ اور بینائی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے اور اس کے بغیر تو زندگی نہیں ہے۔ اُنہیں اگر یہ آنکھ کی تکلیف تھی تو اُس دن اُنہوں نے عظمیٰ خان صاحبہ کو یہ بات کیوں نہیں بتائی؟ اُس کے بعد نو دسمبر کو اُن کا میڈیکل بورڈ ہوا۔ دو associate professors اور تین doctors نے اُن کا معائنہ کیا۔ محترم علی ظفر صاحب یہ بتا دیں کہ اُس میڈیکل بورڈ کو انہوں نے کیوں نہیں کہا کہ مجھے یہ تکلیف ہے؟ چلیں اُس سے آگے آ جائیں۔ بیس دسمبر کو جس دن توشہ خانہ کیس نمبر دو کا فیصلہ ہوا تو اُس دن یہی سلمان صفدر صاحب دو گھنٹے عمران خان صاحب کے ساتھ رہے ہیں۔ اُس دن انہوں نے کیوں اُنہیں نہیں بتایا کہ مجھے یہ تکلیف ہے؟ انہوں نے یہ complaint جنوری کے پہلے ہفتے میں کی ہے اور within ten days ان کا پورا treatment ہو گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ منسٹر صاحب، آپ اس پر پہلے بات کر چکے ہیں تو سینیٹر صاحب، چونکہ اس پر منسٹر صاحب تفصیل سے بات کر چکے ہیں تو اگر آپ کو اس کے علاوہ کوئی بات کرنی ہے تو کر لیں۔ آپ کے تقریباً سب دوستوں نے بات کی ہے۔ جی۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: افنان صاحب! انہیں بات کرنے دیں۔ جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جب سے یہ شروع ہوا ہے، تین مہینے گزر گئے ہیں اور اُس کے بعد جب اُنہیں PIMS لایا گیا تو اُن کو ایک injection لگا دیا گیا اور ایک رپورٹ بنا دی گئی۔ پہلے اُنہیں چھپا کر لے گئے اور کسی کو پتا نہیں چلا لیکن جب media میں یہ بات leak ہوئی تو حکومت کے ایک representative نے آ کے فیصلہ سنا دیا کہ جناب، ہم اُنہیں ایک چھوٹے سے procedure کے لیے لے کر

گئے تھے۔ جب اُس کی رپورٹ آئی تو میں نے آنکھوں کے چار expert doctors سے consult کیا اور اُن سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ بہت serious بھی ہو سکتا ہے لیکن حکومت نے کہا نہیں، سب کچھ ہمارے بالکل کنٹرول میں ہے .and everything is OK جب یہ معاملہ سپریم کورٹ آف پاکستان میں اُٹھا تو اُنھوں نے سلمان صفدر کو بھیجا۔ جب وہاں سے یہ information ہم تک پہنچی تب سپریم کورٹ کے تین میں سے دو جج صاحبان کو بھی یہ احساس ہوا کہ یہ تو واقعی ایک بنیادی حقوق اور انسانی حقوق کا معاملہ ہے اور جیسا کہ میں نے بھی کہا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ حکومت نے کہیں کوئی جرم نہ کیا ہو۔

اب میں سمجھتا ہوں کہ حکومت پر ایک ذمہ داری آئی کہ آپ آج ہی یا کل ہی یا جس دن سپریم کورٹ کا order آیا تھا، اُسی دن experts کو لے کر جاتے بلکہ حکومت کو از خود کہنا چاہیے تھا کہ خان صاحب کے اپنے doctors بھی جائیں لیکن حکومت ڈری ہوئی ہے کیونکہ ایک جرم ہو چکا ہے۔ اب آپ کے سامنے میں تین articles کا ذکر کرتا ہوں۔ Article-9, Right to Life کہتا ہے کہ ہر انسان کی زندگی کی حفاظت کرنا، یہ ایک Fundamental Right ہے۔ Article-14, Dignity and Article-25, No Discrimination, یہ ہر انسان اور especially جب ایک انسان جیل میں ہو تو اُس کی ہر چیز کی جو ذمہ داری ہوتی ہے، وہ حکومت پر ہوتی ہے کیونکہ وہ حکومت کی custody میں ہوتا ہے اور اگر اُس میں criminal negligence ہو اور اُس میں جرم ہو، اگر آپ، اپنی negligence, اپنی غلطی کی وجہ سے یا جان بوجھ کر اُس کی آنکھوں کو اس طرح کا نقصان پہنچائیں تو یہ penal code کا ایک offence ہے۔ اس میں نہ صرف jail authorities بلکہ جس جس کو اوپر تک یہ information پہنچی ہے، وہ سب ملوث ہیں۔

جناب، ہم پہلا مطالبہ یہ کرتے ہیں کہ وزیر اعظم عمران خان کو فی الفور ایک ایسے ہسپتال میں منتقل کیا جائے جس میں اس قسم کے معاملے کو دیکھنے، سمجھنے، investigate کرنے اور اس کا علاج کرنے کی ساری medial facilities موجود ہوں۔ ہمارا دوسرا مطالبہ یہ ہے کہ اُن کی private medical team کو اُن تک access دی جائے تاکہ وہ عمران خان صاحب تک جائیں اور اس کے بعد بھی اُس team کو regular access دیا جائے کہ جب تک یہ علاج مکمل نہیں ہو جاتا، تب تک وہ جا سکیں۔ تیسرا مطالبہ یہ ہے اور یہ اُن کے Human Rights کا بھی ایک تقاضا ہے کہ اُن کی فیملی کو بھی اُن تک immediately access دی جائے کیونکہ اس علاج کے معاملے میں فیملی کا بھی اتنا ہی concern ہے جتنا کہ خان صاحب کا اپنا ہے۔

اس کے علاوہ میں آخری بات یہ کہوں گا کہ جو ہماری فی الفور FIR کرنے کی demand ہے، ہمیں اس FIR کو کرنے کی facility دی جائے۔ اگر یہ نہیں دی گئی تو پھر ہم اس کے لیے سینیٹ سے رجوع کریں گے اور آپ سے request کریں گے کہ ہمیں اس معاملے میں FIR درج کروانے کی اجازت دیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ علی ظفر صاحب۔ میں دوستوں کا میں بہت ممنون ہوں کہ سب دوستوں نے بڑے صبر و تحمل کے ساتھ اس کو کیا۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایک announcement ہے، وہ سن لیں۔

The notices of the questions which were received for the current session but could not be taken up in the House will not lapse on prorogation of this session and will be carried forward for the next session.

I will now read out the prorogation order received from the President. "In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on Friday, the 13th February, 2026."

Sd/-
President

-----------------
*(The House was then prorogued sine die)*
------------------